# مطالعہ پاکستان جماعت دہم نوٹس

## مختصر سوالات (مشقی اور اضافی)

### سبق نمبر 1-پاکستان کی نظریاتی اساس

| | |
|---|---|
| 1 | قائداعظم نے یکم جولائی 1948 کو اسٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا تھا؟ |
| ج | قائداعظم نے فرمایا "مغرب کا معاشی نظام انسانیت کے لیے مسائل پیدا کر رہا ہے۔ اور وہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے صحیح تصور مساوات پر مبنی ہو"۔ |
| 2 | نظریہ پاکستان کے ماخذ کے نام تحریر کریں؟ |
| ج | (1) مشترکہ مذہب۔ (2) مشترکہ سیاسی مقاصد۔ (3) مشترکہ تعلیمی مقاصد۔ (4) مشترکہ معاشی مقاصد۔ (5) مشترکہ ثقافتی مقاصد۔ |
| 3 | دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | دو قومی نظریہ سے مراد یہ ہے کہ برصغیر میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد ہیں۔ صدیوں اکٹھا رہنے کے باوجود یہ قومیں اپنی تہذیب و ثقافت اور نظریات میں ایک دوسرے سے الگ ہیں۔ |
| 4 | برصغیر میں دو قومی نظریہ کی ابتداء کب ہوئی؟ |
| ج | برصغیر میں دو قومی نظریہ کی ابتدا مسلمانوں کی آمد اور 712 میں محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے ہوئی۔ |
| 5 | نظریہ پاکستان سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | نظریہ پاکستان سے مراد ایک الگ خطہ زمین کا حصول ہے جس میں برصغیر کے مسلمان قرآن وسنت اور اسلامی اقدار کی روشنی میں اپنی زندگیاں گزار سکیں۔ |
| 6 | عقیدہ رسالت کا کیا مطلب ہے؟ |
| ج | عقیدہ رسالت کا مطلب ہے تمام رسولوں پر ایمان لانا، ان کو دل و جان سے تسلیم کرنا اور حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول ماننا۔ |
| 7 | نظریہ پاکستان کے عناصر میں عقائد سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | عقائد سے مراد توحید، رسالت، آخرت، ملائکہ اور الہامی کتابوں پر ایمان لانا ہے۔ ان عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔ |
| 8 | ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کب بنی اور اسکا بنیادی مقصد کیا تھا؟ |
| ج | انگریزوں نے ایسٹ انڈیا کمپنی 1600 میں قائم کی۔ اس کا بنیادی مقصد ہندوستان میں ایسی معاشی پالیسیاں بنانا تھا جس کا زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ خود انگریزوں کو ہو۔ |
| 9 | "اب یا پھر کبھی نہیں" (Now or Never) کے عنوان سے کتابچہ کب اور کس نے جاری کیا؟ |
| ج | "اب یا پھر کبھی نہیں" کے عنوان سے کتابچہ چوہدری رحمت علی نے 1933 میں جاری کیا جس میں انہوں نے مسلمانوں کی علیحدہ ریاست کا نام پاکستان تجویز کیا۔ |
| 10 | قائداعظم نے اقلیتوں کے حقوق کے بارے میں کیا فرمایا؟ |
| ج | آپ نے فرمایا تھا کہ پاکستان ایک مذہبی نہیں بلکہ اسلامی فلاحی ریاست ہوگی۔ یہاں غیر مسلموں کو مسلمانوں کے برابر درجہ ملے گا۔ اور انھیں برابر حقوق حاصل ہوں گے۔ |

### اضافی سوالات



CamScanner

| | |
|---|---|
| 11 | لفظی معنی کے لحاظ سے نظریے سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | لفظی معنی کے لحاظ سے نظریہ سے مراد سوچ یا مقصد ہے۔ |
| 12 | نظریہ سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | کسی بھی مقصد کے حصول کے لیے بنایا گیا فکری خاکہ نظریہ کہلاتا ہے۔ |
| 13 | دو ہندو تحریکوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) آریا سماج۔ (2) برہمو سماج۔ |
| 14 | آج کی نوجوان نسل کو نظریہ پاکستان سے آگاہی رکھنے کی ضرورت کیوں ہے؟ |
| ج | جذباتی رشتے اور محبت کو قائم رکھنے، تحریک پاکستان سے آگاہی اور لسانی اور علاقائی تفرقوں کے خاتمے کے لیے نوجوان نسل کو نظریہ پاکستان سے آگاہی ضروری ہے |
| 15 | نظریہ پاکستان کے عناصر کون کون سے ہیں؟ |
| ج | نظریہ پاکستان کے پانچ عناصر ہیں۔(1) عقائد۔(2) عبادات۔(3) قانون کی حکمرانی۔(4) اخوت و مساوات۔(5) عدل و انصاف۔ |
| 16 | اردو اور ہندی کون سے رسم الخط میں لکھی جاتی ہے؟ |
| ج | اردو عربی رسم الخط میں لکھی جاتی ہے جبکہ ہندی دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔ |
| 17 | ارکان اسلام کون کون سے ہیں؟ نام لکھیں۔ |
| ج | (1) توحید و رسالت۔ (2) نماز۔ (3) زکوۃ۔ (4) روزہ۔ (5) حج۔ |
| 18 | توحید سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | توحید سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالی ساری کائنات کا خالق و مالک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور نہ ہی کوئی چیز اس کے علم سے باہر ہے۔ |
| 19 | نماز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | نماز اسلام کا دوسرا رکن ہے۔اس کو مقررہ اوقات میں ادا کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ دراصل اقامت نماز، اقامت دین ہے۔اسی لیے نماز کو دین کا ستون قرار دیا گیا ہے۔ |
| 20 | "ان الصلوۃ کانت علی المومنین کتابا موقوتا" کا ترجمہ کریں۔ |
| ج | ترجمہ "بے شک مومنوں پر نماز کا مقررہ اوقات میں ادا کرنا فرض ہے"۔ |
| 21 | نماز کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔ |
| ج | ترجمہ "بے شک مومنوں پر نماز کا مقررہ اوقات میں ادا کرنا فرض ہے"۔ |
| 22 | اخوت کے متعلق ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔ |
| ج | حضرت محمدؐ نے ارشاد فرمایا کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔وہ اس کے ساتھ خیانت نہ کرے اور نہ اس سے جھوٹ بولے۔ |
| 23 | روزہ کیسی عبادت ہے؟ روزہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | روزہ ایک بدنی عبادت ہے۔ تمام دوسری عبادات کی طرح روزہ بھی بندے اور اللہ تعالی کے درمیان قربت کا ایک ذریعہ ہے۔ |
| 24 | حج کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | حج اسلام کا پانچواں رکن ہے۔ یہ ہر صاحب استطاعت پر فرض ہے۔ حج کے موقع پر اللھم لبیک کی پکار مسلمانوں کے اتحاد اور بھائی چارہ کی ایک اعلیٰ مثال ہے۔ |
| 25 | **ان اللہ علیٰ کل شی قدیر کا ترجمہ کریں۔** |
| ج | ترجمہ: "بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے"۔ |
| 26 | **انی جاعل فی الارض خلیفہ "کا ترجمہ کریں۔** |
| ج | ترجمہ: "میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں"۔ |
| 27 | **اسلامی اقدار سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | عقائد و عبادات، عدل و انصاف، مساوات، رواداری، اخوت و بھائی چارہ اور شہریوں کے حقوق و فرائض بنیادی اسلامی اقدار ہیں۔ |
| 28 | **چند اسلامی اقدار کی نام لکھیں۔** |
| ج | (1) انصاف۔ (2) مساوات۔ (3) آزادی۔ (4) رواداری۔ (5) بھائی چارا۔ |
| 29 | **عدل و انصاف کے متعلق حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا؟** |
| ج | حضورؐ کا فرمان ہے کہ جو قوم عدل و انصاف کو ترک کر دیتی ہے تباہی اور بربادی اس کا مقدر بن جاتا ہے۔ |
| 30 | **چودھری رحمت علی کی کوئی سی دو خدمات تحریر کریں۔** |
| ج | (1) 1933 میں لندن میں پاکستان نیشنل مومنٹ کی بنیاد رکھی۔ (2) 1933 میں اپنے مشہور کتابچہ "اب یا پھر کبھی نہیں" میں نئی ریاست کا نام پاکستان تجویز کیا۔ |
| 31 | **انگریزوں نے برصغیر پر قبضہ کرنے کے بعد کس طرح کا نظام تعلیم متعارف کروایا؟** |
| ج | انگریزوں نے برصغیر پر قبضہ کرنے کے بعد جس نظام تعلیم کو متعارف کروایا اس میں انگریزی کو مرکزی حیثیت حاصل تھی۔ |
| 32 | **ایسٹ انڈیا کمپنی ہندوستان میں کس طرح کی معاشی پالیسیاں بناتی تھی؟** |
| ج | ایسٹ انڈیا کمپنی ہندوستان میں ایسی معاشی پالیسیاں بناتی تھی جس کا زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ خود انگریزوں کو ہوتا تھا۔ |
| 33 | **مساوات سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | معاشرے میں ذات پات، رنگ و نسل اور زبان و ثقافت کا فرق کیے بغیر تمام انسانوں کو برابری کا درجہ دینا مساوات کہلاتا ہے۔ |
| 34 | **اخوت ہمیں کس بات کا درس دیتی ہے؟** |
| ج | اخوت ہمیں اس بات کا درس دیتی ہے کہ ہم آپس میں برادرانہ تعلقات رکھیں۔ |
| 35 | **قائداعظم نے قومیت کے بارے میں کیا فرمایا؟** |
| ج | قائداعظم نے فرمایا کہ قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے مسلمان اس تعریف کی رو سے الگ قوم ہیں۔ وہ اس بات کا حق رکھتے ہیں کہ اپنی الگ مملکت قائم کریں۔ |
| 36 | **سرسید احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے اور کب وفات پائی؟** |
| ج | سرسید احمد خان 1817 میں دہلی میں پیدا ہوئے اور 1898 میں وفات پائی۔ |
| 37 | **سب سے پہلے دو قومی نظریہ کی اصطلاح کس نے استعمال کی اور کب کی؟** |
| ج | سرسید احمد خان نے 1867 میں بنارس میں اردو ہندی تنازع کے موقع پر دو قومی نظریہ کی اصطلاح استعمال کی۔ |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 38 | **سر سید احمد خان نے دو قومی نظریہ سے متعلق کیا فرمایا؟** |
| ج | 1867 میں بنارس میں اردو ہندی تنازع کے موقع پر آپ نے واضح اعلان کیا کہ مسلمان اور ہندو دو الگ قومیں ہیں۔ |
| 39 | **امریکہ میں مساوی حقوق کے نظریے کی جدوجہد کن لوگوں نے شروع کی؟** |
| ج | امریکہ میں مساوی حقوق کے نظریے کی جدوجہد سیاہ رنگت کے لوگوں نے شروع کی۔ ان کا یہ نظریہ مساوی حقوق کا حصول تھا۔ |
| 40 | **پنڈت دیانند سرسوتی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | پنڈت دیانند سرسوتی ہندو تحریک آریا سماج کا بانی تھا۔ اس نے شدھی کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا جس کا مقصد غیر ہندوؤں کو زبردستی ہندو یعنی شدھی بنانا تھا۔ |
| 41 | **راجہ رام موہن رائے کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | راجہ رام موہن رائے ایک ہندو تحریک برہمو سماج کا بانی تھا۔ یہ مسلم دشمنی میں مسلمانوں کے خلاف تقریریں کرتا تھا۔ |
| 42 | **شدھی پروگرام کس نے شروع کیا اور اس کا مقصد کیا تھا؟** |
| ج | آریا سماج کے بانی دیانند سرسوتی نے شدھی کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا۔ اس کا مقصد غیر ہندوؤں کو زبردستی ہندو یعنی شدھی بنانا تھا۔ |
| 43 | **سلطنت دہلی کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟** |
| ج | 1206ء میں قطب الدین ایبک نے سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی۔ |
| 44 | **محمد بن قاسم کے حسن سلوک نے مقامی لوگوں کو کس قدر متاثر کیا؟** |
| ج | محمد بن قاسم کے حسن سلوک نے مقامی لوگوں کو اس قدر متاثر کیا کہ وہ اسے اوتار اور دیوتا سمجھنے لگے۔ |
| 45 | **محمد بن قاسم کے ساتھ آنے والے عرب افراد تبلیغ اسلام کے حوالے سے کہاں آباد ہوئے؟** |
| ج | محمد بن قاسم کے ساتھ آنے والے عرب افراد تبلیغ اسلام کے حوالے سے سندھ اور ملتان میں آباد ہوئے۔ |
| 46 | **نظریہ کی اہمیت مختصر تحریر کریں۔ نظریہ کیوں ضروری ہوتا ہے؟ نظریہ کے کیا فوائد ہیں؟** |
| ج | نظریہ لوگوں کی سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ اقوام اسی وجہ سے زندہ نظر آتی ہیں۔ نظریہ قوم کو متحد رکھنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ نظریہ مقاصد کے حصول کے لیے ہر قسم کی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی طاقت دیتا ہے۔ نظریہ انقلاب کو جنم دیتا ہے۔ |
| 47 | **مساوات کے متعلق قرآن مجید میں کیا ارشاد ہوا ہے؟** |
| ج | اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور ہم نے تمہیں (مختلف) قومیں اور قبیلے بنایا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہو"۔ |
| 48 | **زکوٰۃ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ زکوٰۃ کی معاشی اہمیت کیا ہے؟** |
| ج | زکوٰۃ اسلام کا تیسرا رکن ہے۔ زکوٰۃ ایک مالی عبادت ہے اور اسلام کے معاشی نظام کی مضبوطی کا ذریعہ ہے۔ زکوٰۃ کی وجہ سے دولت چند ہاتھوں میں رہنے کی بجائے گردش میں رہتی ہے اور معاشرے کے غریب طبقے تک پہنچ جاتی ہے۔ |
| 49 | **کن مسلم رہنماؤں / مصلحین نے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کا مطالبہ کیا؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | 1867 میں سرسید احمد خان نے، 1879 میں مولانا جمال الدین افغانی نے، 1890 میں مولانا عبدالحلیم شرر نے، 1928 میں مرتضی احمد میکش نے اور 1930 میں علامہ محمد اقبال نے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کا مطالبہ کیا۔ |
| 50 | **ایسٹ انڈیا کمپنی کے مسلمانوں پر منفی اثرات تحریر کریں/ہندوستان میں مسلمانوں کی معاشی محرومیاں لکھیں۔** |
| ج | (1) مسلمانوں سے زمینیں چھین کر دیگر اقوام کو دے دی گئی۔(2) ہندوؤں کو معمولی عہدوں سے اعلیٰ عہدوں پر ترقی دے دی گئی۔(3) مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں سے نکال دیا گیا۔ |
| 51 | **برصغیر کی دو معروف ہندو تحریکوں کے نام لکھیں۔ یہ کس نے چلائیں اور ان کے مقاصد کیا تھے؟** |
| ج | ان تحریکوں کے نام آریا سماج اور برہمو سماج تھے۔ آریا سماج کا بانی دیانند سرسوتی تھا جبکہ برہمو سماج کا بانی راجہ رام موہن رائے تھا۔ ان تحریکوں کا مقصد ہندوازم کی اشاعت اور مسلمانوں کو نیچا دکھانا تھا۔ |
| | **سبق نمبر2۔ تحریک پاکستان اور پاکستان کا قیام** |
| 1 | **برصغیر جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی آمد کب اور کیسے ہوئی؟** |
| ج | برصغیر جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی آمد 712 میں محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے شروع ہوئی۔ |
| 2 | **میثاق لکھنو میں مسلمانوں کو کیا فوائد حاصل ہوئے؟** |
| ج | (1) پہلی بار مسلمانوں کو الگ قوم تسلیم کیا گیا۔(2) جداگانہ انتخابات کے مطالبے کو تسلیم کیا گیا۔(3) قائداعظم کو "ہندو مسلم اتحاد کا سفیر" قرار دیا گیا۔ |
| 3 | **تحریک علی گڑھ کے بنیادی مقاصد تحریر کریں۔** |
| ج | (1) حکومت اور مسلمانوں کے درمیان اعتماد بحال کرنا۔(2) مسلمانوں کو جدید علوم اور انگریزی زبان کی طرف راغب کرنا۔(3) مسلمانوں کو پہلے تعلیم اور پھر سیاست میں حصہ لینے کا مشورہ دینا۔ |
| 4 | **تحریک ہجرت کا کیا نتیجہ نکلا؟** |
| ج | تحریک ہجرت میں ہزاروں مسلمانوں نے اپنی جائیدادیں بیچ کر افغانستان کی طرف ہجرت کی لیکن افغانستان نے انھیں ملک میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی۔ جب مسلمان واپس لوٹے تو بربادی کے سوا ان کے لیے کچھ نہیں بچا تھا۔ |
| 5 | **مسلم لیگ کے قیام کے پس منظر میں کیا محرکات شامل تھے؟** |
| ج | (1) تقسیم بنگال کا ردعمل۔(2) انگریزوں کا مسلمانوں کے ساتھ رویہ۔(3) مسلمانوں کا احساس محرومی۔(4) مسلمانوں کو سیاسی طور پر نظر انداز کرنا۔ |
| 6 | **قرارداد لاہور کب اور کس نے پیش کی؟** |
| ج | قرارداد لاہور 23 مارچ 1940 کو شیر بنگال مولوی اے۔ کے فضل الحق نے پیش کی۔ |
| 7 | **تحریک ہجرت کا سبب کیا تھا؟** |
| ج | 1920 میں چند علماء نے فتویٰ جاری کیا کہ برصغیر دارالحرب ہے۔ مسلمانوں کا یہاں انگریزوں کے ماتحت رہنا جائز نہیں۔ لہٰذا وہ دارالاسلام میں ہجرت کر جائیں۔ |
| 8 | **لیاقت علی خان کو کب اور کہاں شہید کیا گیا؟** |
| ج | 16 اکتوبر 1951 کو راولپنڈی کے کمپنی باغ (موجودہ لیاقت باغ) میں آپ کو گولی مار کر شہید کیا گیا۔ |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 9 | **ریڈکلف ایوارڈ کا اہم ترین فیصلہ کیا تھا؟** |
| ج | ریڈکلف نے بدنیتی سے مشرقی پنجاب کے مسلم اکثریتی علاقے بھارت میں شامل کر کے ایک طرف پاکستان کو ستلج، بیاس، اور راوی کے پانی سے محروم کر دیا جبکہ دوسری جانب بھارت کی سرحد کو کشمیر کے ساتھ ملا دیا۔ اس طرح بھارت نے گورداسپور کے راستے کشمیر پر قبضہ کر لیا۔ |
| 10 | **1956 کا آئین کب اور کس نے منسوخ کیا؟** |
| ج | جنرل ایوب خان نے اکتوبر 1958 میں 1956 کا آئین منسوخ کر دیا اور تمام حکومتی اختیارات سنبھال لیے۔ |
| 11 | **قیام پاکستان کے بعد مسلمانوں کو جو کی مشکلات پیش آئیں، ان میں سے صرف تین کے نام تحریر کریں۔** |
| ج | (1) انتظامی مشکلات۔ (2) معاشی مشکلات۔ (3) فوجی اثاثوں کی تقسیم کا مسئلہ۔ |
| 12 | **قرارداد مقاصد کے حوالے سے حاکیت اعلیٰ کس کے پاس ہے؟** |
| ج | قرارداد مقاصد کے مطابق حاکیت اعلیٰ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ |
| 13 | **1956 کے آئین کی تین خصوصیات بیان کریں۔** |
| ج | (1) پاکستان کو اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا۔ (2) ملک میں وفاقی پارلیمانی نظام حکومت قائم کیا گیا۔ (3) اردو اور بنگالی دونوں زبانوں کو قومی زبان کا درجہ دیا گیا۔ |
| 14 | **پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بینک کے قیام کا مقصد کیا ہے؟** |
| ج | اسکا مقصد صنعتوں کی ترقی کے لیے طویل اور قلیل مدت کے لیے قرضے دینا تھا۔ |
| 15 | **بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے درجات کو بیان کریں۔** |
| ج | 1959 میں جنرل ایوب خان نے چار سطحی بنیادی جمہوریتوں کا نظام لانے کا فیصلہ کیا۔ اس چار سطحی نظام میں یونین کونسل / ٹاون کمیٹی، تحصیل کونسل / تھانہ کونسل، ضلع کونسل اور ڈویژن کونسل شامل تھیں۔ |
| | **اضافی سوالات** |
| 16 | **پہلی، دوسری اور تیسری گول میز کانفرنسز کب اور کہاں منعقد ہوئیں؟** |
| ج | پہلی گول میز کانفرنس 1930، دوسری 1931 اور تیسری 1932 میں لندن میں منعقد ہوئیں۔ |
| 17 | **شملہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | شملہ بھارت کی ریاست ہماچل پردیش کا ایک تفریحی مقام ہے۔ 1864 سے انگریزوں نے شملہ کو موسم گرما کے لیے دارالحکومت بنا دیا تھا اور گورنر جنرلز شملہ ہی میں گرمیاں گزارتے تھے۔ |
| 18 | **جنرل ایوب خان نے کب اور کیوں استعفیٰ دیا؟** |
| ج | جنرل ایوب خان نے 25 مارچ 1969 کو حالات کی خرابی کی وجہ سے استعفیٰ دیا۔ |
| 19 | **سانحہ آرمی پبلک سکول کب اور کہاں واقع ہوا؟** |
| ج | سانحہ آرمی پبلک سکول 16 دسمبر 2014 کو پشاور میں واقع ہوا۔ |
| 20 | **کس مغل بادشاہ کی وفات کے بعد مسلم حکومت میں زوال کے آثار نمودار ہوئے؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کی وفات(1707) کے بعد مسلم حکومت میں زوال کے آثار نمودار ہوئے۔ |
| 21 | **نواب سراج الدولہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | سراج الدولہ بنگال کے نواب تھے۔ انہوں نے 1757 میں انگریزوں کا راستہ روکنا چاہا لیکن وہ اپنوں کی سازش کی وجہ سے جنگ پلاسی ہار گئے۔ |
| 22 | **سید احمد اور ان کے رفیق خاص سید اسماعیل کب، کہاں اور کیسے شہید ہوئے؟** |
| ج | 1831 میں سید احمد اور ان کے رفیق خاص سید اسماعیل بالاکوٹ میں سکھوں کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے۔ |
| 23 | **سر سید احمد خان نے مسلمانوں کو انڈین نیشنل کانگرس میں شامل ہونے سے کیوں روکا؟** |
| ج | سرسید احمد خان کو اندیشہ تھا کہ کانگرس رفتہ رفتہ ہندو جماعت بن جائے گی اس لیے اس جماعت سے مسلمانوں کو کوئی امید وابستہ نہیں رکھنی چاہیے۔ |
| 24 | **رسالہ اسباب بغاوت ہند کا تعارف لکھیں۔ / سر سید احمد خان کی سیاسی خدمت کیا تھی؟** |
| ج | رسالہ "اسباب بغاوت ہند" سر سید احمد خان کی ایک اہم سیاسی خدمت تھی۔ اس میں آپ نے انگریزوں کو 1857 کی جنگ آزادی کے حقیقی اسباب سے آگاہ کیا۔ |
| 25 | **مسلم لیگ کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟ اور اس کے اہم مقاصد کیا تھے؟** |
| ج | 30 دسمبر 1906 کو ڈھاکہ میں مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا۔ اس کے درج ذیل مقاصد تھے۔<br>(1) مسلمانوں کے سیاسی حقوق کی حفاظت کرنا اور ان کے مطالبات کو حکومت کے سامنے رکھنا۔ (2) مسلمانوں میں برطانوی حکومت کے لیے وفاداری کے جذبات پیدا کرنا۔ (3) برصغیر کی دیگر اقوام سے تعلقات استوار کرنا۔ |
| 26 | **تقسیم بنگال کب اور کیوں ہوئی؟** |
| ج | 1905 میں انتظامی سہولت کے پیش نظر بنگال کو دو حصوں مشرقی بنگال اور مغربی بنگال میں تقسیم کر دیا گیا۔ |
| 27 | **بھارت نے 1948 میں کن ہیڈ ورکس سے پانی کی فراہمی پاکستان کو روک دی۔** |
| ج | بھارت نے 1948 میں فیروز پور اور مادھو پور ہیڈ ورکس سے پانی کی فراہمی پاکستان کو روک دی۔ |
| 28 | **ہندوؤں نے تقسیم بنگال کی مخالفت کیوں کی؟** |
| ج | ہندو اس تقسیم سے ناخوش تھے۔ کیونکہ ان کی پورے بنگال پر اقتصادی اور سیاسی اجارہ داری ختم ہو گئی تھی۔ |
| 29 | **شملہ وفد کب، کہاں، کیوں اور کس کی سربراہی میں وائسرائے ہند سے ملا؟ / شملہ وفد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | یکم اکتوبر 1906 کو مسلمانوں کا ایک سیاسی وفد سر آغا خان کی قیادت میں وائسرائے ہند لارڈ منٹو سے ملا۔ جس میں مسلمانوں نے جداگانہ انتخابات کا مطالبہ کیا۔ شملہ وفد میں مسلمانوں کو مثبت جواب ملا۔ |
| 30 | **منٹو مارلے اصلاحات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | 1905 میں تقسیم بنگال کی وجہ سے ملک میں سیاسی بے چینی بڑھ گئی۔ حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے 1909 میں وزیر ہند مسٹر مارلے اور وائسرائے ہند لارڈ منٹو نے مل کر ہندوستان کے لیے کچھ اصلاحات مرتب کیں جنھیں منٹو مارلے اصلاحات کا نام دیا جاتا ہے۔ |
| 31 | **مسلمانوں کو کب جداگانہ انتخابات کا حق دیا گیا؟** |
| ج | مسلمانوں کو منٹو مارلے اصلاحات 1909 میں پہلی بار جداگانہ انتخابات کا حق دیا گیا۔ |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 32 | قائداعظم نے پنجاب مہاجر کونسل کا چیئرمین کس کو بنایا؟ |
| ج | قائداعظم نے پنجاب مہاجر کونسل کا چیئرمین لیاقت علی خان کو بنایا۔ |
| 33 | پہلی جنگ عظیم کے خاتمے پر انگریزوں نے ترکی کو کن علاقوں سے محروم کر دیا؟ |
| ج | پہلی جنگ عظیم کے خاتمے پر انگریزوں نے ترکی کو سعودی عرب، شام، عراق، فلسطین اور اردن کے علاقوں سے محروم کر دیا۔ |
| 34 | تحریک خلافت کب چلی اور اس کے مقاصد کیا تھے؟ |
| ج | تحریک خلافت 1919 میں چلائی گئی اور اس کے درج ذیل مقاصد تھے۔<br>(1) ترکی کی خلافت قائم رکھی جائے۔ (2) مسلمانوں کے مقدس مقامات ترکوں کی حفاظت میں رہیں۔ (3) ترکی کی حدود میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔ |
| 35 | 3جون 1947 کے منصوبے میں کیا فیصلہ ہوا؟ |
| ج | 3 جون 1947 کو برصغیر کی تقسیم کا اعلان کیا گیا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ 14 اگست 1947 تک اقتدار ہندوستان کے نمائندوں کے حوالے کر دیا جائے گا۔ |
| 36 | قانون آزادی ہند کا تعارف لکھیں۔ |
| ج | 3 جون کے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے برطانوی پارلیمنٹ نے 18 جولائی 1947 کو قانون آزادی ہند منظور کیا۔ جس کے تحت ہندوستان کو دو ریاستوں ،پاکستان اور بھارت میں تقسیم کر دیا گیا۔ |
| 37 | پاکستان کے پہلے گورنر جنرل اور پہلے وزیر اعظم کون تھے؟ |
| ج | پاکستان کے پہلے گورنر جنرل قائداعظم تھے اور پہلے وزیر اعظم کا نام لیاقت علی خان تھا۔ |
| 38 | قرارداد لاہور مسلم لیگ کے کس اجلاس میں پیش کی گئی اور یہ اجلاس کس کی زیر صدارت منعقد ہوا؟ |
| ج | قرارداد لاہور مسلم لیگ کے ستائیسویں اجلاس میں پیش کی گئی اور یہ اجلاس قائداعظم کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ |
| 39 | برصغیر کا آخری وائسرائے کون تھا؟ |
| ج | برصغیر کا آخری وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن تھا۔ |
| 40 | پہلی عرب اسرائیل جنگ کب ہوئی؟ |
| ج | پہلی عرب اسرائیل جنگ 1948 میں واقع ہوئی۔ |
| 41 | میثاق لکھنو سے کیا مراد ہے؟ / میثاق لکھنو کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ / قائداعظم کو "ہندو مسلم اتحاد کا سفیر" کیوں قرار دیا گیا؟ |
| ج | 1916 میں لکھنؤ میں مسلم لیگ اور کانگرس کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا۔ اس معاہدے کو میثاق لکھنو کہتے ہیں۔ اس معاہدے میں پہلی بار مسلمانوں کو ایک الگ قوم تسلیم کیا گیا اور جداگانہ انتخابات کے مطالبے کو تسلیم کیا گیا۔ اسی معاہدے کی وجہ سے قائداعظم کو "ہندو مسلم اتحاد کا سفیر" قرار دیا گیا۔ |
| 42 | میثاق لکھنو میں مسلمانوں کے کن مطالبات کو تسلیم کیا گیا؟ |
| ج | (1) پہلی بار مسلمانوں کو ایک الگ قوم تسلیم کیا گیا۔ (2) مسلمانوں کے جداگانہ انتخابات کے مطالبے کو تسلیم کیا گیا۔ |
| 43 | رولٹ ایکٹ کب منظور ہوا اور اس پر قائداعظم کا موقف کیا تھا؟ |
| ج | 1919 میں حکومت برطانیہ نے رولٹ ایکٹ منظور کیا۔ قائداعظم نے اس کی مخالفت کی اور اسے غیر قانونی قرار دیا۔ اور احتجاجاً وائسرائے ہند کی کونسل سے استعفیٰ دے دیا۔ |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 44 | 1965 کی جنگ کے تین اسباب لکھیں۔ |
| ج | (1)مسئلہ کشمیر۔(2)سرحدی تنازعات۔(3)پانی کی تقسیم کا مسئلہ |
| 45 | 1965 کی جنگ میں پاک فضائیہ کا کیا کردار تھا؟ |
| ج | 1965 کی جنگ میں پاک فضائیہ نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ صرف ابتدائی تین دنوں میں بھارتی فضائیہ کی کمر توڑ دی گئی۔ایم۔ایم۔عالم نے صرف ایک منٹ میں بھارتی فضائیہ کے پانچ جہاز تباہ کیے اور تاریخ رقم کردی۔ |
| 46 | 1965 کی جنگ کے بعد پاکستان کے کن شہروں کو ہلال استقلال سے نوازا گیا؟ |
| ج | 1965 کی جنگ کے بعد پاکستان کی تین شہروں لاہور، سرگودہا اور سیالکوٹ کو ہلال استقلال سے نوازا گیا۔ |
| 47 | عبوری حکومت میں شریک ہونے والے پانچ مسلم لیگی وزراء کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1)لیاقت علی خان۔(2)آئی آئی چندریگر۔(3)سردار عبدالرب نشتر۔(4)راجہ غضنفر علی خان۔(5)جوگندر ناتھ منڈل۔ |
| 48 | برطانوی پریس نے "قرارداد لاہور" کو کیا نام دیا؟ |
| ج | برطانوی پریس نے "قرارداد لاہور" کو جناح کا پاکستان قرار دیا۔ |
| 49 | پہلی جنگ عظیم کب شروع ہوئی؟اس میں ترکی نے کس کا ساتھ دیا؟اور کس کو شکست ہوئی؟ |
| ج | 1914 میں شروع ہونے والی پہلی جنگ عظیم میں ترکی نے انگریزوں کے خلاف جرمنی کا ساتھ دیا۔اس جنگ میں جرمنی اور اس کے حلیفوں کو شکست ہوئی۔ |
| 50 | ٹیپو سلطان کب اور کیسے شہید ہوئے؟ |
| ج | 1799 میں میسور کے حکمران ٹیپو سلطان اپنوں کی غداری کی وجہ سے شہید ہوئے۔ |
| 51 | قائداعظم کے چودہ میں سے کوئی سے چار نکات لکھیں۔ |
| ج | (1)تمام صوبوں کو ایک ہی اصول پر داخلی خود مختاری دی جائے۔(2)صوبوں میں اقلیتوں کو مناسب نمائندگی دی جائے۔ (3)مرکزی اسمبلی میں ممبران کی تعداد ایک تہائی سے کم نہ ہو۔(4)تمام لوگوں کو یکساں مذہبی آزادی دی جائے۔ |
| 52 | مشرقی پاکستان کب پاکستان سے جدا ہو کر بنگلہ دیش بنا؟ |
| ج | مشرقی پاکستان 16 دسمبر 1971 کو ہم سے جدا ہو گیا اور بنگلہ دیش کے نام سے الگ ملک بن گیا۔ |
| 53 | تحریک عدم تعاون کے مقاصد تحریر کریں۔ |
| ج | (1)حکومت کے ساتھ عدم تعاون۔(2)سرکاری ملازمتوں کو چھوڑنا۔(3)انگریزی مصنوعات کا بائیکاٹ۔(4)عدالتی بائیکاٹ کرنا۔ |
| 54 | مسلمانوں نے کب اور کیوں یوم نجات (Day of Deliverance) منایا؟ |
| ج | 1939 میں جب کانگریسی وزارتوں کا خاتمہ ہوا تو قائداعظم کی اپیل پر مسلمانوں نے 22 دسمبر 1939ء کو یوم نجات منایا۔ |
| 55 | برصغیر میں لگ بھگ کتنی دیسی ریاستیں تھیں؟چند ریاستوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | برصغیر میں تقریباً 600 دیسی ریاستیں تھیں۔چند یہ ہیں۔(1)ریاست جموں و کشمیر۔(2)ریاست حیدرآباد دکن۔(3)ریاست جوناگڑھ۔(4)ریاست مناوادر۔ |
| 56 | پاکستان کے ساتھ الحاق کرنے والی ریاستوں کے نام لکھیں۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | (1) ریاست سوات (2) ریاست خیر پور۔(3) ریاست بہاول پور |
| 57 | **مسلم عائلی قوانین کب اور کس نے نافذ کیے؟** |
| ج | مسلم عائلی قوانین کا نفاذ جنرل ایوب خان نے 1961ء میں کیا۔ |
| 58 | **مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے کوئی سے چار اسباب لکھیں۔** |
| ج | (1) جغرافیائی فاصلہ۔(2) زبان کا مسئلہ۔ (3) بھارت کی مداخلت۔(4) شیخ مجیب الرحمن کے چھے نکات۔ |
| 59 | **1956 کا آئین کتنا عرصہ نافذ العمل رہا؟** |
| ج | 1956 کا آئین دو سال اور سات ماہ نافذ العمل رہا۔ |
| 60 | **1956 کا آئین کب اور کس وزیر اعظم کے دور میں نافذ ہوا؟** |
| ج | 1956 کا آئین 23 مارچ 1956 کو وزیر اعظم چودھری محمد علی کے دور میں نافذ ہوا۔ |
| 61 | **1962 کا آئین کتنی دفعات پر مشتمل تھا؟** |
| ج | 1962 کا آئین 250 دفعات پر مشتمل تھا۔ |
| 62 | **1962 کے آئین میں کون سی زبان کو قومی زبان کا درجہ دیا گیا؟** |
| ج | 1962 کے آئین میں اردو اور بنگالی دونوں زبانوں کو قومی زبان کا درجہ دیا گیا تھا۔ |
| 63 | **پاکستان کا پہلا آئین کون سا ہے؟ اور کب نافذ ہوا؟** |
| ج | 1956 کا آئین پاکستان کا پہلا آئین ہے اور 23 مارچ 1956 کو نافذ ہوا۔ |
| 64 | **قائد اعظم کو قائد اعظم کا لقب کب دیا گیا؟** |
| ج | 1938 میں پٹنہ کے مقام پر مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں محمد علی جناح کو "قائد اعظم" کا لقب دیا گیا۔ |
| 65 | **پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے قائد اعظم نے کب حلف اٹھایا؟** |
| ج | قائد اعظم نے 15 اگست 1947 کو پہلے گورنر جنرل آف پاکستان کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ |
| 66 | **لیاقت علی خان کی زبان پر آخری الفاظ کیا تھے؟** |
| ج | لیاقت علی خان کی زبان پر آخری الفاظ یہ تھے "یا اللہ! پاکستان کی حفاظت فرما"۔ |
| 67 | **کابینہ مشن پلان کے دو بنیادی مقاصد تحریر کریں۔** |
| ج | ہندوستان کی دستوری حیثیت اور حکومت کی شکل واضح کر دی جائے۔ مسلمانوں اور ہندوؤں کے درمیان نفرتوں کو کم کرنے کی کوشش کی جائے۔ |
| 68 | **لیگل فریم ورک آرڈر 1970 کے چند اہم نکات لکھیں۔** |
| ج | مغربی پاکستان سے ون یونٹ کا خاتمہ کر دیا گیا اور چاروں صوبے بحال کر دیے گئے۔ انتخاب کے لیے عوام کو براہ راست ووٹ ڈالنے کا حق دے دیا گیا۔ ووٹ ڈالنے کے لیے 21 سال کی عمر مقرر کی گئی۔ جبکہ امیدوار کے لیے کم از کم 25 سال کی عمر مقرر کی گئی۔ |
| 69 | **1970 کے انتخابات سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | 1970 کے انتخابات میں عوامی لیگ نے قومی اسمبلی کی 300 جنرل نشستوں میں سے 160 نشستیں جیت لیں جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی نے 81 نشستیں حاصل کیں۔ اسی طرح صوبائی اسمبلیوں کے نتائج میں عوامی لیگ نے مشرقی پاکستان کی 300 جنرل نشستوں میں سے 288 نشستیں جیت لیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے پنجاب اور سندھ میں اکثریت حاصل کی جبکہ نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام کو صوبہ سرحد (خیبر پختونخواہ) اور بلوچستان میں اکثریت ملی۔ |
| 70 | 1965 کے انتخابات کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | جنوری 1965 میں صدارتی انتخاب ہوا۔ جس میں اُمیدواروں کی تعداد چار تھی لیکن اصل مقابلہ جنرل ایوب خان اور مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کے درمیان تھا۔ اس انتخاب میں محترمہ فاطمہ جناح کو شکست ہوئی۔ |
| 71 | پارلیمانی نظام حکومت سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | پارلیمانی نظام حکومت سے مراد ایسا نظام ہے جس میں ملک کا سربراہ صدر اور حکومت کا سربراہ وزیر اعظم ہوتا ہے۔ صدر کو برائے نام اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ اختیارات کا اصل سرچشمہ وزیر اعظم ہوتا ہے۔ |
| 72 | تقسیم بنگال کی منسوخی کب اور کیوں ہوئی؟ |
| ج | ہندوؤں نے تقسیم بنگال کو ماننے سے انکار کر دیا۔ انھوں نے سودیشی تحریک چلادی اور انگریزی مصنوعات کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ جس کے نتیجے میں انگریز حکومت مجبور ہوگئی اور 1911 میں بنگال کی تقسیم منسوخ کر دی گئی۔ |
| 73 | یوم راست اقدام کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | 16 اگست 1946 کو مسلم لیگ نے یوم راست اقدام منانے کا فیصلہ کیا۔ اس روز برصغیر میں جگہ جگہ جلسے کیے گئے، جس میں کانگرس کے عزائم کو بے نقاب کیا گیا۔ |
| 74 | سندھ طاس معاہدے پر مختصر نوٹ لکھیں۔ |
| ج | پاکستان اور بھارت کے درمیان 1960 میں پانی کی تقسیم کے حوالے سے ورلڈ بینک کے تعاون سے ایک معاہدہ طے پایا۔ جسے سندھ طاس معاہدہ کہتے ہیں۔ اس معاہدے کی رو سے تین دریا راوی، ستلج اور بیاس بھارت جبکہ سندھ، جہلم اور چناب پاکستان کو ملے۔ |
| 75 | پنجاب حد بندی کمیشن میں شامل دو پاکستانی اور دو بھارتی ممبران کے نام لکھیں۔ |
| ج | پنجاب کی حد بندی کے لیے پاکستان کی طرف سے جسٹس محمد منیر اور جسٹس دین محمد جبکہ بھارت کی طرف سے جسٹس مہر چند مہاجن اور جسٹس تیجا سنگھ تھے۔ |
| 76 | بنگال حد بندی کمیشن میں شامل دو پاکستانی اور دو بھارتی ممبران کے نام لکھیں۔ |
| ج | بنگال کی حد بندی کے لیے پاکستان کی طرف سے جسٹس ابو صالح محمد اکرم اور ایس۔ اے۔ رحمان جبکہ بھارت کی طرف سے سی۔ سی بسواس اور بی۔ کے مکرجی تھے۔ |
| 77 | 1935 کے آئین کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | برطانوی حکومت نے 1935 میں برصغیر میں ایک آئین متعارف کروایا۔ جس میں صوبائی خود مختاری کو اولیت دی گئی اور اس آئین کے تحت 1937 میں انتخابات کروائے گئے۔ جس میں کانگرس نے واضح اکثریت حاصل کی۔ |
| 78 | شملہ کانفرنس کیوں ناکام ہوئی؟ |
| ج | وائسرائے کی انتظامی کونسل میں پانچ مسلم اراکین شامل کرنے کی تجویز تھی جبکہ کانگرس کا مطالبہ تھا کہ وہ ایک مسلم نمائندہ نامزد کرے گی۔ قائد اعظم نے کہا کہ پانچوں مسلم اراکین کو مسلم لیگ ہی نامزد کرے گی۔ کیونکہ مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت مسلم لیگ ہی ہے۔ اس نکتہ پر شملہ کانفرنس ناکام ہوئی۔ |
| 79 | مسلم عائلی قوانین کے چند نکات لکھیں۔ / مسلم عائلی قوانین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | (1) نکاح کا اندراج لازم قرار دیا گیا۔(2) پہلی بیوی کی اجازت کے بغیر دوسری شادی خلاف قانون قرار دے دی گئی۔(3) طلاق کی صورت میں عدت کا عرصہ 90 دن رکھا گیا۔(4) دادا کی وراثت میں یتیم پوتے کا حق تسلیم کیا گیا۔ |
| 80 | نہرو رپورٹ پر نوٹ لکھیں۔/ نہرو رپورٹ سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | 1928 میں نہرو رپورٹ جاری ہوئی جس میں مسلمانوں کے ساتھ ماضی میں کیے گئے تمام معاہدوں سے انکار کر دیا گیا اور جداگانہ انتخابات کے اصول کو رد کر دیا گیا۔ اس رپورٹ کی وجہ سے دونوں قوموں کے درمیان تعلقات خراب ہو گئے۔ |
| 81 | ریاست جموں و کشمیر کا الحاق بھارت کے ساتھ کس طرح ہوا؟ |
| ج | کشمیر میں مسلمانوں کی اکثریت تھی۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ الحاق کرنا چاہا۔ مگر کشمیر کا ہندو راجہ ہری سنگھ بھاگ کر بھارت چلا گیا اور کشمیری عوام کی مرضی کے خلاف کشمیر کا بھارت کے ساتھ الحاق کر دیا۔ |
| 82 | تحریک خلافت کب اور کیوں چلائی گئی؟/ تحریک خلافت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | 1914 میں شروع ہونے والی جنگ عظیم اول میں ترکی نے انگریزوں کے خلاف جرمنی کا ساتھ دیا۔ لیکن جرمنی اور اس کے ساتھیوں کو شکست ہوئی۔ جنگ کے بعد انگریزوں نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر ترکی کو سعودی عرب، شام، عراق، فلسطین اور اردن کے علاقوں سے محروم کر دیا۔ جس سے ترکی کا وجود خطرے میں پڑ گیا۔ اس طرح ترکی کی خلافت کو بچانے کے لیے برصغیر کے مسلمانوں نے 1919 میں تحریک خلافت کا آغاز کیا۔ |
| 83 | "ون یونٹ" سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | قیام پاکستان کے بعد ملک کا مغربی حصہ تین صوبوں پنجاب، سندھ، سرحد (خیبر پختونخواہ) کے علاوہ بلوچستان اور شاہی ریاستوں پر مشتمل تھا اور مشرقی حصہ ایک صوبے پر مشتمل تھا۔ جس کی وجہ سے دستور سازی میں رکاوٹ کا سامنا تھا۔ اس رکاوٹ کو ختم کرنے کے لیے مغربی پاکستان کے صوبوں اور علاقوں کو ملا کر ایک صوبہ بنا دیا گیا اور اسے "ون یونٹ" کا نام دیا گیا۔ |
| | **سبق نمبر 3 ۔ تاریخ پاکستان (1973 تا حال)** |
| 1 | یوم تکبیر سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | 28 مئی 1998 کو پاکستان نے بھارت کے ایٹمی دھماکوں کے جواب میں ایٹمی دھماکے کئے اور ایٹمی قوت بن گیا۔ اس دن کو یوم تکبیر کے طور پر منایا جاتا ہے۔ |
| 2 | 1973 کے آئین میں اٹھارویں ترمیم کیا ہے اور کب ہوئی؟/ اٹھارویں آئینی ترمیم کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | یہ ترمیم 2010 میں سید یوسف رضا گیلانی کے دور حکومت میں ہوئی۔ اس ترمیم کے ذریعے صوبہ سرحد کا نام بدل کر خیبر پختونخوا رکھ دیا گیا۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان کنکرنٹ لسٹ کو ختم کر دیا گیا۔ اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کے تقرر کے لیے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اور ایک پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی۔ |
| 3 | موٹروے کی کیا اہمیت ہے؟ |
| ج | موٹروے کی وجہ سے اندرون ملک سفر زیادہ پرسکون، محفوظ اور تیز ہو گیا ہے۔ اس سے وقت کی بچت ہو رہی ہے اور سیاحت اور تجارت کو فروغ مل رہا ہے۔ |
| 4 | ذوالفقار کی بھٹو کے دور میں صنعتی اصلاحات کا کیا مقصد تھا؟ |
| ج | ان صنعتی اصلاحات کا مقصد مزدوروں کے حالات کو بہتر بنانا اور بہتر صنعتی ماحول پیدا کرنا تھا۔ |
| 5 | دو ایوانی مقننہ سے کیا مراد ہے؟ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | 1973 کے آئین کے مطابق پارلیمنٹ دو ایوانوں پر مشتمل ہے ایوان بالا یعنی سینیٹ اور ایوان زیریں یعنی قومی اسمبلی۔ اس لیے پارلیمنٹ کو دو ایوانی مقننہ کہتے ہیں۔ |
| 6 | **دولت مشترکہ تنظیم سے کیا مراد ہے؟ اور یہ کب بنی؟** |
| ج | دولت مشترکہ ان ممالک کی تنظیم ہے جن پر برطانیہ نے حکومت کی۔ یہ تنظیم 1926 میں بنی۔ پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش سمیت کئی ممالک اس کے رکن ہیں۔ |
| 7 | **میاں شہباز شریف کی کوئی سی دو اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1) لوگوں کو خدمت کارڈ جاری کیے گئے۔ (2) کسان پیکیج کے ذریعے اربوں روپے زرعی شعبے کو دیے گئے۔ |
| 8 | **بے نظیر بھٹو کی معاشی اصلاحات کیا تھیں؟** |
| ج | (1) آپ نے پلیسمنٹ بیورو (Placement Bareau) کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا جس سے لوگوں کو ملازمتیں ملیں۔ (2) توانائی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے 1994 میں پاور پالیسی کا اعلان کیا۔ |
| 9 | **چودھویں آئینی ترمیم 1997 کی کیا اہمیت ہے؟ اس کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | یہ ترمیم 1997 میں نواز شریف دور حکومت میں کی گئی۔ اس ترمیم میں، سیاسی جماعتوں میں انحراف کی حوصلہ شکنی کر کے سیاسی استحکام پیدا کیا گیا۔ اور اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ منتخب نمائندے اپنی جماعتوں کی پالیسیوں کے ساتھ وفادار رہیں۔ |
| 10 | **آٹھویں آئینی ترمیم 1985 کی وضاحت کریں۔ / پاکستان میں صدر مملکت کے انتخاب کا طریقہ بیان کریں۔** |
| ج | آٹھویں ترمیم کے مطابق صدر پاکستان کا انتخاب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور چاروں صوبائی اسمبلیوں پر مشتمل انتخابی ادارہ کرے گا۔ اس ترمیم کے بعد صدر مملکت کو غیر معمولی اختیارات مل گیے اور وزیر اعظم کی حیثیت ثانوی ہو گئی۔ سینٹ اراکین کی مدت 6 سال مقرر کی گئی۔ |
| 11 | **مطالعہ پاکستان کو گریجوایشن تک کس نے لازم قرار دیا؟** |
| ج | جنرل ضیاء الحق نے مطالعہ پاکستان کو گریجوایشن تک لازم قرار دیا تھا۔ |
| | **اضافی سوالات** |
| 12 | **پاکستان کے پہلے سویلین چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر کون تھے؟** |
| ج | پاکستان کے پہلے سویلین چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر ذوالفقار علی بھٹو تھے۔ |
| 13 | **میر ظفر اللہ خان جمالی کب وزیر اعظم بنے اور ان کا تعلق کس صوبے سے تھا؟ / میر ظفر اللہ خان جمالی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | 2002 کے عام انتخابات کے نتیجے میں میر ظفر اللہ خان جمالی وزیر اعظم بنے اور ان کا تعلق صوبہ بلوچستان سے تھا۔ |
| 14 | **کب اور کس نے دیامیر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم کی تعمیر کا حکم دیا؟ / سپریم کورٹ نے کن دو ڈیموں کی تعمیر کا حکم دیا؟** |
| ج | 4 جولائی 2018 کو سپریم کورٹ نے دیامیر بھاشا ڈیم اور مہمند ڈیم کی فوری تعمیر کا حکم دیا۔ |
| 15 | **گلگت بلتستان اسمبلی میں خواتین اور ٹیکنو کریٹس کے لیے نشستوں کی تعداد لکھیں۔** |
| ج | گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کی 33 نشستیں ہیں۔ 24 نشستوں پر براہ راست انتخابات ہوتے ہیں جبکہ 6 نشستیں خواتین اور 3 نشستیں ٹیکنو کریٹس کے لیے ہیں۔ |
| 16 | **پاکستان کے اب تک کے طویل مدتی وزیر اعظم کون ہیں، وہ کب وزیر اعظم بنے اور ان کا کس سیاسی جماعت سے تعلق ہے؟** |
| ج | سید یوسف رضا گیلانی اب تک کے طویل مدتی وزیر اعظم ہیں۔ وہ 2008 میں وزیر اعظم بنے اور 2012 تک رہے۔ ان کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 17 | **1973 کے آئین کو وفاقی آئین کیوں کہا جاتا ہے؟** |
| ج | 1973 کا آئین پاکستان کو ایک وفاقی ملک قرار دیتا ہے اس لیے اس کو وفاقی آئین کہتے ہیں۔ |
| 18 | **ذوالفقار علی بھٹو نے زرعی زمین کی انفرادی ملکیت کتنی مقرر کی؟** |
| ج | ذوالفقار علی بھٹو نے زرعی زمین کی انفرادی ملکیت 150 ایکڑ نہری اور 300 ایکڑ بارانی مقرر کی۔ |
| 19 | **پاکستان نے ایٹمی دھماکے کب اور کہاں کیے؟** |
| ج | پاکستان نے ایٹمی دھماکے 28 مئی 1998 کو بلوچستان کے چاغی پہاڑوں میں کیے۔ |
| 20 | **مقامی حکومت سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | ایسی حکومت جس کی باگ ڈور مقامی لوگوں کے ہاتھ میں ہو مقامی حکومت کہلاتی ہے۔ |
| 21 | **دولت مشترکہ کے کوئی سے تین ممالک کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) پاکستان۔ (2) بھارت۔ (3) بنگلہ دیش۔ |
| 22 | **ذوالفقار علی بھٹو نے کب سے کب تک حکومت کی؟** |
| ج | ذوالفقار علی بھٹو نے 20 دسمبر 1971 سے 5 جولائی 1977 تک حکومت کی۔ |
| 23 | **ذوالفقار علی بھٹو نے تعلیمی اصلاحات کا اعلان کب کیا؟** |
| ج | ذوالفقار علی بھٹو نے تعلیمی اصلاحات کا اعلان 1972 میں کیا۔ |
| 24 | **ذوالفقار علی بھٹو کی چند تعلیمی اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1) طلباء کو سستی ٹرانسپورٹ کی فراہمی۔ (2) طلباء کے وظائف میں اضافہ۔ (3) نئی یونیورسٹیوں کا قیام۔ (4) تعلیم بالغاں کے مراکز کھولے گئے۔ |
| 25 | **ذوالفقار علی بھٹو کی تین صنعتی اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1) گروپ انشورنس اور سوشل سیکیورٹی کا نظام نافذ کیا۔ (2) صنعتوں کے منافع میں مزدوروں کا حصہ بڑھایا۔ (3) ملازمین کے لیے بونس کی ادائیگی لازم قرار دی |
| 26 | **ذوالفقار علی بھٹو کی زرعی پالیسی کی تین اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1) زمین کی حد ملکیت مقرر کی۔ (2) زمین سے مزارعین کی بے دخلی کا سلسلہ بند کیا۔ (3) جاگیرداروں سے زمین لے کر بے زمین کاشتکاروں میں تقسیم کی۔ |
| 27 | **ذوالفقار علی بھٹو دور حکومت میں قومی تحویل میں لیے گئے کوئی سے چار اداروں کے نام لکھے۔** |
| ج | (1) صنعتی ادارے۔ (2) بینک۔ (3) بیمہ کمپنی۔ (4) تعلیمی ادارے۔ |
| 28 | **صحت کے متعلق ذوالفقار علی بھٹو کی اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1) بنیادی مراکز صحت کا قیام۔ (2) میڈیکل کالج کا قیام۔ (3) غریبوں کے لیے علاج کی مفت سہولت۔ |
| 29 | **ذوالفقار علی بھٹو کی معاشی حکمت عملی کی سمت کیا تھی؟ ذوالفقار علی بھٹو کی معاشی حکمت عملی کی بنیاد کیا تھی؟** |
| ج | ذوالفقار علی بھٹو کی معاشی حکمت عملی کی سمت سوشلزم تھی۔ ان کے واضح الفاظ تھے کہ "اسلام ہمارا دین ہے۔ سوشلزم ہماری معیشت ہے"۔ |
| 30 | **ذوالفقار علی بھٹو کی دو معاشرتی اصلاحات لکھیں۔** |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | (1) بے گھر افراد کے لیے پانچ مرلہ سکیم کا آغاز کیا۔ (2) لاکھوں بے روزگار افراد کو مشرق وسطیٰ کے ممالک بھیجا۔ (3) سینکڑوں دیہات کو بجلی کی فراہمی۔ |
| 31 | **تحریک انصاف کی حکومت کے شروع کیے گئے چند منصوبوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) نوجوان ہنر مند پروگرام۔ (2) پناہ گاہیں۔ (3) پلانٹ فار پاکستان۔ (4) نیا پاکستان ہاؤسنگ پروگرام۔ |
| 32 | **پاکستان پیپلز پارٹی کا مقبول نعرہ کیا تھا؟** |
| ج | پاکستان پیپلز پارٹی کا مقبول نعرہ "روٹی کپڑا اور مکان تھا"۔ |
| 33 | **پاکستان نے کب اور کس کے دور حکومت میں دولت مشترکہ سے علیحدگی اختیار کی؟** |
| ج | پاکستان نے 1972 میں ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں دولت مشترکہ سے علیحدگی اختیار کی۔ |
| 34 | **پاکستان دوبارہ دولت مشترکہ کا رکن کب اور کس کے دور حکومت میں بنا؟** |
| ج | 1989 میں بے نظیر بھٹو کے دور حکومت میں پاکستان دوبارہ دولت مشترکہ کا رکن بنا۔ |
| 35 | **پاکستان کی پہلی خاتون گورنر اسٹیٹ بینک کا نام کیا تھا؟** |
| ج | پاکستان کی پہلی خاتون گورنر اسٹیٹ بینک کا نام ڈاکٹر شمشاد اختر تھا۔ |
| 36 | **نیشنل اینڈومنٹ فار سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا قیام کب اور کس کے دور حکومت میں عمل میں آیا؟ اور اس کے مقاصد کیا تھے؟** |
| ج | نیشنل اینڈومنٹ فار سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا قیام 2015 میں نواز شریف کے دور حکومت میں عمل میں آیا۔ اس ادارے کا مقصد سائنس دانوں اور محققین کی جدید تحقیق کو آگے بڑھانا اور جدید ٹیکنالوجی کے لیے وسائل فراہم کرنا تھا۔ |
| 37 | **اس وقت پاکستان میں کون سا نظام حکومت قائم ہے؟** |
| ج | اس وقت پاکستان میں وفاقی پارلیمانی نظام حکومت قائم ہے۔ |
| 38 | **کون سا آئین متفقہ طور پر نافذ کیا گیا؟** |
| ج | 1973 کا آئین متفقہ طور پر نافذ کیا گیا۔ |
| 39 | **1993 کے انتخابات میں کس سیاسی جماعت نے کامیابی حاصل کی اور کون وزیر اعظم بنا؟** |
| ج | 1993 کے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی نے کامیابی حاصل کی اور بے نظیر بھٹو دوسری مرتبہ وزیر اعظم بنیں۔ |
| 40 | **ورلڈ ٹریڈ سینٹر / نائن الیون کا واقعہ کب اور کہاں پیش آیا؟** |
| ج | 11 ستمبر 2001 کو امریکہ کے شہر نیویارک میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر پر حملہ ہوا۔ |
| 41 | **1973 کے آئین کے چند نکات تحریر کریں۔** |
| ج | (1) صدر اور وزیر اعظم کے لیے مسلمان ہونا لازم قرار دیا گیا۔ (2) صوبوں میں صوبائی اسمبلیاں قائم کی گئیں۔ (3) بنیادی انسانی حقوق کو تحفظ فراہم کیا گیا۔ |
| 42 | **1973 کے آئین کے مطابق ملک میں کون سا نظام حکومت رائج ہے؟** |
| ج | 1973 کے آئین کے مطابق ملک میں پارلیمانی نظام حکومت رائج ہے۔ صدر مملکت ریاست کا سربراہ جبکہ وزیر اعظم حکومت کا سربراہ ہے۔ |
| 43 | **ضیاء الحق دور کی دو صنعتی اصلاحات لکھیں۔** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | (1)صنعتوں کی مالکان کو واپسی۔(2)سرمایہ کاروں کا تحفظ۔(3) بڑی صنعتیں زیادہ تر پرائیویٹ شعبے میں لگائی گئیں۔ |
| 44 | **کب، کس نے اور کیوں بیت المال کا محکمہ قائم کیا؟** |
| ج | غریب لوگوں کی مالی اعانت کے لیے میاں نواز شریف حکومت نے 1992 میں بیت المال کا محکمہ قائم کیا۔ |
| 45 | **نفاذ اسلام کے حوالے سے ضیاالحق دور میں کیے گئے چند اقدامات لکھیں۔** |
| ج | (1)ملک میں شرعی عدالتوں کا قیام۔(2) نماز کا اہتمام۔(3) جرائم کے خاتمے کے لیے شرعی سزاؤں کا نفاذ۔(4)زکوۃ کے نظام کا سرکاری سطح پر نفاذ۔ |
| 46 | **جنرل ضیاءالحق کب اور کیسے جاں بحق ہوئے؟** |
| ج | جنرل ضیاءالحق اپنے ساتھیوں سمیت بہاول پور سے واپسی پر ایک فضائی حادثے میں 17 اگست 1988 کو جاں بحق ہوئے۔ |
| 47 | **پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت کب بنا؟** |
| ج | 28 مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کرکے پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت بن گیا۔ |
| 48 | **کب اور کس نے لاہور اسلام آباد موٹروے کا افتتاح کیا؟** |
| ج | 1998 میں نواز شریف نے لاہور اسلام آباد موٹروے (M-2) کا افتتاح کیا۔ |
| 49 | **نجکاری سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے کو نجی ملکیت میں دینا نجکاری کہلاتا ہے۔ |
| 50 | **اسلامی دنیا کی پہلی خاتون وزیر اعظم کون تھی اور انہوں نے کب حلف اٹھایا؟** |
| ج | بے نظیر بھٹو نے اسلامی دنیا کی پہلی خاتون وزیر اعظم کی حیثیت سے 2 دسمبر 1988 کو حلف اٹھایا۔ |
| 51 | **بھارتی ایٹمی دھماکوں کا رد عمل کیا تھا؟** |
| ج | بھارت نے 11 اور 13 مئی 1998 میں ایٹمی دھماکے کیے۔پاکستان نے رد عمل کے طور پر 28 مئی 1998 کو ایٹمی دھماکے کیے اور دنیا کی ساتویں ایٹمی قوت بن گیا۔ |
| 52 | **بارانی اور نہری زمینوں کی پیداوار پر عشر کی شرح لکھیں۔** |
| ج | بارانی زمین پر عشر 10 فیصد جبکہ نہری زمین پر 5 فیصد ہے۔ |
| 53 | **بے نظیر بھٹو کے پہلے دور حکومت کی آئینی اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | بے نظیر بھٹو کے کے پہلے دور حکومت میں گیارھویں ترمیم پیش ہوئی۔یہ ترمیم قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں خواتین کی نشستوں کے حوالے سے تھی۔ |
| 54 | **نواز شریف کے پہلے دور حکومت کی دو زرعی اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1)زرعی مشینری اور زرعی سامان کی درآمدی ڈیوٹی میں چھوٹ دی گئی۔(2)لاکھوں ایکڑ زمین مزارعین میں تقسیم کی گئی اور ان کو مالکانہ حقوق دیے گئے۔ |
| 55 | **پرویز مشرف کے دور کی دو تعلیمی اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1)روشن خیالی اور اعتدال پسندی کے تحت تعلیمی نصاب کو تبدیل کر دیا گیا۔(2)دینی مدارس کے طلباء کو کمپیوٹر اور سائنسی مضامین پڑھانے کا آغاز کیا گیا۔ |
| 56 | **پرویز مشرف دور کی دو معاشرتی اصلاحات لکھیں۔** |
| ج | (1)روشن خیالی اور اعتدال پسندی۔(2)نجی ٹی وی چینل کا آغاز۔(3) آرمی میں میڈیکل کور کے علاوہ خواتین کی بھرتی۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 57 | 1973 کے آئین میں سترھویں ترمیم کیا ہے؟ |
| ج | یہ ترمیم 2003 میں پرویز مشرف کے دورِ حکومت میں کی گئی جس کے تحت صدرِ پاکستان کو قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اختیار واپس مل گیا۔ |
| 58 | پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کی دو انتظامی اصلاحات تحریر کریں۔ |
| ج | (1) مختلف ممالک کے شہریوں کو ویزا آن ارائیول (Visa on arrival) کی سہولت کی فراہمی۔ (2) سیاحت کے فروغ کے لیے خاطر خواہ اقدامات۔ |
| 59 | جنرل پرویز مشرف نے مقامی حکومتوں کا نظام کب نافذ کیا؟ اور اس کے مقاصد کیا تھے؟ |
| ج | جنرل پرویز مشرف نے 14 اگست 2001 کو مقامی حکومتوں کا نظام نافذ کیا۔ اس نظام کے تین بنیادی مقاصد تھے۔<br>(1) وسائل کی ضلعی سطح پر دستیابی۔ (2) مقامی معاملات کو مقامی سطح پر حل کرنا۔ (3) اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی۔ |
| 60 | مشرف دور میں خواتین کے لیے کیے گئے اقدامات لکھیں۔ |
| ج | (1) خواتین کو بطور "ٹریفک وارڈن" بھرتی کرنا۔ (2) قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں خواتین کے لیے مخصوص نشستیں۔ (3) آرمی میں میڈیکل کور کے علاوہ خواتین کی بھرتی |
| 61 | اعلان لاہور سے کیا مراد ہے؟ / 1999 کا لاہور اعلامیہ کیا ہے؟ |
| ج | 1999 میں بھارتی وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی لاہور آئے۔ دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور بات چیت کے راستے کھولنے کا اعلان کیا گیا۔ جسے "اعلان لاہور" یا "لاہور اعلامیہ" کا نام دیا گیا۔ |
| 62 | نواز شریف کی پہلی حکومت کب، کس نے اور کیوں برطرف کی؟ |
| ج | کراچی اور اندرون سندھ سیاسی حالات کی خرابی اور وزیر اعظم نواز اور صدر پاکستان غلام اسحاق خان کے درمیان تعلقات کی خرابی کی وجہ سے غلام اسحاق خان نے 18 اپریل 1993 کو آئین کی شق 58-2B کا سہارا لے کر نواز شریف کی حکومت کو ختم کر دیا۔ |
| 63 | جون 2012 کو یوسف رضا گیلانی کو کیوں وزارت عظمی چھوڑنی پڑی؟ اور ان کے بعد وزیر اعظم کون بنا؟ |
| ج | 19 جون 2012 کو سپریم کورٹ کے فیصلے کے وجہ سے یوسف رضا گیلانی کو اپنا عہدہ چھوڑنا پڑا اور ان کے بعد راجہ پرویز اشرف ملک کے وزیر اعظم بنے۔ |
| 64 | ضیاء الحق دور کی دو تعلیمی اصلاحات لکھیں۔ |
| ج | (1) خواتین کے لیے علیحدہ یونیورسٹی کے قیام کے لیے اقدامات۔ (2) اسلامیات اور مطالعہ پاکستان کے مضامین کو گریجوایشن تک لازمی قرار دیا گیا۔ |
| 65 | ذوالفقار علی بھٹو کی چند اہم انتظامی اصلاحات لکھیں۔ |
| ج | (1) بھارت کے ساتھ شملہ معاہدہ کیا جس کے نتیجے میں 1971 کی جنگ کے قیدیوں کی وطن واپسی ہوئی۔ (2) پاکستانی عوام کو شناخت دینے کے لیے قومی شناختی کارڈ کا اجراء۔ (3) سول سروس آف پاکستان کے ڈھانچے اور پولیس کے نظام میں اصلاحات کیں۔ |
| 66 | 1973 کے آئین میں کی گئی پہلی اور دوسری ترمیم کیا تھی؟ اور کب کی گئی؟ |
| ج | 1973 کے آئین میں پہلی اور دوسری ترمیم 1974 میں کی گئی۔ (1) پہلی ترمیم میں چاروں صوبوں کی حدود کے تعین کے علاوہ فاٹا کو پاکستان کا حصہ قرار دیا گیا۔<br>(2) دوسری ترمیم میں کہا گیا کہ نبوت کا جھوٹے دعویدار یا حضرت محمد ﷺ کو آخری نبی نہ ماننے والا ہرگز مسلمان نہیں ہو سکتا۔ |
| 67 | 1973 کے آئین میں چھٹی ترمیم اور ساتویں ترمیم کیا ہیں؟ |
| ج | چھٹی ترمیم 1976 میں سپریم کورٹ کے چیف جسٹس اور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی مدت ملازمت اور ریٹائرمنٹ کی عمر کا تعین کیا گیا۔ ساتویں ترمیم 1977 میں وزیر اعظم کو یہ حق دیا گیا کہ وہ ملکی حالات کے پیش نظر کسی معاملے میں ریفرنڈم کے لیے صدر کو مشورہ دے سکتا ہے۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 68 | جنرل پرویز مشرف کے مقامی حکومتوں کا نظام کب نافذ ہوا؟ اور اس کا مقصد کیا تھا؟ |
| ج | جنرل پرویز مشرف نے 14 اگست 2001 سے مقامی حکومتوں کا نظام نافذ کیا۔ یہ نظام مقامی حکومتوں کے قیام اور اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے نافذ کیا گیا۔ |
| 69 | محمد خان جونیجو کی حکومت کا خاتمہ کیسے ہوا؟ |
| ج | محمد خان جونیجو اور جنرل ضیاء الحق کے درمیان اختلافات پیدا ہو گئے جس کی وجہ سے جنرل ضیاالحق نے 29 مئی 1988 کو آئین پاکستان کے آرٹیکل 58-2B کا استعمال کرتے ہوئے محمد خان جونیجو کی حکومت کا خاتمہ کر دیا۔ |
| 70 | 1973ء کے آئین کے مطابق پاکستان کا پورا نام لکھیں۔ |
| ج | 1973ء کے آئین کے مطابق پاکستان کا پورا نام "اسلامی جمہوریہ پاکستان" ہے۔ |
| | **سبق نمبر 4۔ پاکستان اور عالمی امور** |
| 1 | خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | خارجہ پالیسی سے مراد کسی ملک کی کسی دوسرے ملک کے ساتھ تعلقات کی وہ حکمت عملی ہے جس کے تحت وہ ملک اپنے قومی مفادات کے تحفظ کی خاطر دوسرے ممالک سے تعلقات قائم کرتا ہے۔ |
| 2 | گوادر کی بندرگاہ کی اہمیت تین لائنوں میں لکھیں۔ |
| ج | گوادر کی بندرگاہ پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے شہر گوادر میں بحیرہ عرب پر واقع ہے۔ یہ بندرگاہ مشرقی اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے لیے سمندری رابطے کا ذریعہ ہے۔ اس بندرگاہ کے ذریعے یوریا کھاد، گندم، کوئلہ، اور دیگر اشیاء کی تجارت شروع ہو گئی ہے۔ چین پاکستان راہداری منصوبوں کی تکمیل کے بعد اس بندرگاہ کو دنیا بھر میں مرکزی حیثیت مل جائے گی جس سے پاکستان کی معیشت میں بھی بہتری آئے گی۔ |
| 3 | وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) قازقستان۔ (2) کرغزستان۔ (3) تاجکستان۔ (4) ترکمانستان۔ (5) ازبکستان۔ |
| 4 | مسئلہ فلسطین سے کیا مراد ہے؟/ مسئلہ فلسطین کا پس منظر کیا ہے؟ |
| ج | 1948 میں مغربی ممالک کی ایماء پر فلسطین کی سرزمین پر اسرائیل کے نام سے ایک ریاست قائم ہوئی۔ فلسطینیوں کے لیے یہ بات ناقابل قبول تھی۔ اسرائیل نے اپنے علاقے پھیلانے شروع کر دیئے۔ کئی مرتبہ اسرائیل اور عربوں میں جنگ ہوئی مگر اتحاد کی کمی کی وجہ سے کامیاب نہ ہو سکے۔ اس طرح یروشلم سمیت اہم علاقے اسرائیل کے کنٹرول میں چلے گئے اور فلسطین کا مسئلہ ایک سنگین صورت اختیار کر گیا۔ آج بھی اقوام متحدہ اور دیگر عالمی طاقتوں کی طرف سے آزاد فلسطین کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ |
| 5 | پاکستان کے بری اور بحری راستے کیوں اہم ہیں؟ |
| ج | پاکستان کے بری اور بحری راستے اس لیے اہم ہیں کیونکہ پاکستان تیل پیدا کرنے والے خلیجی ممالک کے قریب واقع ہے۔ زیادہ تر مغربی ممالک کی صنعتی ترقی کا انحصار خلیجی ممالک سے آنے والے تیل پر ہے جو کہ بحیرہ عرب کی کراچی بندرگاہ کے ذریعے سے بھیجا جاتا ہے۔ اسی طرح پاکستان، افغانستان کو تجارت کے لیے اپنے بری اور بحری راستوں کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ |
| 6 | سارک تنظیم میں کتنے ممالک شامل ہیں؟ ان کے نام لکھیں۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | سارک تنظیم میں 8 ممالک شامل ہیں۔ ان کے نام پاکستان، افغانستان، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، بھوٹان، نیپال اور مالدیپ ہیں۔ |
| 7 | **آر۔ سی۔ ڈی (R.C.D) کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | ترکی، پاکستان اور ایران نے مل کر ایک تنظیم علاقائی تعاون برائے ترقی یعنی آر۔ سی۔ ڈی۔ 1964 میں قائم کی۔ تاہم 1979 میں اس کی سرگرمیاں ختم ہو گئیں۔ اس کی جگہ 1985 میں اقتصادی تعاون کی تنظیم یعنی ای۔ سی۔ او۔ قائم کی گئی۔ |
| 8 | **چین پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبہ (CPEC) پر چند لائنز لکھیں۔ سی پیک یعنی چین پاکستان راہداری منصوبہ سے کیا مراد ہے؟ اس کا بنیادی مقصد کیا ہے؟** |
| ج | سی پیک (CPEC) یعنی چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ ایک بہت بڑا تجارتی منصوبہ ہے۔ اس کا مقصد جنوب مغربی پاکستان سے چین کے شمال مغربی علاقے سنکیانگ تک گوادر بندرگاہ، ریلوے اور موٹروے کی ذریعے سے تیل اور گیس کی کم وقت میں ترسیل ہے۔ چین پاکستان راہداری منصوبہ پاکستان اور پورے خطے کے ممالک کی معیشت کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ |
| 9 | **ویٹو سے کیا مراد ہے؟ / ویٹو پاور سے کیا مراد ہے؟ اقوام متحدہ کے ان ممبران کے نام لکھیں جن کو ویٹو کا اختیار حاصل ہے۔** |
| ج | دنیا کی پانچ بڑی طاقتیں امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور چین اقوام متحدہ کے مستقل ارکان ہیں۔ ان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اقوام متحدہ میں پیش کردہ کسی بھی قرارداد یا بل کو مسترد کر دیں۔ ان کے اس اختیار کو ویٹو پاور کہا جاتا ہے۔ |
| 10 | **چین پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبہ (CPEC) کے پاکستان کے لیے چند فوائد لکھیں۔ / پاکستانی معیشت پر سی پیک کے چند اثرات تحریر کریں۔** |
| ج | چین پاکستان راہداری منصوبہ پاکستان اور پورے خطے کے ممالک کی معیشت کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اس سے توانائی، سڑکوں، ریل، صنعت اور سیاحت کے شعبوں کو ترقی ملے گی۔ ملک میں کاروباری سرگرمیاں تیز ہوں گی اور معیشت مستحکم ہو گی۔ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور غربت میں کمی آئے گی۔ مختلف شعبوں میں ترقی کے لئے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ |
| 11 | **پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے لئے کیسے فائدہ مند ہے؟** |
| ج | پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے لئے فائدہ مند ہے کیونکہ ان ریاستوں کے پاس تجارت کے لیے اپنا ساحل سمندر نہیں ہے۔ پاکستان انھیں یہ سہولت دیتا ہے۔ |
| 12 | **چین پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبہ (CPEC) کن مشکلات کا شکار ہے۔ اس پر چار لائنز لکھیں۔** |
| | چین پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبہ کئی مشکلات کا شکار ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کے مسائل اس کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ مقامی آبادی کو اس کے ثمرات سے محروم کرنے کی وجہ سے مزاحمت اور بے چینی بڑھ رہی ہے۔ بعض علاقائی اور عالمی طاقتیں اس کو اپنے مفادات کے خلاف سمجھتی ہیں اور اسے روکنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ |
| | **اضافی سوالات** |
| 13 | **ایران کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | اسلامی جمہوریہ ایران کا سرکاری مذہب اسلام اور قومی زبان فارسی ہے۔ اس کی کرنسی کو ایرانی ریال کہتے ہیں۔ ایران کا دارالحکومت تہران ہے۔ یہ دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں سے ایک ہے۔ تیل کے عظیم ذخائر کے بدولت ایران کی بین الاقوامی سیاست میں اہمیت ہے۔ پاک ایران مشترکہ سرحد کی لمبائی 909 کلو میٹر ہے۔ |
| 14 | **مالدیپ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | مالدیپ کئی جزائر پر مشتمل ایک ریاست ہے ۔ یہاں قریباً 200 ایسے جزائر ہیں جن پر انسانی آبادی موجود ہے۔مالدیپ کا دارالحکومت "مالے" ہے۔یہاں پورے ملک کی 80 فیصد آبادی رہتی ہے۔ |
| 15 | **چین کا تعارف تین لائنوں میں لکھیں۔** |
| ج | عوامی جمہوریہ چین 1949 میں قائم ہوا۔ یہ پاکستان کے شمال مشرق میں واقع ہے۔ آبادی کے لحاظ سے چین دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔یکم اکتوبر کو چینی یوم آزادی مناتے ہیں۔چین کی کرنسی کا نام "یوان" ہے۔پاکستان اور چین کی مشترکہ سرحد کی لمبائی قریباً 599 کلو میٹر ہے۔ |
| 16 | **کون سی شاہراہ پاکستان کو چین سے ملاتی ہے؟اور اس شاہراہ کا دوسرا نام کیا ہے؟** |
| ج | "شاہراہ قراقرم" پاکستان کو چین سے ملاتی ہے۔اس شاہراہ کو "شاہراہ ریشم" بھی کہتے ہیں۔ |
| 17 | **اقتصادی تعاون کی تنظیم یا ای سی او(E.C.O) سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟اور اسکا مقصد کیا ہے؟** |
| ج | اقتصادی تعاون کی تنظیم یا ای سی او(E.C.O) 10 ایشیائی ممالک پاکستان،ایران،ترکی،افغانستان، آذربائیجان، قازقستان،کرغستان،تاجکستان،ترکمانستان،اور ازبکستان پر مشتمل ہے۔یہ 1985 میں قائم ہوئی۔اس کا صدر دفتر ایران کے دارالحکومت تہران میں واقع ہے۔اس تنظیم کا مقصد یورپی اقتصادی اتحاد کی طرح اشیا اور خدمات کے لیے واحد مارکیٹ تشکیل دینا ہے۔ |
| 18 | **پاکستان کے صوبہ پنجاب میں 2011-2012 میں ڈینگی پر قابو پانے میں سری لنکا نے کس طرح مدد کی؟** |
| ج | اس وقت سری لنکا نے ماہر ڈاکٹروں کی ایک ٹیم پاکستان بھیجی اور دونوں حکومتوں نے مل کر ڈینگی کے خاتمے کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ |
| 19 | **پاکستان کتنے عرصے کے لیے سلامتی کونسل کا غیر مستقل رکن بنا؟** |
| ج | پاکستان یکم جنوری 2025 سے دو سال کے لیے سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کے طور پر فرائض سرانجام دے گا۔ |
| 20 | **ڈیورنڈ لائن(Durand Line) سے کیا مراد ہے؟اسکی لمبائی کتنی ہے؟اور اسکا تعین کب ہوا؟** |
| ج | پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحد(بارڈر) کو ڈیورنڈ لائن کہتے ہیں۔اس کی لمبائی قریباً 2611 کلو میٹر ہے۔اسکا تعین 1893 میں ہوا۔ |
| 21 | **لائن آف کنٹرول کس سرحد کو کہا جاتا ہے؟** |
| ج | مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کی سرحد کو لائن آف کنٹرول کہا جاتا ہے۔ |
| 22 | **پاکستان کی دو قدیم تہذیبوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)وادی سندھ کی تہذیب۔(1)گندھارا کی تہذیب۔ |
| 23 | **چین کب آزاد ہوا اور کب یوم آزادی مناتے ہیں؟** |
| ج | چین 1949 میں آزاد ہوا اور ہر سال یکم اکتوبر کو چینی اپنا یوم آزادی مناتے ہیں۔ |
| 24 | **اقوام متحدہ کا قیام کب عمل میں آیا اور پاکستان نے کب اس کی رکنیت حاصل کی؟** |
| ج | اقوام متحدہ کا قیام 24 اکتوبر 1945 کو عمل میں آیا اور پاکستان نے 30 ستمبر 1947 کو اقوام متحدہ کی رکنیت حاصل کی۔ |
| 25 | **اسلامی تعاون تنظیم(OIC)/اسلامی کانفرنس کی تنظیم کے دس رکن ممالک کے نام لکھیں۔** |
| ج | پاکستان، سعودی عرب، ایران،ترکی، مصر،شام،فلسطین،لیبیا،انڈونیشیا اور ملائیشیا۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 26 | اسلامی کانفرنس کی تنظیم کا پہلا اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا؟ |
| ج | اسلامی تعاون کی تنظیم (او۔ائی۔سی) کا پہلا اجلاس 1969 میں مراکش کے شہر رباط میں ہوا۔ |
| 27 | اسلامی تعاون کی تنظیم کا دوسرا اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا؟ |
| ج | اسلامی تعاون کی تنظیم (او۔ائی۔سی) کا دوسرا اجلاس 1974 میں لاہور میں منعقد ہوا۔ |
| 28 | امریکا نے افغانستان پر حملہ کیوں کیا؟ |
| ج | 11 ستمبر 2001 میں امریکا میں ہونے والی دہشت گردی کے واقعہ کی ذمہ داری افغان طالبان پر لگا کر امریکہ نے افغانستان پر حملہ کر دیا۔ |
| 29 | پاکستان کی سب سے بلند پہاڑی چوٹی کون سی ہے؟ اور اس کی بلندی کتنی ہے؟ |
| ج | پاکستان کی سب سے بلند پہاڑی چوٹی کے۔ٹو ہے جس کی بلندی تقریباً 8611 میٹر ہے اور یہ پوری دنیا میں بلندی کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے۔ |
| 30 | پاکستان نے آج تک اسرائیل کو کیوں تسلیم نہیں کیا ہے؟ |
| ج | پاکستان اسرائیل کے قیام کو غیر قانونی سمجھتا ہے اس لیے پاکستان نے آج تک اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا۔ |
| 31 | پاکستان نے کب بنگلہ دیش کو تسلیم کیا؟ |
| ج | پاکستان نے 1974 میں لاہور میں دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کے موقع پر بنگلہ دیش کو تسلیم کیا۔ |
| 32 | پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد تحریر کریں۔ |
| ج | (1) نظریہ پاکستان کا تحفظ ۔(2) قومی تحفظ اور سلامتی ۔(3) معاشی ترقی۔ (4) ثقافت کا فروغ ۔ |
| 33 | بھوٹان سے پاکستان کے لیے اہم درآمدات تحریر کریں۔ |
| ج | (1) پٹ سن۔(2) ربڑ۔(3) بیجوں کا تیل۔(4) مختلف کیمیکلز۔ |
| 34 | بھوٹان کے لیے پاکستان کی چار برآمدات کون کون سی ہیں؟ |
| ج | (1) کپاس کی گانٹھیں۔(2) ٹیکسٹائل کی اشیاء۔(3) کھیلوں کا سامان۔(4) چمڑے سے بنی اشیاء۔ |
| 35 | آر۔سی۔ڈی (R.C.D) کے ممبر ممالک کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) پاکستان۔(2) ایران۔(3) ترکی۔ |
| 36 | پاکستان اور بھارت کے درمیان کتنے معاہدے ہوئے؟ |
| ج | (1) سندھ طاس معاہدہ 1960۔(2) شملہ معاہدہ 1972۔ |
| 37 | سندھ طاس معاہدہ کب اور کن ممالک کے درمیان ہوا؟ |
| ج | سندھ طاس معاہدہ 1960 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ہوا۔ |
| 38 | پاکستان میں کس ملک کے تعاون سے اور کس کے دور حکومت میں سٹیل مل لگائی گئی؟ |
| ج | ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں روس کے تعاون سے کراچی میں سٹیل مل لگائی گئی جو کہ پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ |
| 39 | یورپی یونین سے کیا مراد ہے؟ / یورپی یونین کے قیام کا تصور کیا ہے؟ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | یورپی یونین یورپی ممالک کی ایک تنظیم ہے۔یورپی ممالک نے باہمی طور پر "ایک یورپ" کے تصور کے تحت یورپی یونین بنائی ہے۔ |
| 40 | **سارک (SAARC) کس کا مخفف ہے؟** |
| ج | سارک ساؤتھ ایشین ایسوسی ایشن آف ریجنل کوآپریشن یعنی جنوبی ایشیائی ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون کا مخفف ہے۔ |
| 41 | **سارک تنظیم کیا ہے؟سارک تنظیم کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | سارک جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون ہے جس کا قیام 1985 میں عمل میں آیا۔اس تنظیم میں 8 ممالک شامل ہیں۔ |
| 42 | **تیل پیدا کرنے والے چند خلیجی ممالک کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) سعودی عرب۔(2) عراق۔(3) کویت۔(4) بحرین۔(5) اومان۔(6) قطر |
| 43 | **چند ممالک کے نام تحریر کریں جو خلیج فارس کے آس پاس ہیں۔** |
| ج | (1) سعودی عرب۔(2) عراق۔(3) کویت۔(4) بحرین۔(5) اومان۔(6) قطر |
| 44 | **مشرق بعید کے چند مسلم ممالک کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) ملائیشیا۔(2) انڈونیشیا۔(3) برونائی دارالاسلام۔ |
| 45 | **پاکستان اور بھارت کے درمیان پہلی جنگ کب اور کس محاذ پر لڑی گئی؟** |
| ج | پاکستان اور بھارت کے درمیان پہلی جنگ 1948 میں کشمیر کے محاذ پر لڑی گئی۔ |
| 46 | **سارک کا چھٹا سربراہی اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا؟** |
| ج | سارک کا چھٹا سربراہی اجلاس 1991 کو سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں ہوا۔ |
| 47 | **سارک کا دسواں سربراہی اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا؟** |
| ج | سارک کا دسواں سربراہی اجلاس 1998 کو سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں ہوا۔ |
| 48 | **تیرھویں سربراہی سارک کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟** |
| ج | سارک کی تیرھویں سربراہی کانفرنس 2005 میں ڈھاکہ میں منعقد ہوئی۔ |
| 49 | **معاہدہ تاشقند کیا ہے؟/1965 پاک بھارت جنگ کے بعد روس کا کردار لکھیں۔** |
| ج | 1965 کی جنگ کے بعد روس نے تاشقند کے مقام پر پاکستان اور بھارت کے درمیان ایک معاہدہ کروا کر جنگی قیدیوں کی واپسی اور علاقوں پر قبضے کا مسئلہ حل کروایا۔اس معاہدے کو معاہدہ تاشقند کہتے ہیں۔ |
| 50 | **2005 کے زلزلے میں ترکی نے پاکستان کی مدد کیسے کی؟** |
| ج | 2005 کے زلزلے میں ترک باشندوں نے دل کھول کر زلزلہ متاثرین کی مدد کی۔ترک ڈاکٹروں،نرسوں،طبی عملے اور امدادی تنظیموں نے اپنے آرام و سکون کی پرواہ کیے بغیر متاثرہ افراد کی دیکھ بھال کی۔ |
| 51 | **معاہدہ سیٹو اور سینٹو سے پاکستان کو کیا فائدہ ہوا اور یہ معاہدے کیا ہیں؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 1954 میں پاکستان نے امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے ساتھ دفاعی معاہدے سیٹو پر دستخط کیے۔ 1955 میں پاکستان معاہدہ بغداد میں بھی امریکہ کے ساتھ اتحادی بن گیا۔ معاہدہ بغداد بعد میں سینٹو کہلایا۔ ان معاہدوں کی وجہ سے پاکستان کو فوجی اور معاشی امداد ملی جس سے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ ہوا۔ | ج |
| **جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) پاکستان میں کیا خدمات سرانجام دے رہی ہے؟** | 52 |
| جائیکا پاکستان میں تعلیم، صحت، پینے کے پانی کی فراہمی، نکاسی آب، زراعت، ذرائع آمدورفت اور توانائی وغیرہ کے شعبوں میں معاونت کر رہی ہے۔ | ج |
| **اسلامی تعاون کی تنظیم کے اجلاسوں میں پاکستان کا کردار کیا رہا ہے؟** | 53 |
| پاکستان نے 1969 سے لے کر اب تک اسلامی تعاون کی تنظیم کے تمام اجلاسوں میں بھرپور شرکت کی ہے۔ پاکستان نے اسلامی تعاون تنظیم کے اجلاسوں میں اسلامی ممالک کے اتحاد، ہم آہنگی اور تعاون کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے، اور مسلمانوں کے حقوق کے لیے اٹھنے والی تحریکوں کا ساتھ دیا ہے۔ | ج |
| **مسئلہ کشمیر کیا ہے؟ پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر کا پس منظر کیا ہے؟ مسئلہ کشمیر کیوں پاک بھارت تعلقات کی راہ میں رکاوٹ ہے؟** | 54 |
| قیام پاکستان کے وقت ریاست جموں کشمیر کے عوام کی خواہش تھی کہ کشمیر پاکستان میں شامل ہو لیکن وہاں کے حکمران ہندو ڈوگرا نے عوام کی خواہشات کے برعکس کشمیر کا الحاق بھارت سے کر دیا اور بھارتی افواج کو کشمیری عوام پر مسلط کر دیا۔ اس تسلط کے خلاف کشمیری عوام آج تک آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ مسئلہ کشمیر پر پاکستان اور بھارت کے درمیان کئی جنگیں ہو چکی ہیں۔ | ج |
| **پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کی بنیاد کیا ہے؟** | 55 |
| پاکستان اور امریکا کے تعلقات کی بنیاد قومی سلامتی اور قومی مفادات کا تحفظ ہے۔ پاک امریکا تعلقات کی ابتدا اس وقت ہوئی جب امریکی صدر ٹرومین نے پاکستانی وزیر اعظم لیاقت علی خان کو امریکی دورے کی دعوت دی جسے انہوں نے قبول کر لیا اور 1950 میں امریکا کا دورہ بھی کیا۔ | ج |
| **اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے 1949 میں کیا اقدام کیا؟** | 56 |
| سلامتی کونسل نے 1949 میں ایک قرارداد کے ذریعے سے کشمیر میں جنگ بندی کی اپیل کی جس کے بعد جنگ بندی عمل میں آئی۔ اسلامی کونسل نے اپنے اعلامیہ میں پاکستان کے اس موقف کو تسلیم کر لیا کہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام کی مرضی کے مطابق ہو گا اور اس مقصد کے لیے اقوام متحدہ کے زیر نگرانی استصواب رائے کرایا جائے گا۔ | ج |
| **پاکستان کی قومی تعمیر و ترقی میں چین کا کیا خصوصی کردار ہے؟** | 57 |
| پاکستان کی تعمیر و ترقی میں چین نے اہم کردار ادا کیا۔ پاک بھارت جنگوں میں چین نے فراخ دلی سے پاکستان کا ساتھ دیا۔ چین نے پاکستان کی صنعتی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ چین نے پاکستان کو ٹینک سازی اور طیارہ سازی میں بھرپور مدد کی جس سے پاکستان کی اسلحہ سازی کی صنعت نے ترقی کی۔ موجودہ دور میں چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ | ج |
| **جاپان نے بلوچستان کی پسماندگی کو دور کرنے کے لیے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟** | 58 |
| جاپان نے بلوچستان کی پسماندگی کو دور کرنے کے لیے بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، خضدار کے لیے جدید مشینری، اور گدو، سبی اور کوئٹہ کے درمیان بجلی کی سپلائی جیسے منصوبے پاکستان کو دیے ہیں۔ | ج |
| **ہندوستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی معاہدہ کب ہوا اور اس کا پس منظر کیا ہے؟ / ڈیورنڈ لائن کا تعین کب ہوا اور اس کا پس منظر کیا ہے؟** | 59 |
| قیام پاکستان سے قبل برطانوی حکومت نے والی افغانستان امیر عبدالرحمان خان سے مراسلت کی اور ان کی دعوت پر ہندوستان کے وزیر خارجہ مانٹیمر ڈیورنڈ 1893 میں کابل گئے۔ دونوں حکومتوں کے درمیان 100 سال کے لیے سرحدی معاہدہ طے پایا جو ڈیورنڈ لائن کہلاتی ہے۔ اس کی لمبائی 2611 کلومیٹر ہے۔ | ج |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 60 | **او۔ آئی۔ سی یعنی اسلامی تعاون کی تنظیم کے قیام کا پس منظر اور مقصد کیا تھا؟/او۔ آئی۔ سی (OIC) یعنی اسلامی تعاون کی تنظیم کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | 1969 میں جب اسرائیلیوں نے مسجد اقصیٰ کو آگ لگائی تو دنیا بھر کے مسلمانوں میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ اس واقعے کے بعد مسلم ممالک کے نمائندے مراکش کے شہر رباط میں اکٹھے ہوئے اور 1969 میں اسلامی کانفرنس کی تنظیم (او۔ آئی۔ سی) کا قیام عمل میں آیا۔ اس کا صدر دفتر جدہ (سعودی عرب) میں واقع ہے۔ اب اس تنظیم کا نام اسلامی تعاون کی تنظیم ہے۔ اس تنظیم کا مقصد اسلامی ممالک کے ساتھ اتحاد اور تعاون اور فلسطینی عوام کی آزادی اور خود مختاری کے لئے دنیا بھر میں آواز اٹھانا تھا۔ |
| 61 | **مسئلہ فلسطین پر پاکستان کا موقف کیا ہے؟** |
| ج | پاکستان نے ہمیشہ فلسطینی عوام کے حقوق کے لیے ہر عالمی فورم پر بات کی ہے اور عالمی برادری کی توجہ اس مسئلے کی جانب دلائی ہے۔ پاکستان ہمیشہ اس مسئلے کے حل کے لیے کوشاں رہا ہے۔ |
| | **سبق نمبر۔5 زمین اور ماحول** |
| 1 | **محل وقوع کی تعریف کریں۔** |
| ج | کوئی ملک، شہر، قصبہ یا کوئی بھی طبعی جسم جہاں پایا جائے اسے اس کا محل وقوع کہتے ہیں۔ |
| 2 | **پاکستان کو کن ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے؟ نام لکھیں۔** |
| ج | (1) آلودگی۔ (2) جنگلات کا کٹاؤ۔ (3) زمین کا صحرا میں تبدیل ہونا۔ (4) سیم و تھور۔ |
| 3 | **پاکستان کے چار قدرتی خطوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) میدانی خطہ۔ (2) صحرائی خطہ۔ (3) ساحلی خطہ۔ (4) خشک اور نیم خشک پہاڑی خطہ۔ |
| 4 | **زمینی آلودگی سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | زمینی آلودگی سے مراد زمین پر گھریلو کوڑا کرکٹ اور فیکٹریوں اور ہسپتالوں کے زہریلے مواد کا پھیلاؤ ہے۔ |
| 5 | **سیم و تھور سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | نہری پانی کی وجہ سے زیر زمین پانی کی سطح میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ جب کسی علاقے میں پانی کی سطح 1.5 میٹر تک رہ جاتی ہے تو زمین میں موجود نمکیات پانی کے ساتھ سطح زمین پر آجاتے ہیں۔ پانی بخارات بن کر اڑ جاتا ہے جب کہ نمکیات سطح زمین پر رہ جاتے ہیں۔ اس صورتحال کو تھور کہتے ہیں۔ بعض اوقات زیر زمین پانی کی سطح بلند ہو جاتی ہے اور پانی سطح زمین پر آجاتا ہے۔ اس کو سیم کا نام دیا جاتا ہے۔ |
| 6 | **ساحلی خطے کی نباتات بیان کریں۔** |
| ج | پاکستان کے ساحلی خطے میں کم جنگلات پائے جاتے ہیں۔ بارش کی کمی کی وجہ سے یہاں ناریل کے درخت عام نہیں ہیں۔ جب کہ ساحلی جنگلات بکثرت ملتے ہیں۔ |
| 7 | **جنگلات کے چند فائدے لکھیں۔** |
| ج | (1) جنگلات سے ہم لکڑی حاصل کرتے ہیں۔ (2) جنگلات جنگلی حیات کے لیے ضروری ہیں۔ (3) جنگلات بارش کا باعث بنتے ہیں۔ |
| 8 | **پاکستان کی اہم جنگلی حیات کون سی ہے؟** |
| ج | پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں جنگلی بلی اور برفانی ریچھ، کم بلند پہاڑی علاقوں میں لومڑ، کالا ہرن اور چیتا، جنوبی پنجاب میں نیل گائے، گیدڑ، سانپ اور مور جب کہ تھل اور چولستان میں اونٹ، نیل گائے، صحرائی لومڑی اور شتر مرغ پائے جاتے ہیں۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 9 | پاکستان میں پائے جانے والے چند گلیشیئرز کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) سیاچن گلیشیئر۔ (2) بالتورو گلیشیئر۔ (3) بتورا گلیشیئر۔ (4) بیافو گلیشیئر۔ (5) ہسپر گلیشیئر۔ |
| 10 | دریائے سندھ کے مغربی معاون دریاؤں کے نام لکھیں۔ |
| ج | دریائے سندھ کے مغربی معاون دریاؤں میں دریائے سوات، دریائے، دریائے کابل، دریائے کرم، دریائے ٹوچی، دریائے گومل، اور دریائے گلگت شامل ہیں۔ |
| 11 | پانی کو آلودگی سے بچانے کے طریقے لکھیں۔ |
| ج | (1) فیکٹریوں سے خارج ہونے والے پانی کو فلٹر کر کے دریاؤں اور نہروں میں ڈالیں۔<br>(2) گھریلو کوڑا کرکٹ کو ندی نالوں، اور جھیلوں میں پھینکنے کی بجائے مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانا۔ |
| 12 | غیر دوامی نہروں سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | ایسی نہریں جو صرف موسم برسات یا موسم گرما میں بہتی ہیں غیر دوامی نہریں کہلاتی ہیں۔ ان کو ششماہی نہریں بھی کہا جاتا ہے۔ |
| 13 | صحرا زدگی (Desertification) سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | وہ عمل جس میں زمین کی زرخیزی قائم نہیں رہتی اور ناقابل کاشت اور ناکارہ بن جاتی ہے صحرا زدگی کہلاتا ہے۔ |
| 14 | کوہستان نمک کہاں واقع ہے؟ کوہ نمک کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | کوہ نمک سطح مرتفع پوٹھوار کے جنوب میں واقع ہے۔ اس کے مشرق میں دریائے جہلم واقع ہے۔ کوہ نمک کی اوسط بلندی قریباً 700 میٹر ہے۔ سکیسر کے مقام پر اس کی بلندی قریباً 1500 میٹر ہو جاتی ہے۔ اس علاقے کا مشہور دریا "دریائے سواں" ہے۔ |
| 15 | پاکستان میں نہروں کی کون کون سی اقسام ہیں؟ نام لکھیں۔ |
| ج | پاکستان میں نہروں کی چار قسمیں ہیں۔ (1) دوامی نہریں۔ (2) غیر دوامی نہریں۔ (3) طغیانی یا سیلابی نہریں۔ (4) رابطہ نہریں۔ |
| 16 | کون سی سطح مرتفع کو دنیا کی چھت کہا جاتا ہے؟/ دنیا کی بلند ترین سطح مرتفع کون سی ہے؟ |
| ج | سطح مرتفع پامیر دنیا کی بلند ترین سطح مرتفع ہے۔ اس کو دنیا کی چھت بھی کہتے ہیں۔ |
| 17 | زمینی درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے کس قسم کی تبدیلیاں ہو رہی ہیں؟ |
| ج | زمینی درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے موسم کی شدت میں اضافہ، سیلاب اور خشک سالی، بے وقت بارشیں اور گلیشیئرز کے پگھلنے جیسی تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔ |
| 18 | جنگلات کے کٹاؤ کے چند نقصانات لکھیں۔ |
| ج | (1) آکسیجن کی پیداوار میں کمی۔ (2) زمین کے درجہ حرارت میں اضافہ۔ (3) فضا میں نقصان دہ گیسوں کا اضافہ۔ (4) جنگلی حیات کو نقصان۔ |
| 19 | دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو کیا کہتے ہیں؟ |
| ج | دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو دوآبہ کہتے ہیں۔ |
| 20 | بلوچستان کے کون سے دریا بحیرہ عرب میں گرتے ہیں؟ |
| ج | بلوچستان کے دریائے دشت، دریائے ہنگول، دریائے پورالی اور دریائے حب بحیرہ عرب میں گرتے ہیں۔ |
| | **اضافی سوالات** |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 21 | دنیا کی بلند ترین چوٹی کا نام، اس کی لمبائی اور جگہ کا نام لکھیں۔ |
| ج | دنیا کی بلند ترین چوٹی کا نام ماؤنٹ ایورسٹ ہے اور اس کی بلندی 8848 میٹر ہے۔ اور یہ نیپال میں واقع ہے۔ |
| 22 | کون سی چیز دنیا بھر میں تازہ پانیوں کا سب سے بڑا ذریعہ ہے؟ |
| ج | گلیشیئرز دنیا بھر میں تازہ پانیوں کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ |
| 23 | نمکین پانی کی سب سے بڑی جھیل کون سی ہے اور یہ کہاں واقع ہے؟ |
| ج | ہامون مشخیل نمکین پانی کی سب سے بڑی جھیل ہے اور یہ صوبہ بلوچستان میں واقع ہے۔ |
| 24 | خطرے سے دوچار جانوروں سے کیا مراد ہے؟ اور وہ کون کون سے ہیں؟ / پاکستان میں خطرے سے دوچار جانوروں کے نام لکھیں۔ |
| ج | خطرے سے دوچار جانوروں سے مراد وہ جانور ہیں جن کی نسل ختم ہونے کے قریب ہے۔ ان جانوروں میں برفانی ریچھ، انڈس ڈولفن اور کالا ہرن شامل ہیں۔ |
| 25 | Reforestation سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | Reforestation سے مراد کٹے ہوئے جنگلات کی جگہ پر نئے جنگلات لگانا ہے۔ |
| 26 | سموگ سے کیا مراد ہے اور اس کے نقصانات کیا ہیں؟ |
| ج | سموگ ہوا کی آلودگی کی ایک قسم ہے جو کہ دھوئیں اور دھند کا آمیزہ ہے۔ یہ انسانوں میں آنکھوں، پھیپھڑوں اور جلدی امراض کا سبب بنتی ہے۔ |
| 27 | پاکستان براعظم ایشیا کے کس حصے میں واقع ہے؟ |
| ج | پاکستان براعظم ایشیا کی جنوب میں واقع ہے۔ |
| 28 | پاکستان کا کل رقبہ کتنا ہے؟ |
| ج | پاکستان کا کل رقبہ 796096 مربع کلومیٹر ہے۔ |
| 29 | پاکستان کا کتنے فیصد رقبہ پہاڑوں، میدانوں اور ریگستانوں پر مشتمل ہے؟ |
| ج | پاکستان کا قریباً 58 فیصد رقبہ پہاڑوں اور سطوح مرتفع پر مشتمل ہے جبکہ قریباً 42 فیصد رقبہ میدانوں اور ریگستانوں پر مشتمل ہے۔ |
| 30 | پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع بیان کریں۔ |
| ج | جغرافیائی محل وقوع کے لحاظ سے پاکستان براعظم ایشیاء کے جنوب میں 23.5 سے 37 درجے عرض بلد شمالی اور 61 سے 77 درجے طول بلد مشرقی کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ پاکستان کے مشرق میں بھارت، شمال مشرق میں چین، مغرب میں افغانستان اور ایران اور جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ |
| 31 | طبعی خدوخال کے لحاظ سے پاکستان کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ |
| ج | اس لحاظ سے پاکستان کو تین بڑے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ (1) پہاڑی سلسلے۔ (2) میدانی علاقے۔ (3) سطوح مرتفع۔ |
| 32 | پہاڑ کسے کہتے ہیں؟ |
| ج | زمین کا وہ حصہ جو سطح زمین سے بلند ہو اور جس کے اطراف کی ڈھلوان پتھریلی اور ناہموار ہو پہاڑ کہلاتا ہے۔ |
| 33 | پاکستان میں کون سے پہاڑی سلسلے واقع ہیں؟ |
| ج | پاکستان میں تین بڑے پہاڑی سلسلے واقع ہیں۔ (1) شمالی پہاڑی سلسلے۔ (2) شمال مغربی پہاڑی سلسلہ۔ (3) مغربی پہاڑی سلسلے۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 34 | **شمالی پہاڑی سلسلے میں پائے جانے والے پہاڑی سلسلوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | اس پہاڑی سلسلے میں دو پہاڑی سلسلے پائے جاتے ہیں۔(1) کوہ قراقرم۔(2) کوہ ہمالیہ۔ |
| 35 | **کوہ قراقرم کے پہاڑی سلسلے میں کون سی خوبصورت وادیاں ہیں؟** |
| ج | کوہ قراقرم کے پہاڑی سلسلے میں وادی ہنزہ اور وادی گلگت واقع ہیں۔ |
| 36 | **کوہ ہمالیہ میں کون سے پہاڑی سلسلے واقع ہیں؟** |
| ج | شوالک کی پہاڑیاں، ہمالیہ صغیر اور ہمالیہ کبیر کے پہاڑی سلسلے کوہ ہمالیہ میں واقع ہیں۔ |
| 37 | **کوہ ہندوکش کے پہاڑی سلسلے میں کون سی وادیاں واقع ہیں؟** |
| ج | اس پہاڑی سلسلے میں چترال، سوات اور دیر کی وادیاں واقع ہیں۔ |
| 38 | **مغربی پہاڑی سلسلے میں پائے جانے والے پہاڑی سلسلوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | اس پہاڑی سلسلے میں کوہ سفید، وزیرستان کی پہاڑیاں، کوہ سلیمان، کیرتھر کی پہاڑیاں اور کوہ نمک واقع ہے۔ |
| 39 | **کوہ سلیمان کی بلند ترین چوٹی کا نام کیا ہے؟** |
| ج | کوہ سلیمان کی بلند ترین چوٹی کا نام تخت سلیمان ہے جو کہ سطح سمندر سے تقریبا3379 میٹر بلند ہے۔ |
| 40 | **بگٹی اور مری کی پہاڑیاں کس پہاڑی سلسلے میں واقع ہیں؟** |
| ج | کوہ سلیمان کے جنوب میں بگٹی اور مری کی پہاڑیاں ہیں۔ درہ بولان اسی پہاڑی سلسلے میں واقع ہے۔ |
| 41 | **وزیرستان کی پہاڑیوں کے اہم دروں کے نام تحریر کریں۔** |
| ج | (1) درہ کرم۔(2) درہ ٹوچی۔(3) درہ گومل۔ |
| 42 | **ترچ میر کی چوٹی کس پہاڑی سلسلے میں واقع ہے؟/ اور اس کی بلندی کتنی ہے؟** |
| ج | ترچ میر کی چوٹی کوہ ہندوکش میں واقع ہے اور اس کی بلندی تقریبا7690 میٹر ہے۔ |
| 43 | **پاکستان کے شمالی علاقوں اور بلند پہاڑوں میں رہنے والے چند جانوروں کے نام لکھیں۔** |
| ج | شمالی علاقہ جات میں پہاڑوں پر بندر، جنگلی بلیاں اور ریچھ کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ |
| 44 | **وزیرستان کے پہاڑوں میں کون سے مشہور درے ہیں؟** |
| ج | وزیرستان کے پہاڑوں کے اہم دروں میں کرم، ٹوچی اور درہ گومل شامل ہیں۔ |
| 45 | **کلر سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | سیم و تھور والی زمینوں میں سوڈیم اور حل پذیر نمکیات، دونوں کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ یہ حالت کلر کہلاتی ہے۔ |
| 46 | **چند شکاری پرندوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | پاکستان میں پائے جانے والے شکاری پرندوں میں باز، شکرا، عقاب چیل اور گدھ شامل ہیں۔ |
| 47 | **درہ خیبر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟/ درہ خیبر کہاں واقع ہے؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | درہ خیبر کوہ سفید کی شمال میں واقع ہے۔ درہ خیبر پاکستان اور افغانستان کے درمیان ایک تاریخی گزر گاہ ہے۔ اس کی لمبائی قریبا 53 کلومیٹر ہے۔ |
| 48 | **سطح مرتفع سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ سطح مرتفع کیا ہوتی ہے؟** |
| ج | سطح مرتفع کے خدوخال میں نشیب و فراز ملتے ہیں۔ کہیں پہاڑی سلسلے پائے جاتے ہیں، کہیں میدان اور کہیں دریا کی وادیاں پائی جاتی ہیں۔ |
| 49 | **آب وہوا سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | کسی ملک یا علاقے کی لمبے عرصے کی موسمی کیفیات کا مطالعہ آب وہوا کہلاتا ہے۔ |
| 50 | **گلوبل وارمنگ سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | ماحول میں اوزون کی تہہ کا ختم ہونا اور زمینی درجہ حرارت کا بڑھنا گلوبل وارمنگ کہلاتا ہے۔ |
| 51 | **آب وہوا انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب کرتی ہے؟** |
| ج | آب وہوا انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ہمارا لباس، ہماری خوراک، ہمارے پیشے، ہماری صحت، ہمارے کام کرنے کی صلاحیت اور ہماری طرز تعمیر آب وہوا کے زیر اثر ہے۔ |
| 52 | **گلیشیئر سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | بلند پہاڑی چوٹیوں پر برف کی جمی ہوئی تہہ جب وادیوں کی طرف حرکت کرتی ہے تو اسے گلیشیئر کہتے ہیں۔ |
| 53 | **سیاچن کون سی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟ / سیاچن گلیشیئر کو سیاچن کیوں کہتے ہیں؟ / سیاچن گلیشیئر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | سیاچن بلتی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی جنگلی گلاب کے ہیں۔ اس گلیشیئر پر یہ پودا زیادہ اگتا ہے اس لیے بلتی لوگ اسے سیاچن کہتے ہیں۔ اس گلیشیئر کی لمبائی 72 کلومیٹر ہے۔ یہ گلیشیئر کوہ قراقرم میں واقع ہے۔ |
| 54 | **بالتورو گلیشیئر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | بالتورو گلیشیئر بلتستان میں واقع ہے۔ اس کی لمبائی 58 کلومیٹر ہے۔ کے۔ٹو پہاڑ بھی اسی گلیشیئر میں واقع ہے۔ برالدو دریا (Braldu River) اسی گلیشیئر سے نکلتا ہے جو دریائے سندھ میں جا کر گرتا ہے۔ سکردو شہر سے اس گلیشیئر تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ |
| 55 | **بتورا گلیشیئر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | بتورا گلیشیئر 58 کلومیٹر لمبا ہے۔ یہ وادی گوجال گلگت بلتستان میں واقع ہے۔ |
| 56 | **بیافو گلیشیئر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | یہ کوہ قراقرم میں واقع ہے۔ اس کی لمبائی 62 کلومیٹر ہے۔ یہ ہسپر گلیشیئر سے ملتا ہے۔ جو کہ وادی ہنزہ میں واقع ہے۔ |
| 57 | **ہسپر گلیشیئر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | ہسپر گلیشیئر گلگت بلتستان میں واقع ہے۔ اس کی لمبائی 61 کلومیٹر ہے۔ دریائے ہسپر اسی گلیشیئر سے نکلتا ہے۔ |
| 58 | **دریائے سندھ کے مشرقی معاون دریا کون کون سے ہیں؟** |
| ج | (1) دریائے راوی۔ (2) دریائے ستلج۔ (3) دریائے چناب۔ (4) دریائے جہلم۔ |
| 59 | **دریائے سندھ کا بالائی اور زیریں میدان کون سا ہے؟** |

| | |
|---|---|
| ج | پاکستان کا میدانی خطہ زیادہ تر صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ میں آتا ہے جسے دریائے سندھ کا بالائی اور زیریں میدان کہتے ہیں۔ |
| 60 | **دریائے راوی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | یہ دریا کوہ ہمالیہ سے نکلتا ہے۔ ضلع نارووال کی تحصیل شکر گڑھ سے یہ دریا پاکستان کے صوبہ پنجاب میں داخل ہو جاتا ہے۔ پنجاب کا دارالحکومت لاہور دریائے راوی کے کنارے واقع ہے۔ |
| 61 | **دریائے ستلج کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | دریا ستلج کوہ ہمالیہ سے نکلتا ہے اور سلیمانکی کے نزدیک پنجاب میں داخل ہوتا ہے۔ |
| 62 | **دریائے چناب کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | یہ دریا کوہ ہمالیہ سے نکلتا ہے۔ یہ مرالہ کے مقام پر صوبہ پنجاب میں داخل ہوتا ہے۔ تریموں کے نزدیک دریائے جہلم اور دریائے چناب آپس میں مل جاتے ہیں۔ |
| 63 | **دریائے جہلم کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | دریائے جہلم کشمیر کی وادی سے نکلتا ہے اور منگلا کے نزدیک صوبہ پنجاب میں داخل ہو ہوتا ہے۔ |
| 64 | **پہاڑ دامنی علاقوں میں کون سے درخت پائے جاتے ہیں؟** |
| ج | پہاڑ دامنی علاقوں میں زیادہ تر پھلاہی، کاہو، جنڈ، بیر، توت اور سمبل کے درخت پائے جاتے ہیں۔ |
| 65 | **پہاڑ دامنی علاقوں میں کون کون سے اضلاع شامل ہیں؟** |
| ج | پہاڑ دامنی علاقوں میں پشاور، مردان، کوہاٹ، اٹک، راولپنڈی، جہلم اور گجرات کے اضلاع شامل ہیں۔ |
| 66 | **تھل اور چولستان کے ریگستانی علاقوں میں کون سے جانور پائے جاتے ہیں؟** |
| ج | تھل اور چولستان کے ریگستانی علاقوں میں اونٹ، ہرن، نیل گائے، صحرائی لومڑی، گیدڑ، بلیلاں، کالا اور بھورا تیتر، کوبرا اور شتر مرغ وغیرہ پائے جاتے ہیں۔ |
| 67 | **جنگلی حیات کو بچانے میں کیا مشکلات ہیں؟** |
| ج | (1) غیر قانونی شکار۔ (2) گلہ بانی سے چراگاہوں میں کمی۔ (3) انسانی آبادی میں تیزی سے اضافہ۔ |
| 68 | **قدرتی خطے سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | قدرتی خطے سے مراد ایسا علاقہ ہے جس میں موسم، نباتات، آبادی اور لوگوں کے رہن سہن کے طریقے ایک جیسے ہوں۔ |
| 69 | **ماحول سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | ماحول سے مراد کسی جاندار کے اردگرد کا وہ علاقہ ہے جو اس جاندار کی زندگی اور اس کی سرگرمیوں کو متاثر کرے۔ |
| 70 | **ماحولیاتی مسائل سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | ماحولیاتی مسائل سے مراد وہ تمام مسائل ہیں جو ماحول کے ناموافق یا غیر موزوں ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ |
| 71 | **آلودگی سے کیا مراد ہے؟ / ماحولیاتی آلودگی سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | کسی ایسی چیز کا ماحول میں شامل ہو جانا جو نہ صرف انسانوں بلکہ دوسرے جانداروں کے لیے بھی نقصان دہ ہو آلودگی کہلاتا ہے۔ |
| 72 | **ماحولیاتی آلودگی کی اقسام لکھیں۔** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | ماحولیاتی آلودگی کی تین قسمیں ہیں۔(1) ہوائی آلودگی ۔(2) زمینی آلودگی۔ (3) آبی آلودگی۔ |
| 73 | **ہوائی آلودگی سے کیا مراد ہے؟اور یہ کن بیماریوں کا سبب بنتی ہے؟** |
| ج | ہوائی آلودگی سے مراد ہوا میں نقصان دہ گیسوں کی مقدار میں اضافہ ہے مثلاً کاربن ڈائی آکسائیڈ اور سلفر آکسائیڈ وغیرہ۔یہ پھیپھڑوں کا سرطان اور دیگر جلدی بیماریوں کا سبب بنتی ہے۔ |
| 74 | **آبی آلودگی سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | آبی آلودگی سے مراد پانی میں مختلف زہریلے کیمیکلز کا شامل ہونا ہے۔ |
| 75 | **پاکستان کے صحراؤں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)صحرائے تھر۔(2)صحرائے تھل۔(3)صحرائے خاران۔(4)چولستان |
| 76 | **صحرائے تھر صوبہ سندھ کے کن اضلاع پر مشتمل ہے؟ تھر کے ریگستان میں صوبہ سندھ کے کون سے اضلاع شامل ہیں؟** |
| ج | تھر کے ریگستان میں صوبہ سندھ کے سکھر، خیرپور، سانگھڑ، میرپور خاص اور تھرپارکر کے اضلاع شامل ہیں۔ |
| 77 | **پاکستان کی اہم جھیلوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)سیف الملوک۔(2)شندور۔(3)ست پارہ۔(4)ہامون مشخیل۔ |
| 78 | **پاکستان کی اہم بندرگاہوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)کراچی بندرگاہ۔(2)پورٹ قاسم بندرگاہ۔(3)گوادر بندرگاہ۔ |
| 79 | **سندھ کی ساحلی پٹی پر واقع بندرگاہوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)کراچی بندرگاہ۔(2)پورٹ قاسم۔ |
| 80 | **بلوچستان کی ساحلی پٹی پر واقع بندرگاہوں کے نام لکھیں اور ان کی وجہ شہرت لکھیں۔** |
| ج | (1)پسنی۔(2)جیوانی۔ (3)گڈانی۔(4)گوادر بندرگاہ۔یہ ماہی گیری کے لیے مشہور ہیں۔ |
| 81 | **گلیشیئرز کی اہمیت مختصر لکھیں۔** |
| ج | گلیشیئرز تازہ پانی کے ذخائر ہیں۔ان کا پانی چشموں اور نالوں کی صورت میں دریاؤں میں گرتا ہے۔پاکستان میں بہنے والے دریا انہی کی مرہون منت ہیں۔یہ گلیشیئرز لوگوں کی پانی کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ گلیشیئرز کے علاقوں میں کئی جھیلیں پائی جاتی ہیں جو علاقے کی خوبصورتی اور سیاحت کے لیے مشہور ہیں۔ |
| 82 | **سندھ طاس معاہدے سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | پاکستان اور بھارت کے درمیان 1960 میں پانی کی تقسیم کے حوالے سے ورلڈ بینک کے تعاون سے ایک معاہدہ طے پایا۔ جسے سندھ طاس معاہدہ کہتے ہیں۔اس معاہدے کی رو سے تین دریا راوی، ستلج اور بیاس بھارت جبکہ سندھ، جہلم اور چناب پاکستان کو ملے۔ |
| 83 | **پاکستان میں کون کون سے دوآبے ہیں؟نام لکھیں۔** |
| ج | (1)باری دوآب۔ دریائے راوی اور دریائے ستلج کے درمیان۔(2)رچنا دوآب۔ دریائے راوی اور دریائے چناب کے درمیان۔<br>(3)چج دوآب۔دریائے جہلم اور دریائے چناب کے درمیان۔(4)ساگر دوآب۔ دریائے جہلم اور دریائے سندھ کے درمیان۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 84 | زمینی آلودگی کو کس طرح ختم کیا جاسکتا ہے؟ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کا طریقہ کیا ہے؟ |
| ج | زمینی آلودگی کو سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے طریقے سے ختم کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً زہریلے مواد کو کسی بھی جگہ دبا دیا جائے۔ یا اسے مخصوص درجہ حرارت پر جلایا جائے اور باقی مواد کو ری سائیکل کے عمل سے گزار کر دوبارہ استعمال کے قابل بنایا جائے۔ |
| 85 | سدا بہار جنگلات کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟ اور ان میں کون کون سے درخت ہوتے ہیں؟ |
| ج | سدا بہار جنگلات پاکستان کے شمال اور شمال مغربی علاقے مری، ایبٹ آباد، مانسہرہ، چترال، سوات اور دیر میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں دیودار، کیل، پڑتل، صنوبر، شاہ بلوط، اخروٹ اور کاٹھو کے درخت پائے جاتے ہیں۔ |
| 86 | ساحلی خطے یا علاقے کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ پاکستان کا ساحلی خطہ کن علاقوں پر مشتمل ہے؟ |
| ج | پاکستان کا ساحلی خطہ بلوچستان اور صوبہ سندھ کی ساحلی پٹی پر مشتمل ہے۔ اس خطے میں صوبہ سندھ کے اہم علاقے ٹھٹھہ، بدین اور کراچی جبکہ صوبہ بلوچستان کے علاقے لسبیلہ، گوادر، پسنی، تربت اور پنجگور شامل ہیں۔ یہاں کی آب و ہوا معتدل ہے۔ اس خطے میں جنگلات کم پائے جاتے ہیں لیکن ساحلی جنگلات بکثرت ملتے ہیں۔ |
| 87 | پاکستان کے ریگستانی علاقوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | پاکستان کے ریگستانی علاقوں میں تھل جو کہ صوبہ پنجاب کے ضلع خوشاب، بھکر، میانوالی اور لیہ کے علاقوں پر مشتمل ہے اور چولستان جو کہ پنجاب کے ضلع بہاولپور، بہاول نگر اور رحیم یار خان کے علاقوں پر مشتمل ہے۔ اسی طرح تھر جو کہ صوبہ سندھ کے ضلع خیر پور، تھرپارکر اور عمر کوٹ کے علاقوں پر مشتمل ہے۔ |
| 88 | سطح مرتفع پوٹھوار کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | سطح مرتفع پوٹھوار کے شمال میں کالا چٹا اور مارگلہ کی پہاڑیاں، جنوب میں کوہستان نمک، مشرق میں دریائے جہلم اور مغرب کی جانب دریائے سندھ بہتا ہے۔ یہ سطح سمندر سے 300 میٹر سے 600 میٹر تک بلند ہے۔ یہاں کا اہم دریا "دریائے سواں" ہے جو یہاں اپنی وادی بناتا ہے جسے وادی سواں کہتے ہیں۔ |
| 89 | کوہ ہندوکش کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | یہ پہاڑی سلسلہ پاکستان کے شمال مغرب میں ہے۔ یہ سطح مرتفع پامیر سے شروع ہو کر دریائے کابل تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کی بلند ترین چوٹی کا نام ترچ میر ہے جس کی بلندی 7690 میٹر ہے۔ اس پہاڑی سلسلے میں چترال، سوات اور دیر کی وادیاں ہیں۔ |
| 90 | کوہ سفید کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | کوہ سفید دریائے کابل کے جنوب میں شرقاً غرباً پھیلا ہوا ہے۔ اس پہاڑی سلسلے کی اوسط بلندی قریباً 3600 میٹر ہے۔ درہ خیبر کوہ سفید کی شمال میں واقع ہے۔ درہ خیبر پاکستان اور افغانستان کے درمیان ایک تاریخی گزرگاہ ہے۔ اس کی لمبائی قریباً 53 کلو میٹر ہے۔ کوہ سفید کے جنوب میں دریائے کرم بہتا ہے۔ |
| 91 | پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت مختصر لکھیں۔ |
| ج | پاکستان اپنے محل وقوع کے لحاظ سے دنیا میں انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ پاکستان کے شمال مشرق میں چین واقع ہے جو دنیا کی بڑی معاشی طاقت ہے۔ سی-پیک (CPEC) کی وجہ سے پاکستان اور چین کے تعلقات مزید مضبوط ہو گئے ہیں۔ پاکستان کے مغرب میں افغانستان اور ایران اسلامی برادر ملک ہیں۔ پاکستان کے جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ اور اس کے ساتھ 1058 کلو میٹر لمبا ساحل ہے۔ مشرق اور مغرب کے درمیان زیادہ تر تجارت اسی راستے سے ہوتی ہے۔ |



CamScanner

## سبق نمبر 6۔ آبادی معاشرہ اور پاکستان کی ثقافت

| | |
|---|---|
| 1 | **پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں۔** |
| ج | (1) ناقص امتحانی نظام۔ (2) محدود تعلیمی وسائل۔ (3) اساتذہ کی کمی۔ (4) تدریس سازوسامان کی کمی۔ (5) ہم نصابی سرگرمیوں کا فقدان۔ |
| 2 | **صنفی امتیاز کی تعریف کریں۔** |
| ج | انسانی معاشرے میں عورت اور مرد میں جنس کی بنیاد پر تفریق کرنا صنفی امتیاز کہلاتا ہے۔ |
| 3 | **ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے۔؟** |
| ج | ہم نصابی سرگرمیوں سے مراد ایسی سرگرمیاں ہیں جن کا درس و تدریس سے تعلق نہ ہو اور طلبہ کے اخلاق و کردار بنانے میں معاون ہوں۔ جیسا کہ کھیل، مباحثے، مشاعرے، تقاریر، مذاکرے اور مطالعاتی دورے وغیرہ ہیں۔ |
| 4 | **پنجابی زبان کے چند صوفی شعرا کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) بابا بلھے شاہ۔ (3) خواجہ غلام فرید۔ (4) بابا فرید گنج شکر۔ (4) شاہ حسین۔ |
| 5 | **آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کیسے قائم رکھا جا سکتا ہے؟** |
| ج | مسلسل بڑھتی ہوئی آبادی کو مناسب منصوبہ بندی کے ذریعے روک کر اور معاشی ترقی کی رفتار کو بڑھا کر آبادی اور وسائل میں توازن قائم کیا جا سکتا ہے۔ |
| 6 | **آبادیات یا بشری شماریات سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا آغاز کس نے کیا؟** |
| ج | آبادی کے مطالعے کے لیے "آبادیات" یا "بشری شماریات" کا مضمون متعارف کروایا گیا ہے۔ اس میں انسانی آبادی کا شماریاتی تجزیہ کیا جاتا ہے۔ بشری شماریات کا آغاز مسلمان مفکر "ابن خلدون" نے کیا۔ |
| 7 | **2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں کتنی آبادی شہروں اور کتنی دیہی علاقوں میں آباد ہے؟** |
| ج | 2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کے شہری علاقوں میں قریبا 93.7 ملین افراد آباد ہیں جبکہ باقی 147.7 ملین افراد دیہی علاقوں میں آباد ہیں۔ |
| 8 | **شہری علاقوں سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | شہری علاقوں سے مراد وہ علاقے ہیں جن کا نظم و نسق میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، ٹاؤن کمیٹی یا کنٹونمنٹ بورڈ کرتا ہے۔ |
| 9 | **مشترکہ خاندانی نظام کی وضاحت کریں۔** |
| ج | مشترکہ خاندانی نظام میں خاندان کا سربراہ مرد ہوتا ہے، جو اپنے خاندان کی کفالت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ |
| 10 | **پاکستان میں اقلیتی طبقے کون سے تہوار مناتے ہیں؟** |
| ج | ہندو ہولی اور دیوالی کا تہوار مناتے ہیں۔ مسیحی کرسمس اور ایسٹر کا تہوار مناتے ہیں۔ سکھ بابا گرو نانک جی کا جنم دن اور بیساکی کا تہوار مناتے ہیں۔ جبکہ بہائی عقیدے کے لوگ عید نوروز اور رروان وغیرہ کے تہوار مناتے ہیں۔ |
| 11 | **پاکستان کے کوئی سے چند قدرتی سیاحتی مقامات کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) وادی ہنزہ۔ (2) دیوسائی کے میدان (بلتستان)۔ (3) وادی سوات۔ (4) ناران کاغان۔ (5) مری۔ (6) وادی سون سکیسر |
| 12 | **پاکستان میں غربت کے چند اسباب لکھیں۔** |



CamScanner

## سبق نمبر 6۔ آبادی معاشرہ اور پاکستان کی ثقافت

| | |
|---|---|
| 1 | **پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں۔** |
| ج | (1) ناقص امتحانی نظام۔ (2) محدود تعلیمی وسائل۔ (3) اساتذہ کی کمی۔ (4) تدریس سازوسامان کی کمی۔ (5) ہم نصابی سرگرمیوں کا فقدان۔ |
| 2 | **صنفی امتیاز کی تعریف کریں۔** |
| ج | انسانی معاشرے میں عورت اور مرد میں جنس کی بنیاد پر تفریق کرنا صنفی امتیاز کہلاتا ہے۔ |
| 3 | **ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | ہم نصابی سرگرمیوں سے مراد ایسی سرگرمیاں ہیں جن کا درس وتدریس سے تعلق نہ ہو اور طلبہ کے اخلاق و کردار بنانے میں معاون ہوں۔ جیسا کہ کھیل، مباحثے، مشاعرے، تقاریر، مذاکرے اور مطالعاتی دورے وغیرہ ہیں۔ |
| 4 | **پنجابی زبان کے چند صوفی شعرا کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) بابا بلھے شاہ۔ (3) خواجہ غلام فرید۔ (4) بابا فرید گنج شکر۔ (4) شاہ حسین۔ |
| 5 | **آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کیسے قائم رکھا جا سکتا ہے؟** |
| ج | مسلسل بڑھتی ہوئی آبادی کو مناسب منصوبہ بندی کے ذریعے روک کر اور معاشی ترقی کی رفتار کو بڑھا کر آبادی اور وسائل میں توازن قائم کیا جا سکتا ہے۔ |
| 6 | **آبادیات یا بشری شماریات سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا آغاز کس نے کیا؟** |
| ج | آبادی کے مطالعے کے لیے "آبادیات" یا "بشری شماریات" کا مضمون متعارف کروایا گیا ہے۔ اس میں انسانی آبادی کا شماریاتی تجزیہ کیا جاتا ہے۔ بشری شماریات کا آغاز مسلمان مفکر "ابن خلدون" نے کیا۔ |
| 7 | **2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں کتنی آبادی شہروں اور کتنی دیہی علاقوں میں آباد ہے؟** |
| ج | 2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کے شہری علاقوں میں قریباً 93.7 ملین افراد آباد ہیں جبکہ باقی 147.7 ملین افراد دیہی علاقوں میں آباد ہیں۔ |
| 8 | **شہری علاقوں سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | شہری علاقوں سے مراد وہ علاقے ہیں جن کا نظم ونسق میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، ٹاؤن کمیٹی یا کنٹونمنٹ بورڈ کرتا ہے۔ |
| 9 | **مشترکہ خاندانی نظام کی وضاحت کریں۔** |
| ج | مشترکہ خاندانی نظام میں خاندان کا سربراہ مرد ہوتا ہے، جو اپنے خاندان کی کفالت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ |
| 10 | **پاکستان میں اقلیتی طبقے کون سے تہوار مناتے ہیں؟** |
| ج | ہندو ہولی اور دیوالی کا تہوار مناتے ہیں۔ مسیحی کرسمس اور ایسٹر کا تہوار مناتے ہیں۔ سکھ بابا گرونانک جی کا جنم دن اور بیساکھی کا تہوار مناتے ہیں۔ جبکہ بہائی عقیدے کے لوگ عید نوروز اور رِدوان وغیرہ کے تہوار مناتے ہیں۔ |
| 11 | **پاکستان کے کوئی سے چند قدرتی سیاحتی مقامات کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) وادی ہنزہ۔ (2) دیوسائی کے میدان (بلتستان)۔ (3) وادی سوات۔ (4) ناران کاغان۔ (5) مری۔ (6) وادی سون سکیسر |
| 12 | **پاکستان میں غربت کے چند اسباب لکھیں۔** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | (1)افراط آبادی۔(2)پیداواری وسائل میں کمی۔(3)توانائی کا بحران۔(4)ناخواندگی۔ |
| | **اضافی سوالات** |
| 13 | **مردم شماری سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | بامقصد منصوبہ بندی کے لیے آبادی کے مختلف پہلوؤں مثلاً کل آبادی، شرح افزائش، شہری اور دیہاتی آبادی کا تناسب اور تعلیم و تربیت وغیرہ کے متعلق جاننا ضروری ہے۔ آبادی کے ان کوائف کو جاننے کا عمل مردم شماری کہلاتا ہے۔ |
| 14 | **مردم شماری کیوں ضروری ہے؟** |
| ج | آبادی کے متعلق بامقصد منصوبہ بندی کے لیے مردم شماری ضروری ہے۔ |
| 15 | **آبادی سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | کسی ملک، علاقے یا جگہ پر موجود لوگوں کی تعداد کو آبادی کہتے ہیں۔ |
| 16 | **آبادی کی صنفی تقسیم سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | آبادی کی صنفی لحاظ سے تقسیم سے مراد مرد اور عورت کی بنیاد پر آبادی کی تقسیم ہے۔ |
| 17 | **رائے بہادر سر گنگا رام کی دو خدمات لکھیں۔ / رائے بہادر سر گنگا رام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | رائے بہادر سر گنگا رام ایک معروف سول انجینئر تھے جو پنجاب کے ایک گاؤں مانگتاں والا (موجودہ ضلع ننکانہ صاحب) میں پیدا ہوئے۔ لاہور میں عجائب گھر، جنرل پوسٹ آفس، ایچی سن کالج اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کا کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ ان کی ڈیزائن کردہ ہیں۔ |
| 18 | **رائے بہادر سر گنگا رام کی ڈیزائن کردہ عمارتوں کا نام لکھیں۔** |
| ج | (1)لاہور عجائب گھر۔(2)جنرل پوسٹ آفس۔(3) ایچی سن کالج۔(4) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کا کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ۔ |
| 19 | **پاکستان کے تعلیمی مسائل کے حل کے لیے تجاویز تحریر کریں۔** |
| ج | (1)اساتذہ کی کمی کو پورا کیا جائے۔(2) تعلیم کے بجٹ میں اضافہ۔(3) نصاب میں فنی اور تکنیکی مضامین شامل کیے جائیں۔(4) سکولوں کو اپ گریڈ کیا جائے۔ |
| 20 | **پنجابی زبان کے مشہور کتنے لہجے ہیں اور کون کون سے ہیں؟** |
| ج | پنجابی زبان کے مشہور چھ لہجے ہیں۔(1) ماجھی۔(2) پوٹھواری۔(3) ملتانی۔(4) چھاچھی۔(5) شاہ پوری۔(6) دھنی۔ |
| 21 | **پنجابی زبان کا سب سے معیاری لہجہ کون سا ہے اور یہ کن علاقوں میں بولا جاتا ہے؟** |
| ج | پنجابی زبان کا سب سے معیاری لہجہ ماجھی سمجھا جاتا ہے جو کہ لاہور گوجرانوالہ شیخوپورہ اور آس پاس کے علاقوں میں رائج ہے۔ |
| 22 | **پنجابی زبان کے چند اہم قصوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) ہیر وارث شاہ (وارث شاہ کا قصہ)۔ (2) سیف الملوک (میاں محمد بخش کا قصہ)۔(3) سسی پنوں (ہاشم شاہ کا قصہ)۔ (4) مرزا صاحباں (حافظ برخوردار کا قصہ) |
| 23 | **پنجابی زبان کے چند اہم جدید دور کے شعرا کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)انور مسعود۔(2)انعام الحق جاوید۔(3) منیر نیازی۔(4) تجمل کلیم۔(5) فقیر محمد فقیر۔ |
| 24 | **ثقافت سے کیا مراد ہے؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | ثقافت کسی جگہ پر مقیم افراد کے مشترکہ عقائد، انداز رہن سہن، رسم و رواج، زبان اور روایات کا نام ہے۔ |
| 25 | **معاشرے سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | افراد کا وہ مجموعہ جو چند مقاصد کی خاطر زندگی بسر کر رہا ہوں معاشرہ کہلاتا ہے۔ |
| 26 | **معاشرہ کس زبان کا لفظ ہے؟ اور اس کے لغوی معنی کیا ہیں؟** |
| ج | معاشرہ انگریزی زبان کے لفظ سوسائٹی (Society) کا ترجمہ ہے جو لاطینی زبان کے لفظ **"سوسٹس"** (Socius) سے اخذ کیا گیا ہے، جس کا معنی **"ساتھی"** کے ہیں۔ گویا معاشرے سے مراد ساتھیوں کا گروہ یا مجموعہ ہے۔ |
| 27 | **پاکستان کی اہم عمارتوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) مزار قائد۔ (2) بادشاہی مسجد۔ (3) شاہی قلعہ۔ (4) شاہ فیصل مسجد۔ |
| 28 | **پاکستان کی اہم تاریخی عمارتوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) مقبرہ نور جہاں۔ (2) بادشاہی مسجد۔ (3) شاہی قلعہ۔ (4) ہرن مینار۔ (5) شالامار باغ۔ |
| 29 | **پاکستانی ثقافت کی چند نمایاں اقدار لکھیں۔** |
| ج | پاکستانی ثقافت اسلامی اقدار کے آئینہ دار ہے۔ ہماری ثقافت میں رواداری، احترام انسانیت، بہادری، عزت، حیا اور چادر اور چار دیواری جیسی اقدار نمایاں ہیں۔ |
| 30 | **پاکستانی معاشرے / ثقافت کی خصوصیات لکھیں۔** |
| ج | (1) اسلامی ثقافت کے رنگ۔ (2) مشترکہ خاندانی نظام۔ (3) رسم و رواج اور روایات۔ (4) مذہبی ہم آہنگی۔ (5) مخلوط ثقافت |
| 31 | **مخلوط ثقافت سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | مخلوط ثقافت سے مراد ایسی ثقافت ہے کہ جس میں مختلف زبان، مختلف ثقافتوں اور مختلف مذاہب کے لوگ باہم مل کر زندگی بسر کر رہے ہوں۔ |
| 32 | **غربت سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | غربت ایک ایسی کیفیت یا صورت حال کا نام ہے جس میں کسی شخص کے پاس اتنے وسائل بھی نہیں ہوتے کہ جن سے وہ اپنا کم سے کم معیار زندگی برقرار رکھ سکے۔ |
| 33 | **اردو کس زبان کا لفظ ہے، اس کے معنی کیا ہیں اور اس کی ابتدا کب ہوئی؟** |
| ج | اردو ترکی زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی لشکر اور سپاہی کے ہیں۔ اس کی ابتدا گیارہویں صدی میں ہوئی۔ |
| 34 | **اردو زبان کو لشکری زبان کیوں کہتے ہیں؟** |
| ج | اردو زبان کو لشکری زبان اس لیے کہتے ہیں کیونکہ اردو ترکی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی **"لشکر"** کے ہیں اس لیے اردو زبان کو لشکری زبان بھی کہتے ہیں۔ |
| 35 | **اردو زبان کے چند مشہور ادیبوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) پطرس بخاری۔ (2) غلام عباس۔ (3) سعادت حسن منٹو۔ (4) ممتاز مفتی۔ (5) اشفاق احمد۔ (6) بانو قدسیہ۔ |
| 36 | **اردو زبان کے چند مشہور شعرا کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) مرزا غالب۔ (2) میر تقی میر۔ (3) آتش۔ (4) مومن۔ (5) علامہ اقبال۔ |
| 37 | **اردو زبان کے سب سے پہلے غزل گو شاعر کون تھے؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | اردو زبان کے سب سے پہلے غزل گو شاعر ولی دکنی تھے۔ |
| 38 | **اردو زبان کے جدید دور کے چند شعراء کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)ناصر کاظمی۔(2)فیض احمد فیض۔(3)احمد ندیم قاسمی۔(4)احمد فراز۔(5)پروین شاکر۔(6)منیر نیازی۔ |
| 39 | **اردو زبان کی ترقی اور ترویج کے لیے کون سی یونیورسٹی بنائی گئی؟** |
| ج | اردو زبان کی ترقی اور ترویج کے لیے "وفاقی اردو یونیورسٹی" کا قیام عمل میں لایا گیا۔ |
| 40 | **پاکستان میں مذہبی سیاحت کے چند مقامات لکھیں۔** |
| ج | (1)کٹاس راج(چکوال)۔(2)ننکانہ صاحب۔(3)ٹیکسلا(راولپنڈی)۔(4)کرتارپور صاحب(نارووال)۔(5)بادشاہی مسجد |
| 41 | **پاکستان میں سیاحت کے حوالے سے چند اہم تاریخی مقامات کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) شالامار باغ۔(2) دراوڑ قلعہ بہاول پور۔(3) قلعہ روہتاس جہلم۔(4) رانی کوٹ قلعہ۔(5) فورٹ منرو۔(6) شاہی قلعہ لاہور۔ |
| 42 | **لاہور کے کوئی سے چار تاریخی مقامات کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)شاہی قلعہ۔(2)شالیمار باغ۔(3)مقبرہ نور جہاں۔(4)مینار پاکستان۔ |
| 43 | **پاکستان کے کوئی سے چار مذہبی تہواروں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)عید الفطر۔(2)عید الاضحی۔(3) عید میلاد النبی۔(4) معراج النبی۔(5)یوم عاشورہ۔ |
| 44 | **پاکستان کے کوئی سے پانچ مصوروں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)عبدالرحمن چغتائی۔(2)استاد اللہ بخش۔(3)صادقین۔(4)اسماعیل گل جی۔(5) اعجاز انور۔ |
| 45 | **پاکستان میں منائے جانے والے چار عرسوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) عرس داتا گنج بخش۔(2) عرس بابا بلھے شاہ۔(3) عرس حضرت مادھو لال۔(4) عرس بابا فرید گنج شکر۔ |
| 46 | **مسلمان سال میں کتنی اور کب عیدیں مناتے ہیں؟** |
| ج | مسلمان سال میں دو عیدیں مناتے ہیں۔عید الفطر رمضان المبارک کے اختتام پر یکم شوال کو جبکہ عید الاضحی 10 ذی الحج کو مناتے ہیں۔ |
| 47 | **گلگت بلتستان کی چار زبانوں کے نام لکھے۔** |
| ج | (1)شینا۔(2)بلتی۔(3)وخی۔(4)بروشسکی۔ |
| 48 | **سیاحت کے حوالے سے عوام کی ذمہ داریاں تحریر کریں۔** |
| ج | (1)سیاحتی مقامات کی بہتر تشہیر کریں۔ (2)کوڑا کرکٹ پھینکنے سے گریز کریں۔(3)۔ٹریفک اور دیگر قوانین کی پابندی کریں۔(4)موجودہ سہولیات کو خراب نہ کریں۔ |
| 49 | **پاکستان میں بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد کم ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟** |
| ج | (1)امن وامان کی صورتحال۔(2)سیاحتی مقامات کی کم تشہیر۔(3)سیاحتی مقامات پر بنیادی سہولیات کی کمی۔ |
| 50 | **پاکستانی معاشرے کے مسائل لکھیں۔** |
| ج | (1)غربت و بے روزگاری۔(2)کم شرح خواندگی۔(3)صحت کے مسائل۔(4)آبادی کی شرح میں اضافہ۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | اردو زبان کے سب سے پہلے غزل گو شاعر ولی دکنی تھے۔ |
| 38 | **اردو زبان کے جدید دور کے چند شعراء کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) ناصر کاظمی۔(2) فیض احمد فیض۔(3) احمد ندیم قاسمی۔(4) احمد فراز۔(5) پروین شاکر۔(6) منیر نیازی۔ |
| 39 | **اردو زبان کی ترقی اور ترویج کے لیے کون سی یونیورسٹی بنائی گئی؟** |
| ج | اردو زبان کی ترقی اور ترویج کے لیے "وفاقی اردو یونیورسٹی" کا قیام عمل میں لایا گیا۔ |
| 40 | **پاکستان میں مذہبی سیاحت کے چند مقامات لکھیں۔** |
| ج | (1) کٹاس راج (چکوال)۔(2) ننکانہ صاحب۔ (3) ٹیکسلا (راولپنڈی)۔(4) کرتار پور صاحب (نارووال)۔(5) بادشاہی مسجد |
| 41 | **پاکستان میں سیاحت کے حوالے سے چند اہم تاریخی مقامات کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) شالامار باغ۔(2) دراوڑ قلعہ بہاول پور۔(3) قلعہ روہتاس جہلم۔(4) رانی کوٹ قلعہ۔(5) فورٹ منرو۔(6) شاہی قلعہ لاہور۔ |
| 42 | **لاہور کے کوئی سے چار تاریخی مقامات کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) شاہی قلعہ۔(2) شالیمار باغ۔(3) مقبرہ نور جہاں۔(4) مینار پاکستان۔ |
| 43 | **پاکستان کے کوئی سے چار مذہبی تہواروں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) عید الفطر۔(2) عید الاضحی۔(3) عید میلاد النبی۔(4) معراج النبی۔(5) یوم عاشورہ۔ |
| 44 | **پاکستان کے کوئی سے پانچ مصوروں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) عبد الرحمن چغتائی۔(2) استاد اللہ بخش۔(3) صادقین۔(4) اسماعیل گل جی۔(5) اعجاز انور۔ |
| 45 | **پاکستان میں منائے جانے والے چار عرسوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) عرس داتا گنج بخش۔(2) عرس بابا بلھے شاہ۔(3) عرس حضرت مادھولال۔(4) عرس بابا فرید گنج شکر۔ |
| 46 | **مسلمان سال میں کتنی اور کب عیدیں مناتے ہیں؟** |
| ج | مسلمان سال میں دو عیدیں مناتے ہیں۔ عید الفطر رمضان المبارک کے اختتام پر یکم شوال کو جبکہ عید الاضحی 10 ذی الحج کو مناتے ہیں۔ |
| 47 | **گلگت بلتستان کی چار زبانوں کے نام لکھیے۔** |
| ج | (1) شینا۔(2) بلتی۔(3) وخی۔(4) بروشسکی۔ |
| 48 | **سیاحت کے حوالے سے عوام کی ذمہ داریاں تحریر کریں۔** |
| ج | (1) سیاحتی مقامات کی بہتر تشہیر کریں۔ (2) کوڑا کرکٹ پھینکنے سے گریز کریں۔(3)۔ٹریفک اور دیگر قوانین کی پابندی کریں۔(4) موجودہ سہولیات کو خراب نہ کریں۔ |
| 49 | **پاکستان میں بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد کم ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟** |
| ج | (1) امن وامان کی صورتحال۔(2) سیاحتی مقامات کی کم تشہیر۔(3) سیاحتی مقامات پر بنیادی سہولیات کی کمی۔ |
| 50 | **پاکستانی معاشرے کے مسائل لکھیں۔** |
| ج | (1) غربت و بے روزگاری۔(2) کم شرح خواندگی۔(3) صحت کے مسائل۔(4) آبادی کی شرح میں اضافہ۔ |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 51 | غربت کے کوئی سے چار اثرات تحریر کریں۔ |
| ج | (1) غربت کی وجہ سے مایوسی اور بدامنی میں اضافہ ہو رہا ہے۔(2) معاشی ترقی کی رفتار سست ہے۔(3) شرح خواندگی میں اضافہ سست روی کا شکار ہے۔<br>(4) چوروں ڈاکے اور دہشتگردی کو فروغ مل رہا ہے۔ |
| 52 | افراطِ آبادی سے کون سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں؟ |
| ج | (1) صحت کے مسائل۔ (2) روزگار اور معاشی ترقی کے مسائل۔(3) تعلیم کے مسائل۔(4) امن وامان کے مسائل۔(5) ماحولیاتی آلودگی کے مسائل۔ |
| 53 | پاکستان کے ہم کھیل کون کون سے ہیں؟ |
| ج | پاکستان کے اہم کھیلوں میں کرکٹ، ہاکی، سکوائش، ٹینس، سنوکر اور کبڈی شامل ہے۔ |
| 54 | کشمیری زبان کا تعلق کن زبانوں سے ہے؟ |
| ج | کشمیری زبان کا تعلق وادی سندھ کی دیگر زبانوں سے ہے۔ |
| 55 | کشمیری زبان کے مشہور لہجے کون سے ہیں اور سب سے معیاری لہجہ کون سا ہے؟ |
| ج | کشمیری زبان کے مشہور تین لہجے ہیں۔(1) ہندکی۔(2) کامی۔(3) گندور۔ گندور کو کشمیری زبان کا معیاری لہجہ تصور کیا جاتا ہے۔ |
| 56 | حبہ خاتون کون تھی اور انکی شاعری کا موضوع کا تھا؟ |
| ج | حبہ خاتون کشمیری زبان کی مشہور شاعرہ ہیں۔ انہوں نے اپنی شاعری میں عشق ومحبت کے قصے بیان کیے ہیں |
| 57 | کشمیری زبان کے چند شعراء کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) حبہ خاتون۔(2) محمود گامی۔(3) غلام احمد مجبور۔(4) ملا مرزا طاہر غنی۔(5) اللہ دتہ جوگی۔ |
| 58 | کشمیری زبان کے پہلے شاعر کون تھے؟ اور انکی شاعری کا موضوع کیا تھا؟ |
| ج | کشمیری زبان کے پہلے شاعر "شتی گنٹھ" تھے۔ اور انہوں نے مذہبی موضوعات کو اپنی شاعری میں بیان کیا۔ |
| 59 | برصغیر میں پہلی مردم شماری کب ہوئی؟ |
| ج | برصغیر میں پہلی مردم شماری 1881 میں ہوئی۔ |
| 60 | آبادی کی گنجانیت سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | آبادی کی گنجانیت سے مراد یہ ہے کہ ایک مربع کلومیٹر رقبے میں اوسطاً کتنے لوگ آباد ہیں۔ |
| 61 | سندھی ادب کے دو صوفی شعراء کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) شاہ عبداللطیف بھٹائی۔(2) سچل سرمست۔ |
| 62 | سندھی زبان کے چند لہجوں کے نام لکھیں۔ سندھی زبان کا معیاری لہجہ کیا ہے؟ |
| ج | (1) لاڑی۔(2) تھری۔(3) فکری۔ (4) گنداوی۔(5) لاسی۔(6) وچولی۔ وچولی سندھی ادب کا معیاری لہجہ تصور کیا جاتا ہے۔ |
| 63 | سندھی زبان میں کن زبانوں کے الفاظ شامل ہیں؟ اور یہ کس رسم الخط میں لکھی جاتی ہے؟ |
| ج | سندھی زبان میں ترکی، سنسکرت، یونانی، ایرانی اور دراوڑی زبان کے الفاظ شامل ہیں۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 64 | پشتو ادب کے دو شعرا کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) رحمان بابا۔(2)خوشحال خان خٹک۔(3)امیر کروڑ۔ |
| 65 | پشتو زبان کی پہلی کتاب کون سی ہے اور کب لکھی گئی؟ |
| ج | پشتو زبان کی پہلی کتاب "پٹہ خزانہ" ہے اور یہ آٹھویں صدی عیسوی کی نصف میں لکھی گئی تھی۔ |
| 66 | پشتو زبان کا پہلا شاعر کسے سمجھا جاتا ہے؟ |
| ج | پشتو زبان کا پہلا شاعر امیر کروڑ کو سمجھا جاتا ہے۔ |
| 67 | پشتو زبان کے دو لہجوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1)مغربی لہجہ۔(2)مشرقی لہجہ۔ |
| 68 | بلوچی زبان کے قدیم دور کے چند شعرا کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) میر چاکر خان۔(2)شاہ لاشاری۔(3)میر جمال رند۔(4)محمد خاں گشکوری۔ |
| 69 | قدیم بلوچی ادب کے موضوعات کیا تھے؟ |
| ج | قدیم بلوچی ادب لوک گیتوں اور نظموں پر مشتمل تھا۔ان نظموں کا موضوع قبائلی لڑائیاں یا عشق محبت کی داستانیں تھا۔ |
| 70 | بلوچی زبان کے جدید دور کے چند شعرا کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1)سید ظہور شاہ ہاشمی۔(2)عطا شاد۔(3)مراد ساحر۔(4)مومن بزدار۔(5)صدیق آزاد۔ |
| 71 | غیر موزوں مضامین کے چناؤ سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | اس سے مراد والدین کا اپنے بچوں کے رجحان اور ذہنی استعداد کا خیال رکھے بغیر، ان کی مرضی کے خلاف مضامین پڑھنے پر مجبور کرنا ہے۔ |
| 72 | نصاب میں فنی اور تکنیکی مضامین کے فقدان سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | ہمارے تعلیمی نصاب میں فنی و تکنیکی مضامین کی تعلیم نہ ہونے کے برابر ہے۔اس کمی کو پورا کرنے کے لیے تعلیمی نصاب میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، باغبانی ،فوٹوگرافی اور ایسے دیگر فنی اور تکنیکی مضامین کو ترقی اور فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ |
| 73 | پاکستان میں موجود دور قدیم کی تہذیبوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1)وادی سندھ کی تہذیب۔(2)گندھارا تہذیب۔ |
| 74 | کوئی سے مشہور سرائیکی شعراء کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1)خواجہ غلام فرید۔(2)شاکر شجاع آبادی۔(3)احمد خان طارق۔(4)اقبال سوکڑی۔(5)عزیز شاہد۔ |
| 75 | آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑے اور چھوٹے صوبوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ پنجاب اور کم آبادی والا صوبہ بلوچستان ہے۔ |
| 76 | پاکستان کے تعلیمی ڈھانچے کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | پاکستان میں تعلیمی ڈھانچے کو تین مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے۔(1) ابتدائی پرائمری اور ایلیمنٹری تعلیم۔(2) ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم۔(3) یونیورسٹی کی تعلیم۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 77 | ابتدائی پرائمری اور ایلیمنٹری تعلیم سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | جماعت اول سے پہلے کی تعلیم کو **"ابتدائے بچپن کی تعلیم اور نگہداشت"** کہا جاتا ہے۔ جماعت اول سے پنجم تک کی تعلیم کو **"پرائمری تعلیم"** کہتے ہیں۔ جبکہ چھٹی سے آٹھویں جماعت تک کی تعلیم کو **"ایلیمنٹری تعلیم"** کہتے ہیں۔ |
| 78 | ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | جماعت نہم اور دہم کی تعلیم کو **"ثانوی تعلیم"** کہتے ہیں۔ جبکہ گیارھویں اور بارھویں جماعت کی تعلیم کو **"اعلیٰ ثانوی تعلیم"** کہتے ہیں۔ |
| 79 | یونیورسٹی سطح کی تعلیم سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | یونیورسٹی کی تعلیم بی۔ایس، ایم۔ایس، ایم۔فل اور پی۔ایچ۔ڈی پر مشتمل ہوتی ہے۔ |
| 80 | صحت کے شعبے کو درپیش چند مسائل تحریر کریں۔ |
| ج | (1) طبی سہولیات کا فقدان۔ (2) کثرت امراض۔ (3) غیر متوازن غذا۔ (4) افراط آبادی۔ (5) صحت کے بجٹ میں کمی۔ |
| 81 | اقلیت سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | کسی معاشرے میں موجود ایسا گروہ جو اپنے مذہبی، سماجی اور معاشرتی نظریات اور طرز زندگی کی رو سے اکثریت کی نسبت کم تعداد میں ہو اقلیت کہلاتا ہے۔ |
| 82 | غیر مسلم اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے چند مسلح افواج کے افسران کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) میجر جنرل جولیئن پیٹر۔ (2) میجر جنرل نوئیل کھوکھر۔ (3) ایئر کموڈور بلونت کمار داس۔ (4) ہرچرن سنگھ۔ (5) بریگیڈیئر ہارون۔ |
| 83 | پاکستان کا نام روشن کرنے والے چند اقلیتی کھلاڑیوں کے نام تحریر کریں۔ |
| ج | (1) انیل دلپت۔ (2) بہرام ڈی آواری۔ (3) مائیکل مسیح۔ (4) دنیش کنیریا۔ (4) انتھنی ڈیسوزا۔ |
| 84 | غیر مسلم اقلیت سے تعلق رکھنے والے سپریم کورٹ کے چند ججوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) چیف جسٹس اے آر کارنیلیئس۔ (2) جسٹس بدیع الزمان کیکاؤس۔ (3) جسٹس رانا بھگوان داس۔ (4) جسٹس دراب پٹیل۔ |
| 85 | چند سیاسی شخصیات کے نام لکھیں جن کا تعلق اقلیتی برادری سے ہے۔ |
| ج | (1) کامران مائیکل۔ (2) شہباز بھٹی۔ (3) ڈاکٹر رمیش کمار۔ (4) کرشنا کماری۔ (5) سردار رمیش سنگھ۔ |
| 86 | ڈاکٹر روتھ فاؤ کی خدمات تحریر کریں۔ |
| ج | صحت کے شعبے میں ڈاکٹر روتھ فاؤ نے برص اور جزام کے خاتمے کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔ ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے حکومت پاکستان نے ان کی تدفین سرکاری اعزاز کے ساتھ کی۔ |
| 87 | تمام آسمانی ادیان نے انسانی اقدار کو زندہ رکھنے کا کیا درس دیا ہے؟ |
| ج | تمام آسمانی ادیان نے انسانی معاشرے سے دہشت گردی، شدت پسندی اور تعصب کے خاتمے کا درس دیا ہے۔ |
| 88 | سیاحت کو فروغ دینے کے لیے چند حکومتی اقدامات لکھیں۔ |
| ج | (1) بین الاقوامی سیاحوں کے لیے ویزا پالیسی میں تبدیلی کی گئی۔ (2) کئی ممالک کے ساتھ باہمی سیاحت کی یادداشتوں پر دستخط۔ (3) قومی اور صوبائی حکومتوں کا نئے سیاحتی مقامات کو فروغ دینے کے لیے مؤثر اقدامات کرنا۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 89 | **براہوی زبان کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | براہوی زبان قدیم دراوڑی قوم کی زبان سے ملتی جلتی ہے۔ براہوی زبان صوبہ بلوچستان میں کوئٹہ، قلات اور خضدار کے علاقوں میں بولی جاتی ہے۔ براہوی لوک ادب میں "**لیلیٰ مور**" کی صنف بہت مشہور ہے۔ معیاری ادب میں مشہور شاعر ملک داداور ان کی "**تصنیف تحفۃ العجائب**" خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ انگریز دور حکومت میں قرآن مجید کا ترجمہ براہوی زبان میں ہوا۔ |
| 90 | **گوجری زبان سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | یہ زبان برصغیر کی قدیم زبانوں میں سے ہے۔ اس دور میں سرکاری سرپرستی میں ادیبوں اور شاعروں نے گوجری ادب تخلیق کیا۔ اس دور کے شعراء میں سید نور الدین ست گرو، حضرت امیر خسرو، شاہ میراجی، برہان الدین جانم اور امین گجراتی کے نام شامل ہیں۔ |
| 91 | **پہاڑی یا ہندکو زبان کہاں بولی جاتی ہے؟** |
| ج | یہ زبان پاکستان میں صوبہ خیبر پختونخوا کے اضلاع ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور، پشاور اور کوہاٹ جبکہ پنجاب میں اٹک اور پوٹھوار کے علاقوں میں بولی جاتی ہے۔ |
| 92 | **پاکستان کے درج ذیل تاریخی مقامات کن علاقوں میں واقع ہیں؟** |
| ج | (1) **کنہٹی باغ**:۔ وادی سون سکیسر ضلع خوشاب، پنجاب۔ (2) **دراوڑ قلعہ**:۔ بہاول پور۔ (3) **التیت قلعہ**:۔ گلگت بلتستان۔ (4) **رانی کوٹ قلعہ**:۔ ضلع جام شورو، سندھ۔ (5) **قلعہ شاردہ**:۔ وادی نیلم، آزاد کشمیر۔ (6) **تخت بھائی**:۔ ضلع مردان، خیبر پختونخوا۔ (7) **بھمبور**:۔ ضلع ٹھٹھہ، سندھ۔ (8) **فورٹ منرو**:۔ ضلع ڈیرہ غازی خاں۔ (9) **ہنگول نیشنل پارک**:۔ مکران بلوچستان۔ (10) **شگر قلعہ**:۔ شگر بلتستان۔ |
| 93 | **اقلیتوں کے حقوق تحریر کریں۔** |
| ج | حکومت پاکستان نے اقلیتوں کو ہر طرح کی ضروری مراعات اور سہولیات سے نوازا ہے۔ وہ یہاں پر اپنی جان، مال اور عزت و آبرو کو محفوظ تصور کرتے ہیں۔<br>اقلیتوں نے بھی ہمیشہ ذمہ دار شہری اور محب وطن ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ قائد اعظم نے بھی غیر مسلموں کو پاکستان میں مکمل آزادی اور تحفظ کی ضمانت دی تھی۔<br>اقلیت برادری میں ہندو، سکھ، مسیح اور پارسی شامل ہیں۔ |
| 94 | **محکمہ صحت کا سربراہ اور منتظم اعلیٰ کون ہوتا ہے؟ صوبائی اور ضلعی سطح پر محکمہ صحت کا انتظامی افسر کون ہوتا ہے؟** |
| ج | محکمہ صحت کا سربراہ وزیر صحت ہے۔ جبکہ سیکرٹری بطور منتظم اعلیٰ کام کرتا ہے۔ گاؤں کی سطح پر لیڈی ہیلتھ وزیٹرز فرائض سرانجام دے رہی ہیں۔ ضلع کی سطح پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی قائم ہے جس کا انتظامی افسر چیف ایگزیکٹو آفیسر کہلاتا ہے۔ |
| 95 | **سائنس کے شعبہ میں کارہائے نمایاں سرانجام دینے والے چند اقلیتی افراد کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) ڈاکٹر عبد السلام۔ (2) بشپ انتھنی لوبو۔ (3) روشن خورشید بھروچہ۔ (4) پروفیسر کنہیا لال |

## سبق نمبر 7۔ پاکستان کی معاشی ترقی

| | |
|---|---|
| 1 | **معاشی ترقی کی تعریف کریں۔** |
| ج | گراہم بینک کے الفاظ میں "معاشی ترقی معیشت کی پیداواری صلاحیت میں ایسے لگاتار عمل کا نام ہے جس کے نتیجے میں قومی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔" |
| 2 | **پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی وجہ کیا ہے؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی کمی کی وجوہات میں ٹیکس کا ناقص نظام، مالیاتی خسارے میں اضافہ، توانائی کا بحران، حکومتوں کا عدم استحکام، غیر مستحکم معاشی پالیسیاں اور اندرون ملک دہشتگردی شامل ہیں۔ |
| 3 | **افرادی قوت سے کیا مراد ہے؟ اس میں کون سے لوگ شامل ہیں؟** |
| ج | افرادی قوت یا ورک فورس سے مراد 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے وہ افراد ہیں جو کمانے کے اہل ہوں۔ ان میں برسر روزگار اور بے روزگار دونوں طرح کے افراد شامل ہیں۔ |
| 4 | **دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | وہ صنعت جو ملکی ضروریات کے مطابق اسلحہ، گولا بارود اور دیگر دفاعی سامان تیار کرتی ہے دفاعی صنعت کہلاتی ہے۔ |
| 5 | **پاکستان کی پانچ رابطہ انہار کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) چشمہ جہلم رابطہ نہر۔ (2) رسول قادر آباد رابطہ نہر۔ (3) قادر آباد بلوکی رابطہ نہر۔ (4) بلوکی سلیمانکی رابطہ نہر۔ (5) تونسہ پنجند رابطہ نہر۔ |
| 6 | **خام قومی پیداوار (یعنی جی۔ڈی۔پی) سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | خام قومی پیداوار کسی معیشت میں، کسی مخصوص عرصے کے دوران پیدا کی جانے والی اشیاء اور خدمات کے مجموعے کو کہتے ہیں۔ |
| 7 | **سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان میں کون سے ڈیمز بنائے گئے؟** |
| ج | (1) منگلا ڈیم دریائے جہلم پر۔ (2) تربیلا ڈیم دریائے سندھ پر۔ |
| 8 | **کرومائیٹ کے بڑے ذخائر پاکستان میں کہاں پائے جاتے ہیں؟** |
| ج | پاکستان میں اس کے ذخائر بلوچستان کے علاقے مسلم باغ، لسبیلہ اور چاغی جب کہ خیبر پختونخواہ کے علاقے مالاکنڈ اور مہمند ایجنسی میں پائے جاتے ہیں۔ |
| 9 | **خوردنی نمک کا استعمال بیان کریں۔** |
| ج | خوردنی نمک کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ سوڈا ایش، کاسٹک سوڈا، سوڈیم بائی کاربونیٹ، ٹیکسٹائل مل اور چمڑے وغیرہ کی صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے۔ |
| 10 | **میرانی ڈیم سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | میرانی ڈیم بلوچستان کے ضلع کیچ میں تربت سے 43 کلو میٹر دور ہے۔ یہ ڈیم دریائے دشت پر میرانی گورم کے مقام پر بنایا گیا ہے۔ |
| 11 | **تجارتی خسارے سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | اگر کسی ملک کی برآمدات کم اور درآمدات زیادہ ہوں تو وہ ملک تجارتی خسارے کا شکار ہو جاتا ہے۔ |
| 12 | **زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے حکومت کی طرف سے کیے گئے چند اقدامات تحریر کریں۔** |
| ج | (1) ٹریکٹر کی خریداری کے لیے قرضہ سکیم کا اجراء۔ (2) زرعی مالکان کو رعایتی قیمت پر لیزر لینڈ لیولنگ ٹیکنالوجی کی فراہمی۔ (3) کم قیمت پر کھاد کی فراہمی۔ |
| 13 | **سیلابی نہروں کے فوائد لکھیں۔** |
| ج | سیلابی نہروں کی وجہ سے دریاؤں میں پانی کی سطح ایک خاص حد سے نہیں بڑھتی۔ دریاؤں میں طغیانی نہیں آتی۔ یہ نہریں بیراجوں کو نقصان سے بچاتی ہیں۔ |
| 14 | **کاریز کا استعمال بیان کریں۔ / کاریز سے کیا مراد ہے اور یہ نظام کہاں پایا جاتا ہے؟** |
| ج | یہ نظام صوبہ بلوچستان میں پایا جاتا ہے۔ مخصوص جغرافیائی صورت حال اور نہری پانی کی شدید کمی کی وجہ سے پانی کو زیر زمین نالوں کے ذریعے سے کھیتوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ ان نالوں کو کاریز کہتے ہیں۔ یہ نالے زیادہ تر پشین اور کوئٹہ کے اضلاع میں بنائے گئے ہیں۔ |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 15 | وارسک ڈیم کہاں ہے اور کس دریا پر بنایا گیا ہے؟ |
| ج | وارسک ڈیم پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخواہ میں پشاور کے نزدیک دریائے کابل پر بنایا گیا ہے۔ |
| 16 | گھریلو صنعت سے کیا مراد ہے؟ اس کی چند مثالیں لکھیں۔ |
| ج | گھریلو صنعت سے مراد ایک ایسی صنعت ہے جو گھر ہی پر افراد خانہ بہت کم سرمایہ لگا کر باہمی تعاون اور اشتراک سے چلا رہے ہوں اور اس میں صرف انسانی محنت کا عمل دخل ہو۔ مثلاً گھروں میں کپڑوں کی سلائی، کھیس اور دریاں بنانا، مرغ بانی اور قالین بافی وغیرہ۔ |
| 17 | پاکستان میں آئل اینڈ گیس کی تلاش کے لیے کون سا ادارہ بنایا گیا ہے؟/آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (OGDCL) کا ادارہ کیوں اور کب بنا؟ |
| ج | پاکستان میں تیل اور گیس کی تلاش کے لیے 1961 میں آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (OGDCL) کا ادارہ قائم کیا گیا۔ |
| | **اضافی سوالات** |
| 18 | چند دفاعی صنعتوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) ہیوی کیمیکل کمپلیکس ٹیکسلا۔ (2) پاکستان آرڈیننس فیکٹری واہ کینٹ۔ (3) ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا۔ |
| 19 | کارکردگی کے لحاظ سے نہروں کی کتنی قسمیں ہیں؟ نام لکھیں۔ |
| ج | (1) دوامی نہریں۔ (2) غیر دوامی نہریں۔ (3) سیلابی نہریں۔ |
| 20 | دوامی نہروں سے کیا مراد ہے؟ چند دوامی نہروں کے نام لکھیں۔ |
| ج | ایسی نہریں جو سارا سال بہتی ہیں دوامی نہریں کہلاتی ہیں مثلاً اپر چناب، لوئر چناب، اپر جہلم، لوئر جہلم، لوئر باری دوآب اور نہر پاکپتن وغیرہ۔ |
| 21 | غیر دوامی نہروں سے کیا مراد ہے؟ چند غیر دوامی نہروں کے نام لکھیں۔ |
| ج | ایسی نہریں جو صرف موسم برسات یا موسم گرما میں بہتی ہیں غیر دوامی نہریں کہلاتی ہیں۔ ان کو ششماہی نہریں بھی کہا جاتا ہے۔ مثلاً دریائے ستلج پر واقع اسلام بیراج سے نکلنے والی بہاول اور قائم پور نہریں، کوٹری بیراج کی چند انہار اور گدو بیراج کی سب نہریں۔ |
| 22 | سیلابی نہریں کون سی ہوتی ہیں؟ |
| ج | جب دریاؤں میں پانی کی سطح بلند ہو جائے یا دریاؤں میں شدید طغیانی کے وقت بیراجوں کو نقصان سے بچانے کے لیے جن نہروں میں پانی چھوڑا جاتا ہے ان کو سیلابی نہریں کہتے ہیں۔ دریائے سندھ اور چناب سے نکلنے والی بہت سی نہروں کا تعلق اسی قسم سے ہے۔ |
| 23 | دریائے سندھ پر واقع چند بیراجوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) جناح بیراج۔ (2) چشمہ بیراج۔ (3) تونسہ بیراج۔ (4) سکھر بیراج۔ (5) رسول بیراج۔ |
| 24 | دریائے ستلج پر واقع بیراجوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) سلیمانکی بیراج۔ (2) اسلام بیراج۔ |
| 25 | دریائے راوی پر واقع بیراجوں کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) بلوکی بیراج۔ (2) سدھنائی بیراج۔ |
| 26 | دریائے چناب پر واقع بیراجوں کے نام لکھیں۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | (1)مرالہ بیراج۔(2)خانکی بیراج۔(3)قادر آباد بیراج۔ |
| 27 | **خیبر پختونخواہ میں واقع چند ڈیمز کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)وارسک ڈیم۔(2)خان پور ڈیم۔(3)تانڈا ڈیم۔(4)چشنوز ڈیم۔ |
| 28 | **بلوچستان میں واقع چند ڈیمز کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)حب ڈیم۔(2)میرانی ڈیم۔ |
| 29 | **معدنیات سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | معدنیات سے مراد زیر زمین موجود دھاتی اور غیر دھاتی اشیا ہیں۔ |
| 30 | **معدنیات کی کتنی اقسام ہیں؟** |
| ج | معدنیات کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔(1)دھاتی معدنیات۔(2) غیر دھاتی معدنیات۔ |
| 31 | **دھاتی معدنیات میں کون سی معدنیات شامل ہیں؟** |
| ج | ان میں خام لوہا، تانبا اور سونا، کرومائیٹ، باکسائیٹ اور مینگا نیز شامل ہیں۔ |
| 32 | **غیر دھاتی معدنیات میں کون کون سی معدنیات شامل ہیں؟** |
| ج | ان میں کوئلہ، جپسم، خوردنی نمک، سنگ مرمر، چونے کا پتھر، گندھک، اور چینی مٹی شامل ہیں۔ |
| 33 | **گندھک کے تین استعمالات لکھیں۔** |
| ج | (1)رنگ و روغن میں استعمال ہوتا ہے (2) کیمیائی کھاد میں استعمال ہوتا ہے(3) زراعت کے شعبے میں استعمال ہوتا ہے(4)دھماکہ خیز مواد کی تیاری میں استعمال۔ |
| 34 | **جپسم پر نوٹ لکھیں۔/اس کے استعمالات لکھیں۔** |
| ج | (1)رنگ و روغن میں استعمال ہوتا ہے (2) کیمیائی کھاد میں استعمال ہوتا ہے(3) زراعت کے شعبے میں استعمال ہوتا ہے(4)سیمنٹ اور کاغذ کی صنعت میں استعمال۔ |
| 35 | **گوادر کا علاقہ پاکستان نے کب اور کس سے خریدا؟** |
| ج | گوادر بندرگاہ کا علاقہ پاکستان نے اومان سے 1958 میں تین لاکھ ڈالر کے عوض خریدا تھا۔ |
| 36 | **منصوبہ بندی کمیشن اور ترقیاتی بورڈ کا قیام کب اور کیوں عمل میں لایا گیا؟** |
| ج | حکومت نے معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے اور درپیش رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے 1952 میں منصوبہ بندی اور ترقیاتی بورڈ اور 1953 میں منصوبہ بندی کمیشن قائم کیا۔ |
| 37 | **حکومت نے معاشی ترقی تیز کرنے کے لیے 1952 اور 1953 میں کون سے دو ادارے قائم کیے؟** |
| ج | (1)1952 میں پلاننگ اور ڈویلپمنٹ بورڈ بنایا گیا۔ (2) 1953 میں منصوبہ بندی کمیشن بنایا گیا۔ |
| 38 | **خشک گودی سے کیا مراد ہے۔؟** |
| ج | بڑے شہروں میں وہ جگہ جہاں سے سامان براہ راست سمندری جہازوں کے لیے محفوظ کرایا جائے، خشک گودی کہلاتی ہے۔ |
| 39 | **پاکستان کے چند شہروں کے کے نام جہاں خشک گودیاں ہیں؟** |
| ج | (1)کراچی۔(2)لاہور۔(3)ملتان۔(4)پشاور۔(5)کوئٹہ۔(6)سیالکوٹ۔(7) فیصل آباد۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| 40 | پاکستان کی خشک گودیوں کے فائدے تحریر کریں۔ |
| ج | (1)روزگار میں اضافہ۔ (2)بندرگاہوں پر بوجھ میں کمی۔ (3) تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ۔(4)سامان کی ترسیل اور نقل وحمل میں آسانی۔ |
| 41 | پاکستان میں معدنی وسائل کی ترقی کے لیے 1975 میں کس کارپوریشن کا قیام عمل میں آیا؟ |
| ج | پاکستان میں معدنی وسائل کی ترقی کے لیے 1975 میں معدنی ترقیاتی کارپوریشن کا قیام عمل میں آیا۔ |
| 42 | چھوٹی صنعت سے کیا مراد ہے؟ چھوٹی صنعت کی مثالیں دیں۔ |
| ج | چھوٹی صنعت سے مراد ایسی صنعت ہے جس کے لیے کوئی بھاری مشینری درکار نہ ہو۔ چھوٹی صنعت میں مرغی خانہ، ڈیری فارمنگ، مچھلی پالنا، کھیلوں کا سامان تیار کرنا اور آٹے کی مشینیں وغیرہ شامل ہیں۔ |
| 43 | چھوٹی صنعت کے تین مسائل لکھیں۔ |
| ج | (1)بڑی صنعتوں سے مقابلہ اور منڈیوں تک رسائی میں مشکلات۔ (2)مارکیٹ کی طلب کے مطابق اشیاء میں جدت کا نہ ہونا۔ (3)لوگوں کا ناخواندہ ہونا۔ |
| 44 | برآمدات اور درآمدات سے کیا مراد ہے؟ |
| ج | برآمدات : وہ اشیا جو دوسرے ممالک کو فروخت کرکے زرمبادلہ کمایا جاتا ہے برآمدات کہلاتی ہیں۔<br>درآمدات : وہ اشیا جو دوسرے ممالک سے خریدی جاتی ہیں درآمدات کہلاتی ہیں۔45 |
| 45 | پاکستان کی اہم درآمدات لکھیں۔ |
| ج | (1) لوہا اور فولاد (2) مشینری (3) کیمیائی کھادیں (4) پٹرولیم اور پٹرولیم کی مصنوعات ۔(5) چائے اور کھانے کا تیل۔ |
| 46 | پاکستان کی اہم برآمدات لکھیں۔ |
| ج | (1) ٹیکسٹائل کی مصنوعات۔(2) چاول۔ (3) کھیلوں کا سامان۔ (4) سیمنٹ ۔(5) چمڑا اور اسکا سامان۔ |
| 47 | پاکستان کی برآمدات کا بڑا حصہ کن ممالک کو جاتا ہے؟ |
| ج | پاکستان کی برآمدات کا بڑا حصہ پانچ ممالک کو جاتا ہے۔ جن میں امریکہ، متحدہ عرب امارات، جرمنی، برطانیہ اور ہانگ کانگ شامل ہیں۔ |
| 48 | پاکستان کھیلوں کا سامان کن ممالک کو برآمد کرتا ہے؟ |
| ج | پاکستان کھیلوں کا سامان امریکہ، متحدہ عرب امارات، جرمنی، برطانیہ اور ہانگ کانگ کو برآمد کرتا ہے۔ |
| 49 | پاکستان کے زرعی شعبہ کو درپیش چند اہم مسائل بیان کریں۔ |
| ج | (1)پانی کی کمی اور ناقص نظام آبپاشی۔(2) سیم وتھور کا مسئلہ۔(3) کھیتوں کا ناہموار ہونا۔(4) عالمی منڈیوں تک کم رسائی۔(5)کاشتکاروں کا ناخواندہ ہونا۔ |
| 50 | آبپاشی کے چند ذرائع کے نام لکھیں۔ |
| ج | (1) نہریں۔(2) بارش۔(3) چشمے۔(4) ٹیوب ویل۔(5) کاریز۔ |
| 51 | پاکستان میں قدرتی گیس کب اور کہاں دریافت ہوئی؟ |
| ج | پاکستان میں قدرتی گیس بلوچستان میں سوئی کے مقام پر 1952 میں دریافت ہوئی ہے۔ |
| 52 | پاکستان کے اہم بندرگاہوں کے نام لکھیں۔ |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | (1) کراچی بندرگاہ۔(2) بن قاسم بندرگاہ۔(3) گوادر بندرگاہ۔ |
| 53 | **پاکستان کی سب سے پرانی بندرگاہ کون سی ہے اور یہ کب اور کس نے بنائی؟** |
| ج | "کراچی بندرگاہ" پاکستان کی سب سے پرانی بندرگاہ ہے۔اس کی بنیاد 1852 میں کراچی میونسپلٹی نے رکھی۔ |
| 54 | **تجارت کے توازن سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | کسی ملک کی برآمدات اور درآمدات کی مالیت میں مقررہ وقت کے دوران فرق کو تجارتی توازن کہتے ہیں۔ |
| 55 | **سنگ مرمر پر دو لائنیں لکھیں۔** |
| ج | سنگ مرمر عمارتوں کی تزئین و آرائش کے لیے استعمال ہوتا ہے۔اس کے زیادہ تر ذخائر صوابی، سوات، چاغی اور آزاد کشمیر کے اضلاع میرپور اور مظفر آباد میں پایا جاتا ہے۔ |
| 56 | **چینی مٹی کے چار استعمالات تحریر کریں۔** |
| ج | (1) چینی مٹی صنعت میں استعمال ہوتی ہے۔(2) برتن بنانے کے کام آتی ہے۔(3) فولاد پگھلانے والی بھٹیوں میں استعمال ہوتی ہے۔(4) تیل صاف کرنے اور سٹیل کے کارخانوں میں استعمال ہوتی ہے۔ |
| 57 | **کولمبو پلان سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | پاکستان میں جون 1953 تک زیادہ تر ترقیاتی کام ایک چھ سالہ منصوبے کے تحت انجام دیے گئے جس کو کلمبو پلان کہتے ہیں۔ |
| 58 | **کولمبو پلان سے کس طرح پاکستان کے صنعتی شعبے کو بہتر بنایا گیا؟** |
| ج | کولمبو پلان کے تحت ملک میں انفراسٹرکچر کی تعمیر پر خصوصی توجہ دی گئی تاکہ صنعتوں کے قیام کے لیے حالات کو مناسب اور سازگار بنایا جاسکے۔ |
| 59 | **بلوچستان کے اہم دریاؤں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) دریائے گول۔ (2) دریائے دشت۔(3) دریائے ژوب۔(4) دریائے حب۔ (5) دریائے کیچ۔(6) دریائے ہنگول۔ |
| 60 | **خیبر پختون خواہ کے چند اہم دریاؤں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) دریائے سوات۔(2) دریائے چترال۔(3) دریائے کابل۔(4) دریائے کرم۔(5) دریائے ٹوچی۔(6) دریائے کنہار۔(7) دریائے پنجکوڑہ |
| 61 | **گلگت بلتستان کے چند دریاؤں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) دریائے ہنزہ۔(2) دریائے شیوک۔(3) دریائے شگر۔(4) دریائے گلگت۔(5) دریائے استور۔ |
| 62 | **سندھ طاس معاہدہ کیا ہے؟ سندھ طاس معاہدہ کب اور کن ممالک کے درمیان ہوا؟** |
| ج | 1960 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان نہری پانی کی تقسیم پر ہونے والا معاہدہ سندھ طاس معاہدہ کہلاتا ہے۔ |
| 63 | **سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان اور بھارت کے حصے میں کون سے دریا آئے؟** |
| ج | سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے حصے میں دریائے سندھ، جہلم اور چناب آئے جبکہ بھارت کے حصے میں دریائے راوی، ستلج اور بیاس آئے۔ |
| 64 | **صوبہ پنجاب کے چاول پیدا کرنے والے علاقوں کے نام لکھیں۔** |
| ج | صوبہ پنجاب میں چاول پنجاب کے اضلاع گوجرانوالہ، حافظ آباد، شیخوپورہ، سیالکوٹ اوکاڑہ لاہور اور قصور میں کاشت کیا جاتا ہے۔ |
| 65 | **صوبہ پنجاب کے کن علاقوں سے کوئلہ حاصل ہوتا ہے؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | صوبہ پنجاب میں کوئلہ کوہستان نمک کے علاقے ڈنڈوت، پڈھ اور مکڑوال کی کانوں سے حاصل ہوتا ہے۔ |
| 66 | **دریائے ستلج پر قائم اسلام بیراج سے نکلنے والی دو نہروں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) بہاول کینال ۔(2) قائم پور کینال۔ |
| 67 | **دریائے راوی کی کوئی سی دو انہار کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) لوئر باری دوآب۔ (2) سلیمانکی بلوکی۔(3) سدھنائی کینال |
| 68 | **ٹیکسٹائل کا شعبہ کس طرح پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے؟** |
| ج | ٹیکسٹائل ہماری سب سے بڑی صنعت ہے۔ ٹیکسٹائل کا شعبہ مینوفیکچرنگ کے حصے کا 46 فیصد فراہم کرنے کے علاوہ 38 فیصد افرادی قوت کو روزگار بھی فراہم کرتا ہے۔ |
| 69 | **مینگانیز کے استعمالات تحریر کریں یا مینگانیز کی اہمیت بیان کریں۔ اور اس کے ذخائر کہاں پائے جاتے ہیں؟** |
| ج | یہ دھات بیٹری سازی، بلب بنانے، رنگ سازی اور سٹیل انڈسٹری میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کے ذخائر لسبیلہ اور ضلع چاغی میں پائے جاتے ہیں۔ |
| 70 | **بلوچستان کے چار مقامات کے نام لکھیے جہاں کوئلے کی کانیں ہیں۔** |
| ج | (1) خوست۔(2) شارگ۔(3) ڈیگاری۔(4) شیر آب۔(5) مچھ بولان۔ |
| 71 | **کوئی سے پانچ ڈیموں کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1) تربیلا ڈیم دریائے سندھ پر۔(2) منگلا ڈیم دریائے جہلم پر۔(3) وارسک ڈیم دریائے کابل پر۔(4) حب ڈیم دریائے حب پر۔(5) خان پور ڈیم دریائے ہرو پر۔ |
| 72 | **سمال انڈسٹریز کارپوریشن سے کیا مراد ہے؟ اور اسکا مقصد کیا ہے؟** |
| ج | چھوٹی صنعت کے مسائل حل کرنے کے لیے سمال انڈسٹریز کارپوریشن قائم ہے جس کا مقصد چھوٹی اور گھریلو صنعتوں کے قرضہ جات اور دیگر مسائل کو حل کرنے میں در پیش رکاوٹوں کو دور کرنا ہے۔ |
| 73 | **تجارتی خسارہ کم کرنے کے کوئی سے چند اقدامات لکھیں۔** |
| ج | (1) برآمدات میں اضافہ کرنا اور خام مال کی بجائے اشیاء تیار کر کے باہر بھیجنا۔(2) درآمدات میں کمی اور روپے کی قدر کو مستحکم رکھنا۔(3) توانائی کی کم قیمت پر اور مسلسل فراہمی۔(4) اشیاء کی کوالٹی، پیکنگ، گریڈنگ اور ترسیل کو بہتر بنانا۔ |
| 74 | **صوبہ پنجاب میں زرعی تحقیق کے لیے کون سا بڑا ادارہ قائم کیا گیا اور اس کا پس منظر کیا ہے؟** |
| ج | 1906 میں صوبہ پنجاب کے شہر لائل پور (موجودہ فیصل آباد) میں "پنجاب زرعی کالج اور ادارہ تحقیق" قائم کیا گیا جس کو 1961 میں اپ گریڈ کر کے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد بنا دیا گیا۔ |
| 75 | **مشرقی دریاؤں میں پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے کیا اقدامات کیے گئے؟** |
| ج | (1) دریائے جہلم پر منگلا ڈیم اور دریائے سندھ پر تربیلہ ڈیم تعمیر کیا گیا۔(2) پرانے بیراجوں کی اصلاح اور نئے بیراجوں کی تعمیر کرنا۔ (3) دریاؤں کو آپس میں جوڑنے کے لیے رابطہ انہار کی تعمیر۔ |
| 76 | **مویشی پالنے کے کیا فائدے ہیں؟ / لائیو سٹاک سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | لائیو سٹاک ہماری زراعت کا ایک ایسا شعبہ ہے جو ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ وہ شعبہ ہے جو کاشتکار، غیر کاشتکار، زمیندار اور بے زمیندار کا مشکل وقت میں سہارا بنتا ہے۔ یہ شعبہ دیہات میں زیادہ مقبول ہے اور لوگوں کی آمدنی کا اہم ذریعہ ہے۔ |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| حب ڈیم کہاں واقع ہے؟ | 77 |
| حب ڈیم دریائے حب پر کراچی سے 56 کلو میٹر دور صوبہ سندھ اور بلوچستان کی سرحد پر واقع ہے۔ یہ ایک تفریحی مقام بھی ہے۔ اس ڈیم سے ایک نہر نکالی گئی ہے جو آگے جا کر دو حصوں میں تقسیم ہو جاتی ہے۔ ایک نہر بلوچستان کے ضلع لسبیلہ جبکہ دوسری نہر کراچی کو پانی فراہم کرتی ہے۔ | ج |
| خانپور ڈیم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ | 78 |
| خانپور ڈیم ایک آبی ذخیرہ ہے۔ یہ صوبہ خیبر پختونخواہ میں دریائے ہرو (Haro River) پر خان پور (ضلع ہری پور) میں واقع ہے۔ یہ اسلام آباد سے قریباً 40 کلو میٹر دور ہے۔ اس ڈیم سے راولپنڈی اور اسلام آباد کو پینے کا پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ | ج |
| چونے کے پتھر کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟ | 79 |
| صوبہ پنجاب میں اس کے ذخائر کوہستان نمک، سطح مرتفع پوٹھوار، داؤد خیل، زندہ پیر اور مارگلہ کی پہاڑیاں ہیں۔ صوبہ خیبر پختونخواہ میں یہ کوہاٹ، نوشہرہ اور ڈیرہ اسماعیل خان میں پایا جاتا ہے۔ صوبہ سندھ میں یہ روہڑی جبکہ صوبہ بلوچستان میں یہ ہرنائی کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے۔ | ج |
| سٹیل مل کے لیے بن قاسم بندرگاہ کی کیا اہمیت ہے؟ | 80 |
| یہ بندرگاہ سٹیل مل کے نزدیک بنائی گئی ہے تاکہ اسٹیل مل کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ بن قاسم بندرگاہ پر خام لوہے اور کوئلے کے لیے خاص ٹرمینل تعمیر کیے گئے ہیں جہاں بیرونی ملک سے آنے والا خام لوہا اور کوئلہ اتارا جاتا ہے۔ | ج |
| کراچی بندرگاہ پاکستان کی معیشت کے لیے کیوں ضروری ہے؟ | 81 |
| کراچی بندرگاہ کا شمار دنیا کی اہم ترین بندرگاہوں میں ہوتا ہے۔ یہ بندرگاہ پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اس بندرگاہ پر مال اتارنے اور لوڈ کرنے کی جدید سہولتیں موجود ہیں اور جدید انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل تعمیر کیے گئے ہیں۔ | ج |
| کوئلے کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ / کوئلے کے چند استعمالات لکھیے۔ | 82 |
| کوئلہ توانائی کا ایک اہم ذریعہ ہے جو حرارت فراہم کرنے کے علاوہ بجلی بنانے کے کام آتا ہے۔ پاکستان میں قریباً 185 بلین ٹن کوئلے کے ذخائر موجود ہیں۔ کوئلے کو تھرمل بجلی پیدا کرنے، گھروں اور بھٹہ خشت پر اینٹیں پکانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ | ج |
| بجلی کا مسئلہ حل کرنے کے لیے چند تجاویز دیں۔ | 83 |
| (1) دفاتر میں ایئر کنڈیشنر پر مخصوص اوقات میں پابندی لگائی جائے۔ (2) بلب اور ٹیوب لائٹس کے استعمال پر پابندی لگا کر LED بلب کی فراہمی یقینی بنانا۔ (3) میڈیا پر "بجلی بچاؤ" مہم چلا کر بجلی کے ضیاع میں کمی لائی جا سکتی ہے۔ (4) کوئلے کے علاوہ ہوا اور سورج سے بجلی پیدا کرنے پر توجہ دی جائے۔ | ج |
| گوادر کی بندرگاہ کی اہمیت تین لائنوں میں لکھیں۔ | 84 |
| گوادر کی بندرگاہ پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے شہر گوادر میں بحیرہ عرب پر واقع ہے۔ یہ بندرگاہ مشرقی اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے لیے سمندری رابطے کا ذریعہ ہے۔ اس بندرگاہ کے ذریعے یوریا کھاد، گندم، کوئلہ، اور دیگر اشیاء کی تجارت شروع ہو گئی ہے۔ چین پاکستان راہداری منصوبوں کی تکمیل کے بعد اس بندرگاہ کو دنیا بھر میں مرکزی حیثیت مل جائے گی جس سے پاکستان کی معیشت میں بھی بہتری آئے گی۔ | ج |
| تریموں بیراج سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ | 85 |
| دریائے چناب اور جہلم دونوں تریموں کے مقام پر آپس میں مل جاتے ہیں۔ یہاں سے تین نہریں رنگ پور، حویلی اور تریموں سدھنائی لنک کینال نکالی گئی ہیں۔ | ج |
| "واخان" کیا ہے؟ / "واخان" کی پٹی کن دو ممالک کو جدا کرتی ہے؟ | 86 |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | پاکستان کے شمال میں افغانستان کے علاقے کی ایک تنگ پٹی کا نام "واخان" ہے جو پاکستان کی شمالی سرحد کو تاجکستان سے جدا کرتی ہے۔ |
| 87 | **پاکستان کی سب سے پرانی بندرگاہ کون سی ہے؟** |
| ج | کراچی بندرگاہ پاکستان کی سب سے پرانی بندرگاہ ہے۔1852 میں کراچی میونسپلٹی نے باقاعدہ اس کی بنیاد رکھی۔ |
| | **سبق نمبر 8۔خواتین کو بااختیار بنانا** |
| 1 | **قرآن پاک کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں۔** |
| ج | قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے، "بیشک میں ضائع کرنے والا نہیں ہوں تم میں سے کسی بھی عمل کرنے والے کے عمل کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت، تم ایک دوسرے (کی جنس) سے ہو"۔ |
| 2 | **حدیث کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں۔/ لڑکیوں کی کفالت کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟** |
| ج | نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا، "جس نے دو لڑکیوں کی کفالت کی تو میں اور وہ جنت میں اس طرح داخل ہوں گے جس طرح میری یہ دو انگلیاں آپس میں قریب ہیں"۔ |
| 3 | **تحریک پاکستان میں شامل چند خواتین کے نام لکھیں۔** |
| ج | (1)فاطمہ جناح۔(2) رعنا لیاقت علی خان۔(3)بیگم سلمہ تصدق حسین۔(4)لیڈی نصرت ہارون۔(5) فاطمہ صغریٰ۔ |
| 4 | **سول سیکریٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا کس نے لہرایا؟/فاطمہ صغریٰ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | فاطمہ صغریٰ تحریک پاکستان کی ایک فعال رکن تھیں۔14 سال کی عمر میں آپ نے سول سیکریٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا لہرایا۔جس کی وجہ سے ان کو حراست میں بھی لیا گیا مگر انہوں نے ہمت نہ ہاری۔ |
| 5 | **لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق پاک فوج کی کس کور سے تھا؟** |
| ج | لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق پاکستان آرمی میڈیکل کور سے تھا۔ |
| 6 | **پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کون ہیں؟** |
| ج | محترمہ مریم نواز پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ ہیں۔ |
| 7 | **ارفع کریم کس شعبے میں مہارت رکھتی تھی؟** |
| ج | ارفع کریم کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں مہارت رکھتی تھی۔ |
| 8 | **خواتین پر تشدد/نسوانی تشدد سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | خواتین پر تشدد وہ عمل ہے جس کی وجہ سے عورت کو جسمانی نفسیاتی یا جنسی نقصان پہنچتا ہے۔ |
| 9 | **پنجاب میں لڑکے اور لڑکی کی شادی کی قانونی عمر کیا ہے؟** |
| ج | پنجاب میں شادی کی قانونی عمر لڑکیوں کے لئے 16 سال جبکہ لڑکوں کے لئے 18 سال ہے۔ |
| 10 | **محترمہ کلثوم نواز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | محترمہ کلثوم نواز ایک بہادر خاتون تھیں جنھوں نے آمریت کے دور 1999 سے 2008 کے دوران جمہوریت کی بحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔ |
| | **اضافی سوالات** |



CS CamScanner

| | |
|---|---|
| 11 | **تشدد کی تعریف کریں۔** |
| ج | عالمی ادارہ صحت کے مطابق تشدد جسمانی قوت یا جبر کا وہ ارادتاً استعمال ہے جس میں زخم، موت، نفسیاتی تکلیف، یا کسی اور چیز سے محرومی ممکن ہو۔ |
| 12 | **دہشت گردی سے کیا مراد ہے؟** |
| ج | سیاسی، مذہبی یا نظریاتی مقاصد کے حصول کے لیے تشدد کا استعمال دہشتگردی کہلاتا ہے۔ |
| 13 | **دور جاہلیت میں عورت کا کیا مقام تھا؟** |
| ج | دور جاہلیت میں لڑکی پیدا ہونے پر اسے دفن کر دیا جاتا تھا۔ لوگ صرف مردوں کو وراثت کا حقدار سمجھتے تھے اور عورتوں کو اس سے محروم رکھا جاتا تھا۔ ہر حوالے سے عورت کے ساتھ ناروا سلوک کیا جاتا تھا۔ |
| 14 | **اقوام متحدہ نے مردوں اور عورتوں کے مساوی حقوق کی بات کب کی؟** |
| ج | اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کے آفاقی منشور 1948 میں مردوں اور عورتوں کے مساوی حقوق کی بات کی۔ |
| 15 | **پنجاب حکومت کا تحفظ نسواں ایکٹ کیا ہے اور کب منظور ہوا؟** |
| ج | پنجاب حکومت نے 24 فروری 2016 کو تحفظ نسواں ایکٹ منظور کیا۔ یہ ان خواتین کو انصاف تحفظ اور امداد فراہم کرتا ہے جو تشدد کا شکار ہوتی ہیں۔ |
| 16 | **پاکستان میں 2023 کی مردم شماری کے مطابق خواتین کی کتنی آبادی ہے؟** |
| ج | 2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی تقریباً نصف آبادی خواتین پر مشتمل ہے۔ |
| 17 | **پاکستان میں خواتین پر تشدد کن طریقوں سے کیا جاتا ہے؟** |
| ج | پاکستان میں عورتوں پر تشدد مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ مثلاً قتل کرنا، تیزاب پھینکنا، چھیڑ چھاڑ کرنا، گھریلو تشدد اور اس کے علاوہ جذباتی اور معاشی تنگی کی صورت میں بھی تشدد کیا جاتا ہے۔ |
| 18 | **اسلام نے خواتین کو زندگی کے کن شعبوں میں ذمہ داریاں سونپی ہیں؟** |
| ج | اسلام نے خواتین کو حکومت، سیاست، قیادت، انتظامات اور مشاورت سمیت زندگی کے تمام شعبوں میں اہم ذمہ داریاں سونپی ہیں۔ |
| 19 | **اسلام کے مطابق عورت کے چند حقوق تحریر کریں۔ / اسلام کی آمد کے بعد عورت کو کیا حقوق حاصل ہوئے؟** |
| ج | اسلام نے عورت کو عزت کا تحفظ، وراثت میں حصہ، حق مہر، خلع کا حق، رائے دہی کا حق، تعلیم و تربیت کا حق اور مشاورت کا حق دیا ہے۔ |
| 20 | **کوہ صفا اور کوہ مروہ کے درمیان دوڑنا کس عبادت کا اہم رکن ہے؟ اور یہ عمل کس کی سنت ہے؟** |
| ج | کوہ صفا اور کوہ مروہ کے درمیان دوڑنا حج کا ایک اہم رکن ہے۔ اور یہ حضرت ہاجرہ کی سنت کی پیروی ہے۔ |
| 21 | **حضرت ہاجرہؑ کوہ صفا اور کوہ مروہ کے درمیان کیوں دوڑی تھی؟** |
| ج | حضرت ہاجرہ اپنے بیٹے حضرت اسماعیل کے لیے خوراک اور پانی کی تلاش میں دوڑیں۔ |
| 22 | **ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کون ہیں؟ ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کا تعلق صوبہ سندھ سے ہے۔ یہ پاکستان کی پہلی خاتون ہیں جو 2008 سے 2013 تک قومی اسمبلی کی سپیکر رہی ہیں۔ |
| 23 | **خواتین پر تشدد کی شکایت آپ کن نمبر پر کر سکتے ہیں؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | خواتین پر تشدد کے خلاف شکایت ہم 1043 پر کرسکتے ہیں۔ |
| 24 | **تحریک پاکستان میں محترمہ فاطمہ جناح کا کیا کردار رہا؟ / محترمہ فاطمہ جناح کون تھیں؟** |
| ج | محترمہ فاطمہ جناح قائداعظم محمد علی جناح کی بہن تھیں۔ تحریک پاکستان میں آپ قدم بہ قدم قائداعظم محمد علی جناح کے ساتھ رہیں۔ آپ نے مسلم خواتین کی بیداری میں اہم کردار ادا کیا۔ آپ آل انڈیا مسلم لیگ کی ایک متحرک ممبر تھیں۔ |
| 25 | **بیگم رعنا لیاقت علی خان کون تھیں؟** |
| ج | بیگم رعنا لیاقت علی خان پاکستان کی پہلی خاتون اول، پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کی بیگم تھیں۔ آپ نے قیام پاکستان کے بعد مہاجرین کی بحالی کے لیے خدمات سرانجام دیں۔ آپ سندھ کی پہلی گورنر تھیں۔ آپ نے عورتوں کی ایک تنظیم اپوا (APWA) یعنی آل پاکستان ویمن ایسوسی ایشن قائم کی۔ آپ ہالینڈ اور اٹلی میں پاکستان کی سفیر بھی رہیں۔ |
| 26 | **بیگم سلمیٰ تصدق حسین کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | بیگم سلمیٰ تصدق حسین نے مسلم لیگ کے شعبہ خواتین کے قیام کے بعد، مسلم خواتین کو مسلم لیگ کا رکن بنانے کی مہم میں بھرپور حصہ لیا۔ آپ پنجاب خواتین مسلم لیگ کی جوائنٹ سیکرٹری رہیں ہیں۔ |
| 27 | **لیڈی نصرت ہارون کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | لیڈی نصرت ہارون نے تحریک خلافت میں بھرپور حصہ لیا۔ 1925 میں انہوں نے کراچی میں "اصلاح الخواتین" کے نام سے ایک انجمن قائم کی۔ جسے کراچی میں مسلمان خواتین کی پہلی انجمن ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ |
| 28 | **لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق پاکستان آرمی میڈیکل کور سے تھا۔ آپ افواج پاکستان میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر فائز ہونے والی پہلی خاتون ہیں۔ آپ نے افواج پاکستان میں 1985 سے 2002 تک خدمات سرانجام دیں۔ آپ کو ہلال امتیاز اور تمغائے امتیاز سے نوازا گیا۔ |
| 29 | **بیگم جہاں آراء شاہنواز کون تھیں؟** |
| ج | بیگم جہاں آراء شاہنواز علامہ اقبال کے گہرے دوست بیرسٹر شاہنواز کی اہلیہ تھیں۔ انہوں نے تینوں گول میز کانفرنسز میں خواتین کی نمائندگی کی۔ 1940 میں لاہور میں مسلم لیگ کے تاریخی اجلاس میں بھی شرکت کی۔ |
| 30 | **بیگم شائستہ اکرام کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |
| ج | بیگم شائستہ اکرام مسلم گرلز فیڈریشن تنظیم کے روح رواں تھیں۔ آپ نے ہندوستان کی طالبات کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ |
| 31 | **وہ کون سی مسلم خاتون تھی جنہوں نے تین گول میز کانفرنسز میں خواتین کی نمائندگی کی؟** |
| ج | بیگم جہاں آراء شاہنواز نے تینوں گول میز کانفرنسز میں خواتین کی نمائندگی کی۔ |
| 32 | **خواتین کن شعبوں میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں؟** |
| ج | خواتین فوج، صحت، تعلیم، کھیل، شوبز اور سیاست میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ |
| 33 | **محترمہ بلقیس ایدھی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟** |



CamScanner

| | |
|---|---|
| ج | محترمہ بلقیس ایدھی سماجی شعبے میں کئی سالوں سے لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لانے میں مصروف عمل ہیں۔ آپ نے ساری زندگی بے سہارا لوگوں کی خدمت میں صرف کر دی۔ حکومت پاکستان نے آپ کو ان خدمات کی وجہ سے تمغائے امتیاز سے نوازا۔ |
| 34 | ثمینہ بیگ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| ج | ثمینہ بیگ پاکستان کی وہ پہلی خاتون ہیں کہ جنہوں نے دنیا کی سب سے بڑی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ اور کے-ٹو سر کی ہے۔ اس کے علاوہ آپ دنیا کے ساتھ براعظموں کی سات بلند ترین چوٹیاں بھی سر کر چکی ہیں۔ |
| 35 | ارفع کریم کا تعارف لکھیں۔ |
| ج | ارفع کریم کا تعلق فیصل آباد سے تھا۔ ارفع کریم نے 9 سال کی عمر میں کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں اعلیٰ قابلیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ حکومت پاکستان نے انھیں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا۔ |
| 36 | تشدد کے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ |
| ج | تشدد کے معاشرے پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ معاشرہ بے چینی اور بدامنی کا شکار ہو جاتا ہے۔ تشدد کی وجہ سے معاشرے میں لوگ عدم تحفظ اور عدم مساوات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ |
| 37 | خواتین پر تشدد کے بارے میں عام تصور کیا ہے؟/ نسوانی تشدد کی چند وجوہات کیا ہیں؟ |
| ج | (1) معاشرے نے اس عمل کو مشترکہ عمل سمجھ کر قبول کر لیا ہے۔ (2) مجرموں کے خلاف سزا پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔ (3) معاشرے میں عدم مساوات کا ہونا۔ (4) خواتین کی اپنے حقوق سے عدم واقفیت۔ |

## 1973 کے آئین میں کی گئیں چند ترامیم

| ترامیم نمبر | سال | دور حکومت | وہ ترمیم کیا تھیں |
|---|---|---|---|
| پہلی ترمیم | 1974 | ذوالفقار علی بھٹو | اس میں چاروں صوبوں کی حدود کے تعین کے علاوہ فاٹا کو پاکستان کا حصہ قرار دیا گیا۔ |
| دوسری ترمیم | 1974 | ذوالفقار علی بھٹو | اس میں کہا گیا کہ نبوت کا جھوٹا دعویدار یا حضرت محمد کو آخری نبی نہ ماننے والا ہرگز مسلمان نہیں ہو سکتا۔ |
| تیسری ترمیم | 1975 | ذوالفقار علی بھٹو | اس ترمیم کے تحت ہر وہ شخص جو پاکستان کی سالمیت کو نقصان پہنچائے ملک دشمن قرار دیا گیا۔ |
| چوتھی ترمیم | 1975 | ذوالفقار علی بھٹو | اس ترمیم کے تحت اقلیتوں کے لئے قومی اسمبلی میں 6 نشستوں کا اضافہ کیا گیا۔ |
| پانچویں ترمیم | 1976 | ذوالفقار علی بھٹو | اس ترمیم میں کہا گیا کہ رکن اسمبلی یا عام انتخابات میں حصہ لینے والا بیک وقت صوبے کا گورنر نہیں ہو سکتا |
| چھٹی ترمیم | 1976 | ذوالفقار علی بھٹو | اس میں سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی مدت ملازمت اور ریٹائرمنٹ کی عمر کا تعین کیا گیا۔ |
| ساتویں ترمیم | 1977 | ذوالفقار علی بھٹو | اس میں وزیر اعظم کو یہ حق دیا گیا کہ وہ ملکی حالات کے پیش نظر کسی معاملے میں ریفرنڈم کے لیے صدر کو مشورہ دے سکتا ہے۔ |
| آٹھویں ترمیم | 1985 | جنرل ضیاء الحق | صدر مملکت کا انتخاب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور چاروں صوبائی اسمبلیوں پر مشتمل انتخابی ادارہ الیکٹورل کالج کرے گا۔ |
| نویں ترمیم | 1985 | جنرل ضیاء الحق | اس ترمیم کے ذریعے آرٹیکل 2 میں چند الفاظ کا اضافہ کیا گیا۔ |



CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| دسویں ترمیم | 1987 | جنرل ضیاء الحق | اس ترمیم میں قومی اسمبلی اور سینٹ کے لیے ورکنگ کے کم از کم 130 دن مقرر کیے گئے۔ |
| گیارھویں ترمیم | 1989 | بے نظیر بھٹو (پہلا دور) | یہ ترمیم قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں خواتین کی نشستوں کے حوالے سے تھی۔ |
| بارھویں ترمیم | 1991 | نواز شریف (پہلا دور) | اس ترمیم کے زریعے سنگین جرائم کے مقدمات کے لیے خصوصی عدالتیں قائم کی گئیں۔ |
| تیرھویں ترمیم | 1997 | نواز شریف (دوسرا دور) | اس ترمیم کے زریعے صدر پاکستان کا قومی اسمبلی تحلیل کرنے کا اختیار ختم ہو گیا۔ |
| چودھویں ترمیم | 1997 | نواز شریف (دوسرا دور) | اس ترمیم میں فلور کراسنگ پر پابندی لگائی گئی۔ |
| پندرھویں ترمیم | 1998 | نواز شریف (دوسرا دور) | اس ترمیم کے تحت وزیر اعظم نے اختیار حاصل کرنے کی کوشش کی۔ یہ ترمیم قومی اسمبلی سے منظور ہوئی لیکن سینٹ میں پیش نہ ہو سکی۔ |
| سولھویں ترمیم | 1999 | نواز شریف (دوسرا دور) | اس ترمیم میں سرکاری ملازمین کی مدت ملازمت کو زیر بحث لایا گیا۔ کوٹہ سسٹم کی میعاد 20 سال تک بڑھا دی گئی۔ |
| سترھویں ترمیم | 2003 | جنرل پرویز مشرف | اس ترمیم میں صدر پاکستان کو قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اختیار واپس مل گیا۔ |
| اٹھارویں ترمیم | 2010 | سید یوسف رضا گیلانی | اس ترمیم کے ذریعے صوبہ سرحد کا نام بدل کر خیبر پختونخوا رکھ دیا گیا۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان کنکرنٹ لسٹ کو ختم کر دیا گیا۔ اعلی عدالتوں کے ججوں کے تقرر کے لیے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اور ایک پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی۔ |
| انیسویں ترمیم | 2010 | سید یوسف رضا گیلانی | اس ترمیم کے ذریعے جوڈیشل کمیشن کے ارکان کی تعداد 7 سے بڑھا کر 9 کر دی گئی۔ |
| بیسویں ترمیم | 2012 | سید یوسف رضا گیلانی | اس ترمیم میں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے 28 ممبران کے ضمنی انتخابات کو قانونی تحفظ فراہم کرنا تھا۔ |
| اکیسویں ترمیم | 2015 | نواز شریف (تیسرا دور) | یہ سانحہ آرمی پبلک سکول کے بعد ہوئی جس کے تحت ملک میں فوجی عدالتیں (ملٹری کورٹس) قائم کی گئیں۔ |
| بائیسویں ترمیم | 2016 | نواز شریف (تیسرا دور) | اس ترمیم کے زریعے چیف الیکشن کمیشن آف پاکستان کی اہلیت اور دائرہ اختیار میں تبدیلی کی گئی۔ |
| تئیسویں ترمیم | 2017 | نواز شریف (تیسرا دور) | اس ترمیم میں ملٹری کورٹس کے دورانیے کو مزید 2 سال کے لیے بڑھا دیا گیا۔ |
| چوبیسویں ترمیم | 2017 | نواز شریف (تیسرا دور) | اس ترمیم میں مردم شماری کے نتائج کی بنیاد پر حلقہ بندیوں کی دوبارہ تشکیل کی گئی۔ |
| پچیسویں ترمیم | 2018 | نواز شریف (تیسرا دور) | اس ترمیم کے ذریعے وفاق کے زیر انتظام علاقے فاٹا کو خیبر پختونخوا میں ضم کر دیا گیا۔ |

## تفصیلی سوالات (مشقی اور اضافی)

## سبق نمبر 1- پاکستان کی نظریاتی اساس

**سوال نمبر 1۔ نظریہ کی اہمیت واضح کریں اور نظریہ پاکستان کا مفہوم بیان کریں۔**

**سوال نمبر 2۔ نظریہ پاکستان کے عناصر کی تشکیل کی تفصیل سے وضاحت کریں۔**

جواب۔ نظریہ پاکستان کے عناصر درج ذیل ہیں۔



CamScanner

**1۔ عقائد۔**

**عقائد سے مراد ہے:۔** عقائد سے مراد توحید، رسالت، آخرت، ملائکہ اور الہامی کتابوں پر ایمان لانا ہے۔ عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔

**عقیدہ توحید سے مراد:۔** توحید سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ساری کائنات کا خالق ومالک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور نہ ہی کوئی چیز اس کے علم سے باہر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے جبکہ انسان کی حیثیت اس کے نائب ہونے کی ہے۔ لہٰذا انسان پر لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پیروی کرے۔

**عقیدہ رسالت سے مراد:۔** عقیدہ رسالت کا مطلب ہے تمام رسولوں پر ایمان لانا، ان کو دل وجان سے تسلیم کرنا اور حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول ماننا۔ لہٰذا جو شخص عقیدہ رسالت کا انکار کرتا ہے وہ مسلمان نہیں ہو سکتا۔

**2۔ عبادات۔**

**نماز۔** اسلام کا دوسرا رکن نماز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں نماز کا سب سے زیادہ حکم دیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔" بے شک نماز کا مومنوں پر مقرر اوقات میں ادا کرنا فرض ہے"۔

**زکوۃ۔** اسلام کا تیسرا رکن زکوۃ ہے۔ زکوۃ ایک مالی عبادت ہے۔ یہ اسلام کے معاشی نظام کی مضبوطی کا ذریعہ ہے۔ زکوۃ کی وجہ سے دولت چند ہاتھوں میں رہنے کی بجائے گردش میں رہتی ہے اور معاشرے کے غریب تک پہنچ جاتی ہے۔

**روزہ۔** اسلام کا چوتھا رکن روزہ ہے۔ روزہ بندے اور خدا کے درمیان قربت کا ذریعہ ہے۔

**حج۔** اسلام کا پانچواں رکن حج ہے۔ یہ ہر صاحب استطاعت پر فرض ہے۔ حج عالمی اتحاد کی ایک عملی مثال ہے۔

**3۔ قانون کی حکمرانی۔** قانون کی حکمرانی اسلامی نظام کی اہم خوبی ہے۔ قانون کا سرچشمہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ قرآن اور اسوہ رسول قانون کی بنیاد ہیں۔ بادشاہ غلام اس قانون کے سامنے برابر ہیں۔ یوں کہا جاسکتا ہے کہ اسلام کے نظام میں جمہوریت کی روح موجود ہے۔

**4۔ اخوت ومساوات۔** اسلامی معاشرے میں اخوت ومساوات کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ مدینہ منورہ میں جب اسلامی ریاست قائم ہوئی تو اخوت ومساوات مثالی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، اس کے ساتھ خیانت نہ کرے اور نہ اس سے جھوٹ بولے"۔

اسلام تو نام ہی مساوات کا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے "لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا۔ تمہاری قومیں اور قبیلے بنائے تا کہ تم ایک دوسرے کو شناخت کرو۔ اور اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے۔

**5۔ عدل وانصاف۔** عدل وانصاف کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا۔ اسلام سے پہلے طاقتور کو سزا نہ دینا جبکہ کمزور کو سزا دینا عام تھا۔ لیکن اسلام کے بعد انصاف کا بول بالا ہوا۔ حضرت محمد نے ارشاد فرمایا کہ جو قوم عدل وانصاف کو تباہ کر دیتی ہے تباہی اور بربادی اس کا مقدر بن جاتا ہے۔

**سوال نمبر 3۔ علامہ اقبال کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کریں۔**

**1۔ علیحدہ ریاست کا تصور۔** علامہ اقبال برصغیر کے ان رہنماؤں میں سے تھے جنہوں نے مسلمانوں کے لئے الگ ریاست کا تصور دیا۔ علامہ اقبال شروع میں ہندو مسلم اتحاد کے حامی تھے۔ لیکن ہندوؤں کی تنگ نظری نے ان کو علیحدہ وطن کے مطالبہ پر مجبور کر دیا۔

**2۔ خطبہ الہ آباد۔** علامہ اقبال نے 1930ء میں خطبہ الہ آباد پیش کیا۔ جس میں انہوں نے مسلمانوں کے لئے الگ ریاست کا مطالبہ کیا تا کہ مسلمان وہاں اپنے مذہب اور ثقافت کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

**3۔ شاعری کا کردار۔** علامہ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے لوگوں کو بیدار کیا اور ان کے اندر الگ مملکت حاصل کرنے کا جذبہ پیدا کیا۔



CamScanner

4۔ علامہ اقبال کا فرمان۔ "اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام بحیثیت تمدنی قوت زندہ رہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ مسلمان ایک مخصوص علاقے میں اپنی مرکزیت قائم کر لیں"

5۔ مسلم ملت کی اساس۔ علامہ اقبال نے فرمایا کہ مسلمان اسلام کی وجہ سے ایک ملت ہیں اور ان کی قوت کا دارومدار بھی اسلام پر ہے۔ اس بات کو علامہ اقبال نے اپنے اشعار میں بیان کیا۔

اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمؐ

سوال نمبر 4۔ قائداعظم کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کریں۔

جواب۔ تاریخ میں کچھ ایسی شخصیات ملتی ہیں جنہوں نے اقوام کی تقدیر بدل کر رکھ دی۔ قائداعظم کا شمار بھی انہی شخصیات میں ہوتا ہے۔ ان کے ارشادات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ وہ نظریہ پاکستان کے زبردست حامی تھے۔

1۔ مسلمان الگ قوم۔ قائداعظم نے قومیت کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے مسلمان اس تعریف کی رو سے الگ قوم ہیں۔ وہ اس بات کا حق رکھتے ہیں کہ اپنی الگ مملکت قائم کریں۔

2۔ قرارداد لاہور۔ مارچ 1940 کو قرارداد لاہور پیش کی گئی جس میں قائداعظم نے خطبہ صدارت دیتے ہوئے فرمایا "ہندو اور مسلمان دو الگ مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں۔ جو بالکل مختلف عقائد پر قائم ہیں اور مختلف نظریات کی عکاسی کرتے ہیں۔ لہٰذا دونوں قوموں کو ایک ہی لڑی میں پرونا برصغیر کی تباہی کے مترادف ہے"۔

3۔ احمد آباد کا خطاب۔ 1940 کو خطاب کرتے ہوئے قائداعظم نے فرمایا "پاکستان صدیوں سے موجود رہا ہے۔ شمال مغرب مسلمانوں کا وطن رہا ہے۔ ان علاقوں میں مسلمانوں کی آزاد ریاستیں قائم ہونی چاہیے تاکہ وہ اسلامی شریعت کے مطابق زندگی گزار سکیں"۔

4۔ طلباء سے خطاب۔ مارچ 1944 میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظم نے فرمایا "ہمارا رہنما اسلام ہے۔ اور یہی ہماری زندگی کا مکمل ضابطہ ہے"۔

5۔ افسران سے خطاب:۔ 11 اکتوبر 1947 کو پاکستان کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظم نے ارشاد فرمایا "ہمارا نصب العین یہ ہے کہ ہم ایک ایسی مملکت تخلیق کریں جہاں ہم آزاد انسانوں کی طرح رہ سکیں۔ جو ہماری تہذیب و تمدن کی روشنی میں پھلے پھولے"۔

6۔ سٹیٹ بینک کے افتتاح کے موقع پر خطاب:۔ قائداعظم نے فرمایا کہ مغرب کے معاشی نظام نے انسانیت کے لیے مسائل پیدا کیے ہیں۔ اور وہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے تصور مساوات پر مبنی ہو۔

سوال نمبر 5۔ برصغیر میں اسلام کی بنیادی اقدار اور سماجی و ثقافتی حوالے سے نظریہ پاکستان کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 6۔ دو قومی نظریہ کی وضاحت کریں۔

1۔ دو قومی نظریہ سے مراد:۔ دو قومی نظریہ سے مراد یہ ہے کہ برصغیر میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد ہیں۔ صدیوں اکٹھا رہنے کے باوجود یہ قومیں اپنی تہذیب و ثقافت اور نظریات میں ایک دوسرے سے الگ ہیں۔

2۔ برصغیر میں دو قومی نظریے کی ابتدا۔ برصغیر میں دو قومی نظریے کی ابتدا 712ء میں محمد بن قاسم کی سندھ کی فتح سے ہوئی۔ 712 میں محمد بن قاسم نے سندھ کے راجہ داہر کو شکست دی۔ محمد بن قاسم کے ساتھ کچھ لوگ تبلیغ کے لیے برصغیر آئے اور مستقل طور پر سندھ اور ملتان میں آباد ہو گئے۔ محمد بن قاسم کے حسن سلوک اور



CamScanner